آسان طبی نسخے
المعروف
طبی خزانہ
مرتبہ
محمد یونس قادری
0302-3359863
جامع مسجد باباحیدر شاہ۔محلہ الہیار۔ٹنڈوآدم۔ضلع سانگھڑ۔سندھ۔پاکستان۔68050

انتساب
اللہ رب العزت کے ان بندوں کے
نام
خدمت خلق
جن کا وطیرہ زندگی ہے۔

فہرست

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ؕ

حرف اول

تمام تعریفیں مالک کائنات کو ہی زیبا ہیں اور لاتعداد درود وسلام کے نذرانے رحمۃ اللعالمین ﷺ کے لیے ہیں جن کی ذات گرامی ہمارے لیے ذریعہ نجات ہے۔

”آسان طبی نسخے المعروف طبی خزانے“ ان طبی نسخوں کا مجموعہ ہے جو دوران مطالعہ طبی کتب اور ”طبی خزانہ“ گروپ میں سے ملے۔ فائدہ اٹھانے والوں سے دعا کی درخواست ہے۔

احقر

محمد یونس قادری عفا اللہ عنہٗ

۶ ذیقعدہ ۱۴۴۲ھ

17 جون 2021ء

جمعرات

؎ تلاش علم و ہنر میں اس طرح محوِ سفر ہو

کہ مثل پروانہ دونوں جہاں سے بے خبر ہو

(قادری)

پہلا باب

بالوں کے امراض

بالوں کا قبل از وقت سفید ہونا

سفید بال نامناسب پروٹین کی موجودگی کی علامت ہے۔سفید بال الجھن کی وجہ سے بھی ہو سکتے ہیں جو شخص طویل عرصہ سے الجھن کا شکار ہو اور بے چین رہتا ہو وقت گذرنے کے ساتھ ساتھ اس کے سفید بال بتدریج ابھرنے لگتے ہیں۔ناقص تغذیہ،فکریں،صدمہ،گھرا رنج، کشیدگی،دماغی تناؤ بھی میلانن کی شرح پیدا اور سست کر دیتی ہے چنانچہ بال سفید ہوتے ہیں۔

علاج: بالوں کے قبل از وقت سفید ہونے کا انسداد اور اس پر قابو پانا بہت اہم ہے۔ضروری وٹامنس اور معدنیات کی سر براہی کے لئے زیادہ پھلوں اور ترکاریوں کا استعمال ضروری ہے۔تغذیہ اور مناسب پرورش بھی بالوں کی افزائش،ان کی چمک اور سر کی جلد کو اچھی رکھنے کے لئے ضروری ہے۔روزانہ سر دھونے اپنے بالوں کی مناسبت سے شیمپو کنڈیشنر استعمال کریں۔حد سے زیادہ کنڈیشنر سے بال چپچپے ہو جاتے ہیں۔سر میں دوران خون بہتر ہونے کے لئے انگلیوں کی پوروں سے مالش کریں۔تازہ خون کی روانی سے بالوں کی افزائش بہتر ہوتی ہے۔بالوں کو رنگنے کی مصنوعات سے جن میں امونیا زیادہ ہو بالوں کو نقصان پہنچتا ہے۔

سفید بالوں کو بغیر کسی ہیئر کلر کے کالا کیا جا سکتا ہے۔

تیل کے اجزاء: ایک گلاس پانی۔کڑی پتا۔ایلو ویرا کا ایک ٹکڑا۔السی کے بیج۔کلونجی۔کالا زیرا

ترکیب: ایک گلاس پانی کو ابالیں اور اور اس دوران اس میں کڑی پتے کی ایک گڈی ڈال دیں،ایک ایلو ویرا کا ٹکڑا اور ایک چمچ السی کے بیج کالا زیرا اور کلونجی بھی شامل کر دیں۔

جب یہ ابلتا ہوا پانی اتنا کھول جائے کہ اس کی مقدار آدھے گلاس سے بھی کم رہ جائے تو اس پانی میں ایک کپ سرسوں کا تیل ڈال کر

ایک بار پھر پکائیں جس کے بعد یہ تیل تیار ہے۔

اس تیل کو کم از کم ہفتے میں دو بار لگانا چاہیے جس سے آپ کے سفید بال رفتہ رفتہ بتدریج کالے ہوتے چلے جائیں گے اور تین ماہ کے بعد اس کا بہترین رزلٹ آپ کے سامنے ہوگا۔

تر پھلہ (آملہ۔بہیڑہ۔ہڑڑ) کا سفوف ایک گرام صبح وشام قہوہ بنا کر استعمال کرنے سے بھی دو تین ماہ میں بال کالے ہو جاتے ہیں۔

جسم میں کاپر کی کمی بھی بالوں کی سفیدی کا سبب بن سکتی ہے، یہ مشروم، جھینگوں، کلیجی، دالوں، بادام، خشک خوبانی، ڈارک چاکلیٹ اور سورج مکھی کے بیجوں میں پایا جاتا ہے۔

مشروبات بھی قبل از وقت بالوں کی سفیدی کا باعث بنتے ہیں، یعنی ایسے مشروبات جو چینی، مصنوعی مٹھاس اور کلر سے بھرپور ہوتے ہیں، روزانہ کا استعمال یہ خطرہ بڑھا دیتا ہے جبکہ دانتوں کے امراض کا خطرہ بھی بڑھ جاتا ہے۔

بال چر

ہلکا سا نمک کا تیزاب اس جگہ پر لگائیں ایک دن چھوڑ کر بال چر ختم ہو جائے۔

گنج پن

ایک کلو گندم کو رات میں پانی کا چھینٹا لگا کر رکھ دیں صبح اس کا تیل نکالیں ۔ یہ سرخ رنگ کا تیل ہوگا۔ایک کلو گندم میں سے صرف پچاس گرام تیل نکلے گا یہ لگائیں۔

بالوں کی شاخیں نکلنا

عموماً تولیہ کو زیادہ رگڑنے سے بالوں کی شاخیں نکلنا شروع ہو جاتی ہیں ۔لہٰذا تولیہ کو آہستہ استعمال کریں تو یہ بند ہو جائیں گی۔

بالوں کو لمبا کرنا

روزانہ صرف اور صرف خالص سرسوں کا تیل اچھی طرح لگائیں اور تین گھنٹے بعد دھوئیں۔

بالوں کا گرنا

دودھ پئیں۔انڈے کھائیں اور سرسوں کے تیل کی مالش کریں۔

دوسرا باب

سر کے امراض

نسیان

دارچینی کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے جیب میں رکھیں اور دن میں تین چار ٹکڑوں کا رس چوستے رہا کریں۔ چند روز بعد قوت حافظہ غیر معمولی طور پر بڑھ جائے گی۔ (گھر کا علاج۔ص:۱۵)

دماغی کمزوری

مال کنگنی کے بیجوں کا تیل نکلوالیں۔ یہ تیل دماغی کمزوری کے لئے بہترین تحفہ ہے۔ وہ لوگ جو وکیل۔ استاد۔ طالب علم ہیں یا جن کو دماغی کام کرنا پڑتا ہے اور قوت یادداشت کمزور ہوگئی ہو ان کے لئے یہ تیل ۴ بوند ایک پاؤ دودھ میں ملا کر ایک ماہ روزانہ استعمال کرائیں۔ (پیٹنٹ ادویات و پوشیدہ طبی راز۔ص:۲۸)

جاروب دماغ

اسطخدوس، بادیاں، کشنیز خشک، نمک سیاہ، نوشادر ٹھیکری، ریوند چینی سب ہم وزن سفوف بنالیں۔ ایک سے دو ماشہ صبح و شام ہمراہ پانی سے دیں۔ یہ حقیقتاً جاروب دماغ کا کام کرتا ہے۔ ہر قسم کا درد سر، نزلہ، زکام کو دور کرتا ہے۔ اور تمام امراض چشم صرف کھانے ہی سے دور ہوجاتے ہیں۔ علاوہ ازیں پیٹ کے اکثر امراض کو فائدہ مند ہے۔ (مجربات حکمائے پاک و ہند۔ص:۳۵۳)

جنون۔ بے خوابی

چھوٹی چندن ایک تولہ۔ چھوٹی الائچی تین ماشہ۔ چھرتی خوراک ہمراہ بدرقہ مناسب۔ خلفشار۔ فشارالدم قوی (ہائی بلڈ پریشر) جنون بے خوابی۔ ہسٹریا اور ہچکی کے لیے اس سے بہتر ارزاں اور مؤثر نسخہ ملنا محال ہے۔ (حلفیہ مجربات۔ص:۱۱)

سفوف مسکن

دھنیا ساٹھ گرام۔اسرول۔دانہ الائچی کلاں۔اجوائن خراسانی ہر ایک بارہ گرام۔مصری سو گرام۔سفوف بنا لیں۔تین گرام صبح و شام ہمراہ آب تازہ سے دیں۔ہائی بلڈ پریشر۔کابوس۔مرگی۔دردشقیقہ کے لیے مفید ہے۔ (حلفیہ مجربات۔ص:۹۶)

حلوہ بیضہ مرغ

انڈے دیسی ۸ عدد۔گھی دیسی آدھا کلو۔بیسن خالص ایک پاؤ۔کشمش آدھا پاؤ۔چینی حسب ضرورت۔سب سے پہلے تھوڑے سے گھی میں بیسن کو سوجی کی طرح بھون لیں اور الگ رکھ لیں۔پھر باقی گھی میں کشمش اور کچے انڈے توڑ کر پکائیں۔جب پکنے کی خوشبو آجائے تو بھنا ہوا بیسن اور چینی ملا کر اتار لیں۔ٹھنڈا ہونے پر جم جائے گا بس تیار ہے۔عضلاتی غدی مقوی ہے۔ ۵۰ گرام خوارک صبح و شام کھائیں۔یہ حلوہ جسم میں گوشت کی مقدار بڑھانے میں اپنی مثال آپ ہے۔مقوی حافظہ اور کمزوری نظر کے لئے بھی مفید ہے۔ (قانون شفاء۔ص ۱۱۵)

سفوف مقوی حافظہ

برہمی بوٹی ۳۰ گرام،الائچی خورد (چھوٹی) ۲۰ رام،ست گلو ۱۰ رام،اسطوخودوس ۵۰ رام،چینی یا مصری حسب ضرورت۔سب کا سفوف بنا لیں اور نصف چمچہ تین وقت ہمراہ نیم گرم دودھ کے لیں۔اعلیٰ درجہ کا مقوی اعصاب ہے۔دافع نسیان ہے۔حافظہ کو اس قدر تیز کرتا ہے کہ ایک مرتبہ کا پڑھا ہوا مدتوں نہیں بھولتا۔مجرب ہے۔ (بکھرے موتی۔ص:۴۹)

دماغی کمزوری

سونف،مغز بادام،مصری ہموزن سفوف بنا لیں۔ ۶ گرام صبح نیم گرم دودھ سے لیں،چالیس دن استعمال کرنے سے دماغی کی کمزوری دور ہو جاتی ہے اور نظر بھی تیز ہو جاتی ہے۔

سر درد

امراض کی پیدائش چار اخلاط (صفراوی۔بلغمی۔سوداوی۔خونی) سے ہے۔ان کی علامات بھی علیحدہ علیحدہ ہیں اور علاج میں ان خلطوں کی رعایت رکھ کر علاج کیا جاتا ہے۔اس کے علاوہ کوئی اور مرض ہو تو سر درد اس کا بھی سبب بن جاتا ہے مثلاً کوئی دانت خراب ہو یا معدہ کی خرابی ہو۔بدہضمی ہو۔قبض ہو۔گردے متورم ہوں یا امراض رحم میں بندش حیض۔تنگی حیض اور بخار میں بھی سر درد ہونے لگتا ہے۔اس کے علاوہ نزلہ زکام میں بھی سر درد ہوتا ہے۔چوٹ کا لگنا۔سردی کا لگنا بھی اس میں شامل ہے۔کمزوری دماغ سے بھی سر درد ہونے لگتا ہے۔

اصول علاج

قبض کو دور کریں۔مریض کے سارے جسم میں امراض کی طرف دھیان کرنا ہوگا کہ خون کی کمی تو نہیں۔کثرت احتلام و جریان سے عام کمزوری تو نہیں ہوگئی۔غم و فکر بھی تمام امراض کا سبب ہوتے ہیں۔ان کو دور کریں۔اس کے علاوہ نشہ آور چیزوں کا کھانا مثلاً افیون۔چرس۔

بھنگ وجملہ منشیات میں بھی سر درد لاحق ہو جاتا ہے۔سر د ہوا میں غسل کرنا۔بارش میں بھیگ جانا بھی اس کا سبب ہوسکتا ہے۔

(مجربات حیات جلداول۔ص:۵۴)

نوٹ:وقتی طور کے آرام کے لیے CALPOL کی ایک گولی کھالیں۔

دردعصابہ

اگر چہ کہنے میں تو یہ ایک قسم کا سر درد ہے مگر معاذ اللہ اس بلا کی تکلیف تخفیف دیتا ہے کہ الامان۔جہاں اُدھر سے تیاری طلوع آفتاب ہوئی اِدھر سے یہ بھی پیشانی میں ہلچل مچانے لگا۔جوں جوں تیزی آفتاب ہوتی جاتی ہے یہ بھی ترقی پکڑتا جاتا ہے۔آخر قریب شام غروب یہ بھی کم ہوجاتا ہے۔ یہ درد صرف ابرو اور اس کے حوالی سے تعلق رکھتا ہے۔ (گلدستہ مجربات۔ص:۴۵)

اسطوخودوس ۶ ماشہ۔دھنیا (خشک) ۴ ماشہ۔مرچ سیاہ ۳ ماشہ۔باریک پیس کر رات کو ایک گلاس پانی میں بھگو دیں۔صبح گھوٹ کر چھان لیں۔بغیر میٹھا ملائے درد اُٹھنے سے دو گھنٹہ پہلے پلا دیں۔اگر موسم سرد ہو تو جوش دے کر شربت بنفشہ ملا کر دیں اور رات کو اطریفل زمانی سے قبض کشائی کریں۔ایک ہفتہ تک صبح وشام دونوں وقت پلائیں۔یہ نسخہ سو فیصد مجرب ہے۔درد شقیقہ وعصابہ دونوں میں مفید ہے۔

نوٹ: پلانے سے پہلے ایک دو بتاشے کھلا دیں۔ (مجربات حیات جلداول۔ص:۵۶)

نسوار سر درد

نوشادر ایک تولہ۔کافور ایک ماشہ۔دونوں کو الگ الگ باریک کر کے سفوف بنا کر باہم ملالیں اور محفوظ کرلیں۔یہ نسوار درد شقیقہ وعصابہ اور مرگی کے لیے مفید ہے۔بے ہوش کو ناک میں پھونک دینے سے ہوش آجاتی ہے۔گلے کے اوپر والے مرضوں (کان درد۔ داڑھ درد۔آنکھ درد) کے لیے مفید ہے۔دن میں کئی بار استعمال کرنی چاہیے۔ (مجربات حیات جلداول۔ص:۵۶)

لیپ سر درد

دو عدد جائفل کا سفوف بنا کر قدرے میٹھا تیل ملا کر گرم کر کے لیپ کرنا درد کو بند کر دیتا ہے۔ (مجربات حیات جلداول۔ص:۵۶)

برقی نسوار برائے سر درد

میٹھا سوڈا ۱۹ تولہ۔پوٹاشیم پرمیگنیٹ ایک تولہ۔باریک کر کے ملالیں اور محفوظ کرلیں۔اس کو معمولی سا سنگھائیں۔فوراً چھینکیں آنا شروع ہوجائیں گی اور دماغ سے جما ہوا مواد وفاسد مادے نکل جائیں گے۔اس سے ناک کے کیڑے بھی نکل جاتے ہیں۔مرگی میں بھی مفید ہے۔

(مجربات حیات جلداول۔ص:۵۸)

مرہم دردسر

کافور ۱ تولہ۔پیپرمنٹ ۱ تولہ۔ست اجوائن ۱ تولہ۔ان سب کو ملا کر ایک شیشی میں بند کر کے دھوپ میں رکھ دیں پانی بن جائے۔پھر اس پانی کو سادہ ویزلین کی ایک ڈبیہ میں اچھی طرح ملا کر محفوظ کر کے رکھ لیں۔درد کی جگہ پر مالش کر دیں۔ہر گھر میں ضرور ہونی چاہیے۔

اکسیر دماغ (کشتہ چاندی)

برادہ چاندی ایک تولہ (تیزابی) سیماب مصفیٰ ایک تولہ دونوں کو آب کرنڈ بوٹی (بھوپھلی) (یا گلاب کا پانی) دس تولہ میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر دو پتلی پیالیوں میں بند کر کے ٣ سیر کی آگ دیں بفضلہٖ اکسیر دماغ تیار ہے ٢ چاول سے ۴ چاول تک بالائی یا مکھن یا خمیرہ گاؤ زبان عنبری کے ساتھ پندرہ دن استعمال کریں۔ (کنز المجربات جلد دوم۔ص:٣٠٥)

مقوی دماغ ناشتہ

مغز ناریل کوفتہ ایک سیر، کشمش سبز و سرخی مائل ایک سیر صاف کردہ، مغز پستہ نیم کوب ایک پاؤ، مغز اخروٹ نیم کوب ایک پاؤ، گھی ایک سیر، نشاستہ آدھا سیر، چینی سفید حسب ضرورت۔ گھی کو نرم آگ پر کڑکڑائیں اور نشاستہ ڈال کر اس قدر بریاں کریں کہ سرخ ہو جائے تو پھر چولہے سے اتارلیں اس میں پہلے چینی اور پھر میوہ جات ملا کر سنبھال رکھیں۔ صبح کے وقت پانچ تولہ تک بطور ناشتہ ہمراہ دودھ روزانہ کھائیں بے حد مقوی دماغ و مقوی حافظہ دوا ہے۔ (کنز المجربات جلد ٣۔ص:٥٦١)

نوٹ: (اگر مغز بادام مقشر نیم کوب ایک پاؤ ملا لیے جائیں تو اور بھی اچھا ہے)

دائمی دردسر

ایک عدد چھوارا کلاں۔ مغز بادام گیارہ عدد کو بوقت شب پانی میں بھگو دیں۔ صبح کو بادام چھیل کر اور چھوارے کی گھٹلی نکال کر اور الائچی خورد چار عدد کے دانے ملا کر خوب پیس لیں۔ پھر پانچ تولہ مکھن اور پانچ تولہ مصری ملا کر اس میں سے دو رتی کھلائیں۔ اس کے استعمال سے جیسے خشک باغ پانی ملنے سے ہرا بھرا ہو جاتا ہے اس نسخے سے جسم تروتازہ ہو جائے گا اور دائمی سر درد بھی دور ہو جائے گا۔

(مجربات حیات۔ص:٧٢)

نیند

نیند جسم کے تمام پٹھوں کے آرام کرنے کا نام ہے۔ جاگنے کے دوران انسانی جسم حرکت میں رہتا ہے جبکہ نیند میں تمام عضلات سکون میں رہتے ہیں سونے کے دوران دل کے دھڑکنے کی رفتار بھی سست ہوتی ہے تو صاحبو جب خون کا خصوصی دورہ دماغ کی طرف ہوگا تو ہی دل تسکین کی حالت میں ہوگا یا جب خون کا خصوصی دورہ جگر میں ہوگا تو دل تحلیل کی حالت میں ہوگا تو بھی دل سست رفتار ہوگا اب فقیر یہ واضح کرنا چاہتا ہے کہ نیند دراصل بلغمی مزاج میں زیادہ آیا کرتی ہے اور صفراوی مزاج میں بھی نیند زیادہ ہوتی ہے تو پیچھے ایک ہی مزاج بچتا ہے سوداوی مزاج یعنی عضلاتی مزاج جس میں نیند نہیں آتی یا بہت کم آتی ہے اب بغور مریض کا مزاج تشخیص کر کے علاج کرنا چاہیے عام قاری کی جانے بلا مزاج کیا ہوتا ہے تو اس عام قاری کے لیے عرض ہے کہ بلغمی مزاج میں پیشاب کا رنگ سفید ہوتا ہے اور پیشاب کی مقدار زیادہ ہوتی ہے صفراوی مزاج میں پیشاب کا رنگ پیلا ہوتا ہے پیشاب میں جلن ہوتی ہے اور مقدار میں کم ہوتا ہے جبکہ سوداوی مزاج یعنی عضلاتی مزاج میں پیشاب کا رنگ سرخ ہوتا ہے بدبودار ہوتا ہے اور مقدار میں بہت کم ہوتا ہے تو پیشاب کے ذریعے مزاج کی تشخیص کر

لی لی جائے۔اب علاج کی طرف چلتے ہیں۔

نیندزیادہ آنا

جن لوگوں کو بلغمی مزاج کی وجہ سے نیند زیادہ آیا کرتی ہے انہیں خشک دوا غذا کی ضرورت ہے یعنی سوداوی مزاج کی غذا اور دوا جیسے گوشت دالیں کھٹی اشیاء وغیرہ ادویات میں ایک عام سادہ سی دوا لکھتا ہوں ھلیلہ سیاہ بریاں ایک ماشہ دن میں دو بار یا مقوی اعظم دوا دن میں ایک بار جوکہ یہ ہے کشتہ اذراقی اور کشتہ فولاد ہموزن ملا کر کھرل کرلیں مقدار خوراک ایک رتی سے دو رتی تک جن لوگوں کو غدی تحریک یعنی صفراوی مزاج یعنی گرم مزاج ہونے کی وجہ سے نیند زیادہ آتی ہے ان کا علاج بلغمی مزاج کی ادویات اور غذاوں سے کرنا ہوگا جیسے شربت صندل شربت بزوری شربت انار توری ٹینڈا کدو وغیرہ کھلانے پلانے سے مریض تندرست ہوگا یہ دوا بھی ایسے مریضوں کے لیے موثر رہتی ہے۔انار دانہ بیس گرام سونف بیس گرام سبز الا پچی دس گرام دھنیا خشک تیس گرام زرشک تیس گرام اور مصری سو گرام باریک پیس لیں ایک چھوٹا چمچ دن میں تین بار ہمراہ پانی۔

نیند نہ آنا (بے خوابی)

اب صاحبو بے خوابی کے بارے میں بھی بات ہو جائے بے خوابی عضلاتی تحریک یعنی سوداوی مزاج یعنی جسم میں خشکی کی وجہ سے نیند نہیں آیا کرتی یا بہت کم آیا کرتی ہے جو لوگ شراب ام الخباس کے عادی ہوتے ہیں وہ اکثر کم خوابی کے شکار رہتے ہیں اسی طرح چرس کے عادی لوگ زیادہ چائے قہوہ کافی کے عادی لوگ یورک ایسڈ کے مریض جو جسمانی دردوں کا شکار ہوتے ہیں ریح کے مریض یا دمہ کے مریض وغیرہ کے علاوہ ایک مریض مرض عشق کا بھی ہے کہ جسکا علاج سوائے وصل کے نہیں تو صاحبو بے خوابی کی مرکزی وجہ سمجھ گئے ہیں تو علاج تری پیدا کرنے والی غذا دوا ہے جیسے کدو۔توری۔بھنڈی۔ٹینڈا۔پیٹھا۔کدو کا حلوہ۔گاجر کا حلوہ۔کدو کے تیل کی سر میں مالش دھنیا کے تیل کی مالش ناک کان میں قطرہ قطرہ ڈالنا اسی طرح کاہو کے تیل کی مالش بھی بہت مفید رہتی ہے یہ نسخہ بھی بہت موثر ہے خشخاش سو گرام صاف کر کے کھرل کرلیں بادام گری سو گرام۔چہار مغز سو گرام۔پستہ مغز سو گرام۔دھنیا مقشر سو گرام اور سونف کچل کر چاول نکال کر وزن کریں سو گرام تمام اشیاء باریک پیس کر ڈبی میں بند رکھیں ایک بڑا چمچ روزانہ رات ہمراہ نیم گرم دودھ لیں۔ (جناب حکیم سید مبشر علی مدنی صاحب)

جنون۔بے خوابی

چھوٹی چندن ایک تولہ۔چھوٹی الائچی تین ماشہ۔چھ رتی خوراک ہمراہ بدرقہ مناسب۔خلفشار۔فشار الدم قوی (ہائی بلڈ پریشر) جنون بے خوابی۔ہسٹریا اور ہچکی کے لیے اس سے بہتر ارزاں اور مؤثر نسخہ ملنا محال ہے۔ (حلفیہ مجربات۔ص:۱۱)

تیسرا باب

آنکھوں کے امراض

نظر کی کمزوری

سونف ۶ ماشہ۔ بادام سات دانے۔مصری ۶ ماشہ (یا سب ہم وزن) کا سفوف بنالیں اس کو سوتے وقت دودھ سے کھائیں۔ ۴۰ روز میں نظر اس قدر تیز ہو جاتی ہے کہ عینک لگانے کی ضرورت نہیں رہتی۔ (رسالہ سونف۔ص:۱۶)

تقویت البصر

گل منڈی ۵ تولہ،نبات سفید ۵ تولہ سفوف بنالیں ۹ ماشہ تازہ پانی سے استعمال کریں۔بہت عمدہ ہے۔(مجربات بنوریہ۔ص:۳۹)

آنکھوں سے پانی آنا

۲۱ عدد بادام کو رات کو پانی میں بھگو دیں اور صبح چھلکے اتار کر چبائیں۔ پانی شرطیہ بند ہو جاتا ہے۔(کنز المجربات جلد اول۔ص:۵۵)

نظر کی کمزوری کا علاج

سونف ۲۵ گرام۔دھنیا ۱۰ گرام۔زیرہ سفید ۲۵ گرام۔کالی مرچ ۲۵ گرام۔استخدوس ۲۵ گرام۔مغز بادام ۲۵ گرام۔مصری حسب ضرورت تمام چیزوں کو باریک بنا کر سفوف بنالیں۔صبح وشام ایک ایک چمچہ استعمال کریں ان شاء اللہ ایک سے ڈیڑھ ماہ استعمال کرنے سے عینک اتر جائے گی۔

سرمہ

سو گرام سرمہ کو آب زم زم اور سونف کے پانی میں کھرل کر کے ایک گرام پودینہ کا ست ملا کر محفوظ کرلیں۔صبح وشام تین تین سلائی لگائیں۔آنکھوں کے تمام امراض میں مفید ہے۔

ویلڈنگ کی وجہ سے سرخی

جو لوگ ویلڈنگ کرتے ہیں ان کی آنکھیں بھی سرخ ہو جاتی ہیں اور دیکھ نہیں پاتے وہ چائے کی پتی جو کہ چائے پک جانے کے بعد بچ جاتی ہے اسے ٹھنڈا کر کے رات کو آنکھوں پر باندھیں ان شاء اللہ تعالیٰ صبح کو آرام ہو گا۔ (جناب حکیم شوکت علی نجف صاحب)

کانوں کے امراض

کن پیڑ

یہ ایک شدید متعدی مرض ہے۔ اس میں کان کی جڑ کی گلٹیاں متورم ہوجاتی ہیں۔جس سے کان کے نیچے درد ہو کر ورم ہوجاتا ہے۔خفیف سا بخار بھی ہوجاتا ہے۔ یہ مرض بچوں میں زیادہ ہوتا ہے۔عام چاول لے کر سل پر پیس رگڑ کر ہمراہ پانی لئی بنالیں اور بیمار کے کانوں کے نیچے لیپ کردیں۔اس طرح دوتین دن لیپ کرنے سے مرض بالکل جاتا رہتا ہے۔سوجن اتر جاتی ہے۔بخار نہیں رہتا۔

(پچاس صدری مجربات۔ص:۵۳)

روغن ریم و دردگوش

کیکر کے پھول ۲ تولہ یارتن جوت۔روغن سرسوں ۵ تولہ میں جلا کر تیل کوصاف کرکے محفوظ کرلیں۔چار قطرے کان میں ڈالیں۔سردی کاموسم ہوتو نیم گرم کرلیں۔کان سے پیپ بہتی ہواور درد ہوتو اس روغن سے فی الفور آرام آجاتا ہے۔ (مجربات سلطانی۔ص:۲۱)

کان کا درد

ایلوا ۴۱ تولہ۔رتن جوت ا تولہ لہسن مقشر آدھا پاؤ۔سرسوں کا تیل ا پاؤ۔ان سب کو تیل میں جلالیں۔کان کا زخم۔کان کی پیپ۔کان کا درد کے لیے دوقطرے ڈالیں تھوڑی ہی دیر میں درد بند ہوجاتا ہے۔مجرب المجرب ہے۔ (جناب حکیم محمد بچل سیال صاحب۔لاڑکانہ)

پانچواں باب

ناک کے امراض

نزلہ وزکام

۱۔۔تنکار یعنی سہاگہ حسب ضرورت لے کر بریاں کرلیں اور سفوف بنا کر شیشی میں بند کرلیں ۔ ۲ رتی سے ۴ رتی تک خوراک ہمراہ چائے یا گرم پانی سے دن میں تین مرتبہ دیں ۔اول تو پہلے ہی روز ورنہ دوسرے روز تو انشاء اللہ مرض کا نام ونشان باقی نہ رہے گا۔ ہزاروں بار کی آزمودہ اور بے خطا دوا ہے ۔تجربہ شاہد ہے۔ (ارزاں چٹکلے ۔ص:۱۰)

۲۔۔بھنے ہوئے چنے سات عدد اور مرچ سیاہ ایک عدد نہار منہ چبالیں ۔ چار یوم کے بعد نخود بریاں چودہ عدد اور دو عدد مرچ سیاہ شروع کریں ۔ایک ہفتہ کے بعد نخود بریاں اکیس عدد فلفل سیاہ تین عدد ۔ دو ہفتہ تک اسی طرح اس عمل کو کرتے رہیں انشاء اللہ خدا کے فضل سے دو تین ہفتہ کے عرصہ میں مدت کا نزلہ وزکام کافور ہو گا۔ (ارزاں چٹکلے ۔ص:۹)

نوٹ: جو فضلہ حلق کی طرف آئے اس کو نزلہ کہتے ہیں اور جو ناک کے راستہ خارج ہو اس کو زکام کے نام سے موسوم کرتے ہیں ۔نزلہ زکام سے زیادہ تکلیف دِہ اور خطرناک ہوتا ہے کیونکہ اس کا زہریلا مادہ اندر گرنے سے طرح طرح کی بیماریاں پیدا کرتا ہے۔

ناک کی ہڈی کا بڑھ جانا

عموماً نزلہ وزکام کے کافی عرصہ تک رہنے کی وجہ سے ناک کی ہڈی بڑھ جاتی ہے ۔کئی بار آپریشن کرانے کے باوجود بھی پھر بڑھ جاتی ہے جس سے معلوم ہوا کہ آپریشن اس کا علاج نہیں ۔تمام بادی اشیاء آلو ۔گوبھی ۔بیگن ۔ چاول ۔پکوڑے ۔سموسے غیرہ بند کردیئے جائیں اور لولی ۔ٹنڈے وغیرہ استعمال کیے جائیں تو بغیر دوا کے مرض جاتا رہتا ہے۔

سفید پھٹکڑی کو پانی میں اچھی گھول لیں یہ پانی ناک کے اندر باہر کسی اسٹک سے دن میں تین چار بار لگا دیا کریں ہڈی ٹھیک ہو جائے

گی اور ساتھ کوئی بھی اطریفل لگا دیں جیسے ”اطریفل اسطخدوس“ وغیرہ یا ”جاروب دماغ“ کا استعمال کرادیں۔

بدبو کا احساس

عموماً ناک کی صفائی نہ کرنے کی وجہ سے محسوس ہوتی ہے۔ناک کے بال کاٹے جائیں اور ناک صاف رکھا جائے تو یہ مرض دور ہوجاتا ہے۔

سونگھنے کا احساس

بعض امراض کا درست علاج نہ ہونے کی وجہ سے سونگھنے کا احساس ختم ہوجاتا ہے نہ خوشبو معلوم ہوتی ہے اور نہ ہی بدبو۔اصل میں یہ دماغ میں رطوبت کے جم جانے کی وجہ سے ہوتا ہے ایسے مریض کو ”جاروب دماغ“ استعمال کرائیں اور خوراک درست کرائیں۔جاروب دماغ کا نسخہ درج ذیل ہے:

اسطخدوس، بادیاں، کشنیز خشک، نمک سیاہ، نوشادر ٹھیکری، ریوند چینی سب ہم وزن سفوف بنالیں۔ایک سے دوماشہ صبح وشام ہمراہ پانی سے دیں۔

چھٹا باب

دانتوں کے امراض

درد دانت

اسپرٹ (رنگ والی دکان سے لیں) ایک لیٹر لیں اور اس میں ایک گرام ست اجوائن ڈال کر بند کر لیں۔ مریض کے دانت کو روئی سے لگائیں اور منہ کو ڈھیلا کرا دیں فوراً آرام آجائے۔ ایک منٹ میں آرام آجاتا ہے۔ مجرب المجرب ہے۔ (جناب حکیم رانا وحید احمد صاحب)

سرخ منجن

لونگ ۵۰ گرام۔ پھٹکڑی سفید خام ۵۰ رام۔ سہاگہ خام ۵۰ گرام۔ سب کو باریک پیس لیں اور ایک لوہے کی کڑاہی میں ڈال کر ہلکی آنچ پر بریاں کر لیں۔ جب خشک ہو جائے تو پیس کر محفوظ کر لیں۔ چٹکی بھر دوا صبح شام دانتوں پر ملیں۔ درد۔ سوجن۔ پائیوریا۔ گرم سرد احساس اور مسوڑھوں کی کمزوری کا مجرب المجرب نسخہ ہے۔

ماربل منجن

ماربل پوڈر سو گرام۔ سرخ پھٹکڑی ایک تولہ۔ نمک لاہوری ایک تولہ۔ پلاسٹک آف پیرس ایک تولہ۔ سب کو سفوف بنا لیں۔ دانتوں کے جملہ امراض کے لیے اکسیر ہے۔

اکسیری منجن

سفید پھٹکڑی بریاں۔ کالی مرچ۔ نمک لاہوری۔ سب ہموزن لیں اور کھرل کر لیں۔ یہ لگائیں اور منہ کھول دیں تاکہ پانی نکل جائے۔ صبح کو پیسٹ کی جگہ لگائیں۔ یہ معاون دانت ہے۔ دانت درد میں تھوڑی سے لگائیں اور منہ کھول دیں فوراً آرام آجائے گا۔

(جناب حکیم محمد اعظم صاحب۔ فیصل آباد)]

ساتواں باب

منہ کے امراض

منہ کی بدبو

یہ ایک ایسی بیماری ہے جس سے اچھا بھلا خوش شکل اور مجلسی آدمی احساس کمتری کا شکار ہو جاتا ہے اور لوگ اس کے پاس بیٹھنے سے گریز کرنے لگتے ہیں۔ایسے اشخاص کو چاہیے کہ دن میں ایک دو مرتبہ سونف چبایا کریں اس سے منہ کی بدبو دور ہو جائے گی۔(گھر کا علاج۔ص:۳۳)

نوٹ: پسینہ کی بدبو کو دور کرنے کے لئے بھی یہ نسخہ مجرب ہے۔دن میں تین بار استعمال کریں۔

آواز بیٹھ جانا

صرف سونف کو چباتے رہنے سے آواز کھل جاتی ہے اور حلق کی خشکی دور ہو جاتی ہے۔ (گھر کا علاج۔ص:۳۴)

خناق (گلا گھٹنا)

اصطلاح طب میں ایک شدید ورم کو خناق کہتے ہیں جو کہ اعضائے حلق میں واقع ہوتا ہے۔جس سے مریض کو کھانے پینے بلکہ سانس لینے میں بھی دشواری ہوتی ہے۔

اسباب: نزلہ وزکام بگڑ جانے یا کسی خلط کی زیادتی سے یہ مرض وقوع پزیر ہوتا ہے۔

علامات: مریض کو ایسا معلوم ہوتا ہے کہ حلق میں کچھ اٹکا ہوا ہے۔بعض دفعہ آواز بھی بند ہو جاتی ہے۔درد ہو کر بار بار کھانسی اٹھتی ہے۔

املتاس ۴ تولہ کو آدھا سیر دودھ میں جوش دے کر مریض کو غرارے کرائیں۔انشاءاللہ آدھے گھنٹے کے اندر مریض روبصحت ہوگا، مجرب ہے۔

(گھر کا علاج۔ص:۳۵)

نوٹ: اگر حلق سے اندر بھی اتر جائے تو کوئی نقصان نہیں۔

پانچ عدد ریٹھہ کا چھلکا لے کر ایک گلاس پانی میں اچھی طرح جوش دیں اور اسے غرارے کرائیں۔ان شاءاللہ پانچ منٹ آرام آجائے

گا۔(جناب حکیم راناوحیداحمدصاحب)

زبان اور ہونٹوں کا پک جانا

دو چارلونگ اچھی طرح چوسیں اوران کالعاب ہونٹوں پرزبان سے لگائیں۔

پودینے کی ٹکیا چوسیں۔

پانچ سوگرام گلوگوز کاایک ڈبہ اورایک تولہ ست پودینہ ملالیں۔ چھ چھ گرام منہ ڈال کرچوسیں۔

زبان کادانتوں کے نیچے آنا

کسی پریشانی کی علامت ہے اس پریشانی کودورکرنی کی کوشش کریں اورلمبی نیند کریں۔

تالو میں چھوٹی پھنسیاں

گرم اشیاء سے بچیں اورہاتھ سے ان کوتوڑدیں۔

منہ کا پک جانا

منہ ایسا پک جائے کہ کچھ نہ کھایا جاسکے توبڑھ کے درخت کی مسواک کریں تین وقت۔ایک ہی دن میں ٹھیک ہوجائیں گے۔

(جناب ڈاکٹر گرمیت سنگھ صاحب۔انڈیا)

قلمی شورہ اورکتھہ سفید ہموزن سفوف بنالیں اورتین وقت منہ میں لگا کرمنہ نیچے کردیں کہ پانی بہہ جائے۔ایک ہی دن میں آرام آجاتاہے۔

(جناب ڈاکٹر گرمیت سنگھ صاحب۔انڈیا)

پھٹکی ایک گرام ایک کلو پانی میں ڈال کراس سے کلیاں کریں۔

(حکیم محمداسلم سیال صاحب۔ساہیوال)

املی اورآلو بخارے کاشربت روز پلائیں۔چند دن میں مریض ٹھیک ہوجاتاہے۔گول والوں کے پاس جوپانی ہوتاہے گول گپے میں ڈالتے ہیں وہ پلائیں ایک دوگلاس اسی ٹھیک ہوجاتاہے۔

(جناب حکیم راناوحیداحمدصاحب)

آٹھواں باب

پھیپھڑوں کے امراض

اکسیر دمہ

شنگرف رومی ایک تولہ، فلفل سیاہ ایک تولہ، مگھاں ۶ ماشہ، مصری ایک تولہ۔ پہلے شنگرف اور فلفل کو باریک میدہ کی طرح کرلیں پھر مصری اور مگھاں ملا کر غبار بنالیں بس اکسیر تیار ہے۔ دو، دو رتی کی خوراک آب نیم گرم سے صبح وشام لیں۔ لیسدار، اشیاء سے پرہیز کریں۔ دمہ اور بلغمی کھانسی کے لئے اپنا سحر کار اثر دکھا کر مریض کو آرام کردیتی ہے۔ (کنزالاطباء۔ص:۱۶۲)

جوشاندہ مخرج بلغم

زوفا ۵ ماشہ۔ انجیر ۴ عدد۔ ملٹھی مقشر ۶ ماشہ۔ گل بنفشہ ۳ ماشہ ہر چہار ادویہ کو مناسب مقدار پانی میں ڈال کر جوش دیں اور دن میں دو یا تین مرتبہ پلائیں۔ تمام جوشاندے کے تین حصہ کرلیں اور ایک ایک حصہ پلائیں۔ یہ جوشاندہ بلغمی کھانسی میں جب کہ سینہ میں بلغم بہت زیادہ جم رہی ہو اور نہ نکلے اس جمی ہوئی بلغم کو بآسانی خارج کرتا ہے اور بلغمی بخار جو کہ اکثر شام کو ہوا کرتا ہے اس کے لیے بھی مجرب ہے۔

(حلفیہ مجربات۔ص:۳۶)

شربت کھانسی

عناب تیس دانے۔ لسوڑیاں پچاس عدد۔ خطمی۔ خبازی۔ گل بنفشہ ہر ایک ایک تولہ۔ انجیر بیس عدد۔ زوفا۔ ملٹھی ہر ایک تین تولہ۔ پرساؤشان دو تولہ۔ مصری آدھا کلو۔ مصری کے سوا تمام دوائیں رات کو ایک سیر پانی میں بھگو کر صبح کو جوش دیں۔ جب آدھا سیر رہ جائے تو مل چھان کر مصری ملا کر شربت تیار کریں۔ تین تولہ یہ شربت پانچ تولہ عرق گاؤزبان اور قدرے پانی ملا کر استعمال کریں۔ تین مرتبہ دن میں

معمولی نزلہ زکام وکھانسی میں عام طور پر صرف پانی ملا کر دیا جاتا ہے۔ یہ شربت کھانسی اور ہر قسم کے نزلہ وزکام پختہ وخام۔نمونیہ۔دمہ۔سل کے لئے اکسیر وعجیب وغریب خاص چیز ہے۔ بلغم کو پکا کر نکالتا ہے۔ذات الجنب کے علاج میں غفلت کرنے سے کھانسی اور درد پرانا ہو جائے اور زخم بن چکا ہو تو ایسی حالت میں یہ شربت عجیب اثر دکھاتا ہے۔ (مجربات سلطانی۔ص:۲۴)

جوشاندہ برائے صفراوی کھانسی

ملٹھی۔گاؤزبان۔سپستان۔خبازی ہر ایک ۶ ماشہ۔تمام ادویہ کو اتنے پانی میں بھگودیں کہ ڈوب جائیں۔دو تین گھنٹے بعد چند جوش دیں کر پن لیں اور دو مرتبہ تین گھنٹے کے وقفے سے پلا دیں۔سینے کی جلن جلن دار کھانسی اور صفراوی کھانسی کے رفع کرنے میں بہترین جوشاندہ ہے۔ (بکھرے موتی۔ص:۴۸)

خشک کھانسی

برگ گاؤزبان۔سونف۔ملٹھی ہر ایک ہم وزن سفوف بنالیں اور ۳ ماشہ دن میں چار بار پانی یا دودھ سے لیں۔خشک کھانسی میں فوری اثر نسخہ ہے۔حرارت کی زیادتی اور کمی بول کی تمام علامات میں مفید ہے۔ (بکھرے موتی۔ص:۴۹)

برائے دمہ

ایک گلاس پانی میں رات کو چار عدد انجیر۔بارہ دانے منقیٰ اور ۵ عدد دانے املتاس کی پھلی کے اندر والے گودے کے ڈال کر اچھی طرح ابال لیں اور ڈھانپ کر رکھ دیں۔صبح نہار منہ کلی وغیرہ کر کے چھان کر پی لیں۔بقیہ چھنی ہوئی ادویات میں پھر پانی ڈال کر ابال لیں اور ڈھانپ کر رکھ دیں رات کو سوتے وقت چھان کر پی لیں۔سات یوم کریں اور سات یوم ناغہ کریں۔اکسیر ہے۔(جناب ماسٹر محمد عمر صاحب)

برائے بلغمی کھانسی

گھیکوار ایک سیر۔نمک طعام ۵ تولہ

گھیکوار کو مع چھلکا کوٹ کر پسا ہوا نمک طعام شامل کر کے مٹی کے کوزے میں گل حکمت کر کے دس کلو اوپلوں کی آگ دیں۔سرد ہونے پر نکال لیں سیاہ رنگ کا مرکب حاصل ہو گا اس کا سفوف بنالیں۔پرانی سے پرانی کھانسی خواہ کتنی مہلک صورت اختیار کر گئی ہو اور کوئی دوا کارگر نہ ہوتی ہو ایسی صورت میں یہ دوا مسیحائی کا کام دیتی ہے۔جوان آدمی کو ایک تا دو ماشہ اور چھوٹے بچوں کو ایک تا دو رتی۔

(تحقیقات علم الامراض۔حکیم محمد یاسینؒ دنیاپوری۔ص:۱۳۵۷)

شربت سعال

برگ بانسہ چار سو گرام۔زوفا سو گرام۔ست ملٹھی سو گرام۔بنفشہ پچاس گرام۔انجیر آدھا کلو۔ست ملٹھی کے علاوہ باقی اجزا جو کوب کر کے چھ لیٹر پانی میں بھگو دیں اگلے دن جوشاندہ دو لیٹر بنائیں۔اس کے بعد ڈھائی کلو چینی اور ست ملٹھی ملا کر شربت کا قوام کریں۔دو چمچ شربت گرم پانی میں ملا کر صبح شام۔شدید کھانسی میں مفید ترین ہے۔ (جناب حکیم شاہد محمود سیفی صاحب)

اکسیرِ سعال

برگِ بانسہ۔ پچاس گرام۔ اصل السوس پچاس گرام۔ ہلدی پچاس گرام۔ قسطِ شیریں ساٹھ گرام۔ سُہاگہ بریاں چالیس گرام۔ مگھاں چوبیس گرام۔ سب کو باریک سفوف بنا کر ایک ایک ٹی سپون ہمراہ تازہ پانی دن میں تین یا چار بار۔
سعالِ یابس۔ دمہ قلبی۔ نفث الدم۔ ٹی بی۔ ورمِ لوزتین اور تمام عضلاتی امراضِ ششش اور منجمد بلغم کو رقیق بنا کر قابل اخراج بنانے کے لیے ایک اکسیری نسخہ ہے۔ (جناب حکیم جمیل احمد پیر سباقی صاحب)

دوائے دمہ

دمہ۔ کالی کھانسی۔ بلغمی کھانسی کا نہایت کامیاب علاج ہے۔ کاکڑا سینگی کا باریک سفوف بنا کر رکھیں۔ مقدار خوراک استعمال بڑوں کو ایک ماشہ تک۔ بچوں کو 1 رتی سے 2 رتی شہد میں یا باریک چینی میں ملا کر گرم چائے یا گرم پانی سے دیں۔ (جناب حکیم مظہر حسین جنجوعہ صاحب)

لاجواب قہوہ

۱۔۔۔عناب ۱۱ (گیارہ) دانے (لیکن کیڑا لگا ہوا نہ ہو)

۲۔۔۔سپستان ۱۱ (گیارہ) دانے

۳۔۔۔بہی دانہ ایک بڑا چائے کا چمچہ

ان سب کو موٹا موٹا کوٹ کر رات کو ایک بڑے گلاس گرم پانی میں بھگو دیں۔ صبح اٹھ کر مل چھان لیں اور نہار منہ پی لیں۔ گرمی ہے تو اسی طرح، سردی ہے تو گرم کر کے پی لیں۔

اس فائدے یہ ہیں کہ

۱۔۔۔کھانسی۔ ریشہ۔ بلغم اور چھاتی کے کینسر کے لیے۔

۲۔۔۔چیسٹ انفکشن کے لیے۔

۳۔۔۔نیند کا نہ آنا۔ ذہنی تناؤ۔ اعصابی کھچاؤ کے لیے۔

۴۔۔۔پٹھے اور دل دماغ تھکاوٹ کو دور کرنے کے لیے۔

۵۔۔۔کھانسی اتنی پرانی کہ جاتی نہیں۔ ساری رات نہ خود سوتا ہے نہ کسی کو سونے دیتا ہے اس کے لیے۔

۶۔۔۔دائمی نزلہ اور ناک کی ہڈی بڑھی ہوئی ہو تو اس کے لیے۔

۷۔۔۔وہ لوگ جو رات کو سو نہیں سکتے ناک بند ہو جاتی ہے بار بار جھٹکوں سے نیند کھل جاتی ہے ان کے لیے۔

۸۔۔۔پرانی سے پرانی کھانسی اور ریشہ کو دور کرنے کے لیے۔

۹۔۔۔سینہ جما ہوا ہے ڈاکٹر پھیپھڑوں کا کینسر کہہ رہے ہیں اس کے لیے۔

۱۰۔۔۔ٹینشن، اگزائیٹی، ڈیپریشن کا بہترین علاج ہے۔

۱۱۔۔۔ایسے لوگ جن کے لیے فیصلہ ہو گیا ہے کہ انہیں پاگل خانے لے جائیں ان کے لیے۔

۱۲۔۔۔دمہ دور کرنے کے لیے۔

۱۳۔۔۔ہائی بلڈ پریشر کے لیے۔

۱۳۔۔۔بگڑے ہوئے ٹائیفائیڈ کے لیے۔

چند ہفتے استعمال کیجیے۔ مرض کی نوعیت کو دیکھ کر تین وقت بھی پلا سکتے ہیں۔ ہر بار درج بالا وزن کا لحاظ رکھا جائے۔ یہ ایک باکمال اور لاجواب چیز ہے جس میں مالک کائنات نے شفا رکھی ہے۔ (جناب حکیم طارق محمود چغتائی صاحب۔ لاہور)

نواں باب

اکسیر خفقان

اس مرض میں دل بہت زور زور سے دھڑکتا ہے۔آملہ خشک حسب ضرورت لے کرسفوف بنالیں اوراس کے ہم وزن مصری ملا کر محفوظ رکھیں۔صبح نہار منہ سات ماشہ پانی کے ہمراہ لیں ۔چند دنوں میں قلب کے جملہ امراض دور ہو جائیں گے۔ (آرزاں چٹکلے۔ص:۱۰۲)

سفوف مفرح

دھنیا خشک اور زیرہ سفید ہموزن کا سفوف بنالیں ۔۶ ماشہ ہمراہ قہوہ سونف وگل سرخ کے لیں ۔کھاتے ہی جسم سے تیز ابیت کو ختم کر دیتا ہے جلن،گھبراہٹ،ورم جسم،دل کا بڑھ جانا اور سوزاک کے لئے بھی اعلیٰ درجے کی دوا ہے۔ (میرا مطب معہ علم العلاج۔ص:۱۱۷)

اختلاج قلب ۔اختنا ق الرحم۔ضعف معدہ

دارچینی کا سفوف بنالیں ایک ماشہ خوراک ایک تولہ شہد کے ہمراہ لیں۔ (مجربات بنوریہ۔ص:۷۴)

مقوی قلب

ہلیلہ سیاہ بریاں ۹ تولہ ۔کچلہ سفوف ایک تولہ۔دونوں ملا کر نخودی گولیاں بنالیں۔ایک تا دو گولیاں دن میں چار بار پانی یا قہوہ سے دیں ۔یہ سلسل البول ۔ذیابیطس ۔جریان۔سیلان الرحم۔دل ڈوبنے کے لیے مفید ہے۔مقوی قلب ہے۔خون کی کمی کو پورا کر کے چہرے کو سرخ بناتی ہے۔ (مجربات صابر۔ص:۱۱۶)

بندش وال

جو وال کولسٹرول سے بند ہوں ان کو اجوائن کا پانی پلائیں ایک کپ روز ۔لہسن اور ادرک کا پانی دو چمچ روز پلائیں صبح نہار منہ۔

مفرح قلب

خمیرہ گاؤزبان کھلائیں۔

اٹیک

۱۔۔ایک تولہ کالی مرچ کو شیر مدار میں تر کر کے خشک کرلیں اور سفوف بنا کر رکھ لیں۔جس کو اٹیک ہو اس کی زبان پر دو چاول رکھ دیں۔اللہ فضل کردے گا۔ (جناب حکیم ظفر اقبال مدنی صاحب)

۲۔۔سرکنڈے کی جڑ کا نمک بنائیں اور ایک رتی مکھن سے کھلائیں۔سات دن تک ایک بار جسے دل کا اٹیک ہوا ہو دوبارہ نہیں ہوگا۔ان شاءاللہ تعالیٰ۔ (جناب حکیم نذیر حسین شبانی صاحب)

دسواں باب

معدے کے امراض

پیٹ کا درد

معدہ بدن انسانی میں وہ بہترین عضو ہے جس میں غذا جیسی ضروری چیز پکتی ہے۔معدہ کا کسی مرض میں مبتلا ہوجانا گویا تمام بدن کے بیمار ہونے کے ہم معنی ہیں۔کیونکہ جو نقص معدہ میں ہوگا وہ غذا کے ذریعے تمام بدن میں پہنچ کر خراب اثر پیدا کرے گا۔لہٰذا معدہ میں اگر ذرا سا بھی نقص ہو تو اس کو معمولی سمجھ کر خاموش نہیں ہونا چاہیے بلکہ اس کے علاج کا فکر کرنا چاہیے۔

آک کے پھولوں کے لونگ حسب ضرورت لے کر اس کے برابر وزن نمک سیاہ یا عام نمک جو گھروں میں استعمال ہوتا ہے اور مرچ سیاہ تینوں چیزیں ہموزن لے کر کوٹ لیں اور رتی رتی کی گولیاں بنالیں۔یہ اکسیری گولیاں بفضلہ تعالیٰ پیٹ کے درد، بھوک نہ لگنا، ہیضہ، کھٹے ڈکار آنا، کھانسی وغیرہ کے لئے لاجواب ہیں۔ (گھر کا علاج۔ص:۴۹)

لذیز چورن

سونف بھنی ہوئی۔دھنیا۔زیرہ سفید بھنا ہوا۔انار دانہ ہر ایک دو، دو تولہ۔کالا نمک ایک تولہ۔ست لیموں تین ماشہ مصری دس تولہ سب کا سفوف بنالیں۔چھ ماشہ تک کھلائیں۔بہت لذید چورن ہے۔اس کے استعمال سے کمی ہاضمہ۔بدہضمی۔جی کا متلانا۔نفرت طعام۔قے اور اسہال وغیرہ امراض رفع دفع ہوجاتے ہیں۔قوت ہاضمہ کے تیز ہونے سے بھوک چمک اٹھتی ہے۔ (رسالہ سونف۔ص:۴۰)

نوٹ: سونف، دھنیا، زیرہ سفید، انار دانہ ہر ایک پچاس پچاس گرام لیں اور سونف وزیرہ کو بھوننے کی ضرورت نہیں۔کالا نمک پچیس گرام اور ست لیموں ایک تولہ، مصری ایک کلو لیں اور سب کا سفوف بنالیں۔عجیب چیز ہے۔ (قادری)

قبض

یہ بیماری آج کل بے انتہا پھیل رہی ہے۔جس شخص کو دیکھو قبض میں مبتلا نظر آتا ہے۔اس کو معمولی بیماری نہ خیال کریں بلکہ یہ تمام بیماریوں کی ماں ہے۔اس سے سر درد۔بواسیر۔جوڑوں کا درد۔گھبراہٹ۔بے چینی۔بھوک نہ لگنا۔کھانا ہضم نہ ہونا وغیرہ وغیرہ بے شمار بیماریاں پیدا ہو جاتی ہیں لہٰذا جب قبض کی شکایت معلوم ہو تو فوراً اس کا تدارک کرنا چاہیے۔

رات کو سوتے وقت روغن بادام یا دیسی گھی (تین چمچ) آدھا کلو دودھ میں ملا کر چند روز تک استعمال کریں۔

(گھر کا علاج۔ص:۶۱)

پیچش

ایک پاؤ کالی ہرڑ کو نصف چھٹانک روغن ارنڈی میں سینک لیں تاکہ وہ پھول کر خاکی رنگ کی ہو جائیں۔پھر ان کا سفوف بنا لیں۔پیچش کے مریض کو صرف چھ ماشہ صبح نہار منہ پانی سے دیں۔تین دن استعمال کرا دیں ہر قسم کی پیچش ٹھیک ہو جائے گی۔یہ سفوف پیچش کے لیے اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔اور اگر اس سفوف میں پچاس گرام کالا نمک ملا لیں تو دو ماشہ کی مقدار تین مرتبہ دن میں کھانا کھانے کے بعد نیم گرم پانی سے لیں۔اس سے بھوک چمک اٹھتی ہے۔کھانا ہضم ہوتا ہے۔قبض ختم ہو جاتی ہے۔گیس ختم ہو جاتی ہے۔(پچاس صدری مجربات۔ص:۳۶)

مسہل عجیب

جمال گوٹہ دس تولہ۔دانہ الائچی کلاں چالیس تولہ۔دانہ الائچی خورد دس تولہ۔تمام کو سرمہ کی مانند سفوف بنالیں۔یہ ایک سریع الاثر اور بلا تکلیف اسہال کرنے والا مرکب ہے۔چار رتی خوراک ہمراہ پانی دیں۔بلا گھبراہٹ و بے چینی دست آجائیں گے۔وجع المفاصل۔استسقاء۔قولنج۔سدہ امعاء۔خرابی خون۔گرانی شکم۔آتشک۔خنازیر۔دائمی قبض۔دماغی عوارض۔کرم امعاء۔ریاح معدہ۔بے قاعدگی حیض۔عرق النساء وغیرہ کے لئے ہمہ صفت اور بے نظیر مسہل ہے۔ہر موسم اور ہر مزاج و ہر عمر میں مستعمل ہے۔بلا ضرر کھل کر دست آجاتے ہیں۔

(طبی صندوقچہ۔ص:۱۱۲)

نمک سلیمانی

نمک دیسی۔نمک سیاہ۔کالی مرچ۔نوشادر۔فلفل دراز۔دانہ الائچی۔مغز دھنیا خشک۔سونٹھ۔اجوائن دیسی۔انار دانہ ہر ایک ایک تولہ۔زیرہ سیاہ۔تیز پات۔پودینہ کوہی ہر ایک دو تولہ۔تمام اشیاء کو سفوف بنالیں۔ایک چمچ کھانے سے ایک گھنٹہ پہلے یا بعد پانی سے لیں۔ہاضمہ کے تمام امراض کے لئے لاجواب ہے۔ (ماہنامہ عبقری۔اپریل ۲۰۱۷ء۔ص:۴۶)

پیام شفاء

عمدہ گلقند ۵ تولہ۔زیرہ سفید ۲ تولہ۔زیرہ کو باریک سفوف بنا کر گلقند میں ملالیں صبح و شام کھانا کھانے کے بعد ایک تولہ کھلائیں۔کھانا کھاتے ہی قے کا آجانا،ترش ڈکاریں،بدہضمی،اپھارہ بھوک نہ لگنا وغیرہ امراض شکم میں مجرب ہے۔ (حلفیہ مجربات۔ص:۱۰۷)

سفوف درد معدہ

سونٹھ اور اجوائن ہموزن سفوف بنالیں ۔قدرے ذائقہ نمک شامل کرلیں ۔کھانا کھانے کے بعد ایک سے دوماشہ پانی سے لیں ۔معدہ کے ہر قسم کے امراض کے لیے فائدہ رساں ہے۔ (آرزاں چٹکلے ۔ص:۱۰۶)

سفوف مقوی معدہ

مصطگی رومی ۔دانہ الائچی خورد ۔طباشیر ۔ہرا یک تین ماشہ ۔مصری ۹ ماشہ ۔ان سب کا سفوف بنالیں ۔تین ماشہ سے چھ ماشہ تک استعمال کرائیں ۔حد درجہ مقوی معدہ ہے ۔بھوک بڑھاتا ہے اور اسہال معدی کے لئے بھی مفید ہے۔ (مجربات سلطانی ۔ص:۳۱)

قبض دائمی

برگ سناء ایک تولہ ۔بادیان ایک تولہ ۔نبات سفید ۲ تولہ ہر ایک اشیاء کو علیحدہ علیحدہ کوٹ کوٹ کر سفوف تیار کریں ۔خوراک ۴ ماشہ ہمراہ نیم گرم دودھ کے ایک گلاس کے ساتھ رات کو سوتے وقت استعمال کریں ۔ (مجربات بنوریہ ۔ص:۱۰۸)

نسخہ قبض کشاء

ہرڑ جلابہ ۲ تولہ ۔گلقند ایک پاؤ ۔ہرڑ جلابہ کو اچھی طرح سفوف بنا کر گل قند میں ملا کر کسی شیشے کی ڈبیہ میں محفوظ کرلیں ۔رات کو سوتے وقت آدھی چمچ نیم گرم دودھ یا نیم گرم پانی سے لیں عجیب چیز ہے۔ (بکھرے موتی ۔ص:۹۲)

ارشاد رسول ﷺ اور سناء

حضرت عبد اللہ بن ام حرام رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ بس سناء اور زیرہ کو استعمال کرو اس لیے کہ ان دونوں میں بجز سام کے ہر بیماری کے لئے شفاء ہے ۔عرض کیا گیا کہ حضور سام کیا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا موت ۔ (سنن ابن ماجہ ۔طب نبوی ااز حافظ ابن القیم ۔ص:۱۰۸)

سناء کے فائدے

سناء کو عربی اور فارسی میں سناء مکی اور انگریزی میں SENNA کہتے ہیں ۔یہ ہر خلط کی مسہل ہے ۔دماغ کا تنقیہ کرتی ہے ۔کمر درد ،عرق النساء ،جوڑوں کے درد اور نوبتی بخاروں میں فائدہ دیتی ہے ۔پیٹ کے کیڑوں کی قاتل ہے ۔ (کتاب المفردات ۔ص:۲۹۲)

بیماریوں کی ماں قبض

اگر اجابت بوقت معمولہ نہ آئے ۔یعنی کبھی دوسرے تیسرے روز آیا کرے ۔یا اوقات میں تبدیلی نہ ہو لیکن مقدار میں کم آئے گویا اجابت بافراغت نہ ہو تو ان دونوں صورتوں کو قبض ہی کہا جائے گا ۔آج کل بے شمار لوگ اس مرض میں مبتلا ہیں ۔مگر بے پرواہی کرتے ہیں اسی وجہ سے انہیں طرح طرح کی بیماریاں چمٹی رہتی ہیں ۔

کیونکہ قبض بقول اطبائی الواقع ام الامراض یعنی بیماریوں کی ماں ہے ۔اس کی وجہ سے دردسر ،نزلہ ،زکام ،نظر کی کمزوری ،دل کی

گھبراہٹ، بے چینی، بھوک کی کمی، بواسیر وغیرہ امراض پیدا ہوتے ہیں۔ اس لئے ہمیں لازم ہے کہ اس مرض کو معمولی نہ خیال کرتے ہوئے اس کا علاج کریں۔

چائے کا زیادہ استعمال، سگریٹ یا حقہ نوشی، افیون کھانا، دماغی محنت کی زیادتی گھی دودھ کا استعمال نہ کرنے کی وجہ سے انتڑیاں خشک ہو کر قبض کا باعث بنتی ہیں۔

رفع حاجت کے وقت زیادہ دیر لگتی ہے اور پھر بمشکل خشک سا پاخانہ خارج ہوتا ہے اور بعض مواقع پر اجابت خون آلود ہوتی ہے یہ سب قبض کی علامات ہیں۔ (کنزالمجربات۔ ج ا۔ص:۱۲۵)

سناء کی سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ باوجود مسہل ہونے کے مقوی قلب ہے۔ وسواس سوداوی خصوصیت سے زائل کرتی ہے۔ عضلات کو چست بنا دیتی ہے۔ بالوں کو گرنے سے بچاتی ہے۔ جوں سے حفاظت کرتی ہے۔ پرانے دردسر کو ختم کرتی ہے۔ خارش، دانے اور مرگی کے لئے نافع ہے۔ (طب نبوی ﷺ۔ص:۱۰۹)

خمیرہ ملین برائے قبض کشائی

گل سرخ ایک پاؤ۔ سناء مکی ایک پاؤ۔ ایک سیر پانی میں رات بھر بھگو رکھیں صبح کو آگ پر یہاں تک جوش دیں کہ ڈیڑھ پاؤ پانی رہ جائے تو اتار لیں اور چھان کر پانی میں ڈیڑھ سیر مصری شامل کر کے خمیرہ تیار کر لیں اور محفوظ رکھیں۔ ایک تولہ سے دو تولہ تک قبض کے لئے کھلائیں۔ (کنزالمجربات۔ ج ۳۔ص:۶۵۷)

معجون سناء

سفوف سناء مکی۔ مویز منقیٰ اور روغن بادام سب چھ چھ ماشہ، گل قند چھ تولہ۔ مغز بادام ایک تولہ۔ سفوف سناء کو روغن بادام میں چرب کریں اور مغز بادام اور مویز منقیٰ شامل کر کے گل قند ملا دیں۔ چھ ماشہ گرم دودھ کے ساتھ لیں، مجرب ہے۔

(کنزالمجربات جلد ۳۔ص:۶۵۷)

نوٹ: یاد رکھیں کہ قبض کشائی کی تمام ادویات رات کو سوتے وقت نیم گرم دودھ سے استعمال کریں اور پھر دوا کھانے کے بعد ہرگز کچھ اور نہ کھائیں۔

محافظ جوانی

حکیم محمد عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں کہ یہ نسخہ میرے ایک دوست محترم جناب حکیم محمد اکرم سرانی نے عطا فرمایا اور انھوں نے اپنے ایک دوست کا ذکر ان الفاظ میں بیان کیا کہ میرے ایک دوست جنھوں نے اپنی عمر سو سال سے متجاوز بیان کی انھیں دیکھا تو ماشاءاللہ اس عمر میں بھی ایک تندرست جوان کی طرح سرخ و سفید تھے اور ابھی تک بدن پر کوئی جھری وغیرہ نظر نہیں آتی تھی۔ میں نے ان سے دریافت کیا کہ آپ بتا سکتے ہیں کہ آپ کی صحت اور جوان رہنے کا راز کیا ہے؟

انھوں نے فرمایا کہ مجھے تقریباً نصف صدی پیشتر جناب مجدد طب مسیح الملک حکیم اجمل خان مرحوم نے ایک نسخہ عطا فرمایا تھا جسے میں باقاعدگی سے استعمال کرتا چلا آرہا ہوں اور یہ بفضلہ تعالیٰ اسی کا نتیجہ ہے کہ میری صحت قابل رشک ہے۔ اور وہ نسخہ درج ذیل ہے:

سفوف سناء مدبر۔ سفوف گل سرخ بہاری اور شہد خالص چھوٹی مکھی مساوی الوزن۔ تمام ادویات کو خوب کھرل کریں اور گولیاں بمقدار جنگلی بیر بنا کر سایہ میں خشک کریں اور کھلے منہ کی شیشی میں بحفاظت رکھیں۔ اور اللہ کا نام لے کر ایک ایک گولی صبح وشام ہمراہ تازہ پانی لیں۔ صبح نہار منہ پہلے منہ کو اچھی طرح مسواک سے صاف کریں اور پھر گولی کھائیں۔ ہر مہینے میں بیس بائیس روز استعمال کر کے سات آٹھ دن ناغہ کر دیا کریں۔ پیٹ کی تمام بیماریاں، قبل از وقت بالوں کا سفید ہونا اور دل کی گھبراہٹ وغیرہ جملہ امراض کے لئے مفید ہیں۔

نوٹ۔ سناء مدبر کے معنی ہیں کہ اس ڈنڈیاں، پھلیاں اور ریشے نکال لیں۔

قبض

مصبر سیاہ۔ ریوند عصارہ ایک تولہ۔ ہلیلہ زرد۔ سونٹھ۔ نوشادر۔ سب چیزیں ہم وزن لیں۔ اور ان کو پیس کر پانی ملا کر گولی مثل چنا بنائیں۔ ایک تا دو گولی رات کو۔ رات کو مریض سکون سے سوتا ہے۔ صبح کھل کر دو تین اجابتیں ہوتی ہیں۔ جب دیکھیں کہ پیٹ اچھی طرح صاف ہو گیا ہے تو ایک گلاس ٹھنڈا پانی پی لیں۔ وہیں بریک لگ جائے گی۔

ام الامراض یعنی قبض

برگ سناء اور قسط شیریں ہموزن سفوف بنالیں۔ ۶ ماشہ خوراک بوقت شب پانی سے پندرہ روز لیں۔ سالہا سال سے قبض کے مریض ضرور استعمال کریں۔ (جناب حکیم محمد عمران شاہ بخاری صاحب)

بے ضرر مسہل

ھوالشافی: گل سرخ ۲ تولہ۔ سناء مکی ۲ تولہ۔ سونف ۱ تولہ۔ املتاس ۵ تولہ۔ پانی ا کلو۔

املتاس کو گرم کر کے اندر سے ٹکیاں نکال لیں، باقی دوائیوں میں ملا کر رات کو بھگو دیں، صبح اس قدر پکائیں کہ نصف رہ جائے۔ پن چھان کر دن میں تین بار پلائیں۔

پرانا پیٹ درد۔ ریاح۔ قبض۔ سدے۔ قولنج۔ دق وغیرہ میں بے حد مفید ہے۔ جن بچوں کو کئی کئی دن تک قبض رہتی ہو ان کے لیے اعلیٰ درجہ کی دوا ہے۔ (مجربات قانون مفرد اعضاء۔ ص: ۱۴۰)

مربہ ہرڑ

دائمی قبض اور بواسیر کا خاتمہ کرتا ہے۔ نزلہ زکام اور پھیپھڑوں کی بیماریوں سے بچاتا ہے۔ نالیوں کی سوزش کو ختم کرتا ہے۔ بالوں کو گرنے اور سفیدی میں مفید ہے۔

ترکیب و اجزاء: ہرڑ تازہ یا خشک بقدر ضرورت۔ شکر سفید حسب حاجت۔ ہرڑ زرد کو پانی میں بھگو رکھیں۔ اور روزانہ پانی بدلتے رہیں تین

دن کافی ہیں بعدہ پانی میں جوش دیں۔تا کہ خوب نرم ہو جائیں۔ہرڑ کو نکال کر سایہ میں پانی خشک کر لیں۔پھر روغن زرد میں ہلکا سا بھون لیں۔گھی سے صاف یعنی خشک ہونے پر شکر کے قوام میں کسی مرتبان یا صاف برتن میں مربہ بنالیں۔دس دن رہنے دیں۔بعدہ استعمال میں لائیں خوراک۔ایک عدد ہرڑ پانی سے دھو کر رات کو سوتے وقت لیں۔کمال کی چیز ہے۔

استسقاء

قلمی شورہ ایک تولہ۔ریوند عصارہ ۳ گرام۔سفوف بنالیں۔بڑے والا کیپسول بھر لیں۔تین بار دن میں دیں۔

(جناب حکیم عبدالکریم سموں مرحوم)

قبض کا آسان علاج

جن بھائیوں کو قبض رہتی ہو۔قبض کی وجہ سے پیٹ نکلا ہوا ہو تربوز کی طرح۔ان کے لیے ہے۔ایک مہینہ استعمال کریں۔قبض سے مکمل نجات مل جائے گی۔اور پیٹ کمر کے ساتھ لگ جائے گا۔املتاس لے کر اسے توڑیں اور اس کا صرف گودہ لیں۔چھلکا اور بیج پھینک دیں اور رات کو ایک گلاس پانی میں اس کا دو انچ تک کا گودہ ڈال دیں۔صبح نہار منہ چھان کر پی جائیں۔یہ لوزموشن لگا کر پیٹ کو بلکل صاف کر دیگا۔کسی قسم کا نقصان نہیں ہوگا۔بے فکر ہو کر استعمال کریں۔بہت لاجواب ہے۔

خونی پیچش

مازو ۲۵ گرام۔ناسپال ۲۵ گرام۔سبز ہرڑ ۱۰ گرام۔آملہ دس گرام۔بہیڑہ دس گرام۔سب کا سفوف بنالیں۔آدھا چمچ کھانا سے آدھا گھنٹہ پہلے کچی لسی تین وقت لیں۔انشاء اللہ تعالیٰ ایک ہی دن میں مرض دور ہو جائے گا۔لیکن تین دن استعمال کریں۔

(جناب حکیم عبدالقیوم جوگی صاحب۔اوڈیرولال)

جلاب

ہرڑ جلابہ ا تولہ۔چھوٹی الائچی ۶ ماشہ۔بادام ا تولہ۔مصری ۶ تولہ۔سب کا سفوف بنالیں۔وقت ضرورت چھ ماشہ پانی سے لینی ہے۔

(جناب حکیم محمد اسمٰعیل بلوچ صاحب۔ٹنڈو آدم)

تریاق معدہ

اجوائن ۱۰ گرام۔باچھڑ ۱۰ گرام۔رائی ۱۰ گرام۔انار دانہ ۱۰ گرام۔زیرہ سفید ۱۰ گرام۔حرمل ۱۰ گرام۔کرفس ۱۵ گرام۔فلفل سیاہ ۲۰ گرام۔نوشادر ٹھیکری ۲۰ گرام۔پودینہ خشک ۲۰ گرام۔زنجبیل ۲۰ گرام۔نمک سانبھر ۱۰۰ گرام۔مصری ۲۵۰ گرام۔سب کا سفوف بنالیں۔شوگر کے مریض بغیر مصری کے اور بلڈ پریشر کے مریض بغیر نمک کے بنائیں۔معدہ کے جملہ امراض کا تریاق ہے۔بھوک کا کم لگنا۔بدہضمی۔گیس کے لیے تیر بہدف ہے۔۳ گرام خوراک تین وقت استعمال کریں۔(جناب حکیم عبدالقیوم جوگی صاحب۔اوڈیرولال)

متلی (قے) آنا

الائچی خورد ۲عدد ۔لونگ کلاہ دار ۲عدد ۔دار چینی ۲انچ کا ٹکڑا ۔ ۲ کپ پانی میں قہوہ بنائیں ۔۔جب ایک کپ سے تھوڑا کم رہ جائے ۔۔ تو چینی یا شہد ۲ چمچ شامل کر کے پلائیں ۔متلی (قے) آنے کی کیفیت میں جادو اثر رکھتا ہے ۔۔

بھوک بڑھانے کے لیے

انار دانہ اچھے والا پانچ سو گرام ۔زیرہ سفید ایک پچاس گرام ۔سونف ایک سو پچاس گرام ۔چینی ایک ہزار گرام ۔تمام چیزوں کو گرائنڈ کر کے سفوف بنالیں ۔صبح وشام کھانے کے بعد بڑوں کے لیے خوراک پانچ گرام اور بچوں کے لیے عمر کے حساب سے ۔

معدہ کے تمام امراض کے لیے میٹھا سوڈا خشک پودینہ دونوں ہم وزن لے کے سفوف بنائیں ۔ایک گرام (بڑے چنے جتنا) سفوف نیم گرم پانی سے تین وقت لیں ۔فائدے گیس ۔قبض ۔بد ہضمی ۔الٹی آنا ۔سینے کی جلن ۔ہاتھ پاؤں کی جلن ۔جیسے امراض کو دور کرتا ہے ۔ہر گھر میں ہونا ضروری ہے ۔بہتر یہ ہے کہ پودینہ خود تازہ لے کر خشک کریں ۔خشک کرنے سے پہلے اچھی طرح دھولیں ۔

(جناب پروفیسر محمد طارق صاحب ۔اسلام آباد)

ہاضم اور ملین

ہڑ سیاہ لے کر دیسی گھی میں اسقدر فرائی کریں کہ پھول جائیں اور باریک پیس لیں یہ سفوف محفوظ کر لیں ۔ایک ماشہ سے کم قابض ہوگا اور ہاضم ہوگا اور دو ماشہ تک ملین ہوگا یعنی قبض کو ختم کر دینے والا اب جو شخص مسلسل ایک ماشہ روزانہ رات استعمال کرتا رہے اسکے نہ کبھی دانت گرتے ہیں اور نہ کبھی نظر کمزور ہوتی ہے نہ ہی بال سفید ہوتے ہیں ۔

جملہ امراض معدہ

مرچ سیاہ دس گرام ۔نوشادر تیس گرام ۔سونٹھ چالیس گرام ۔سفید زیرہ پچاس گرام ۔اجوائن دیسی پچاس گرام ۔ان تمام چیزوں کا سفوف بنا لیں ۔چھ ماشہ خوراک ہمراہ پانی سے لیں ۔تین مرتبہ دن ۔ہیپا ٹائٹس ۔قبض ۔گیس ۔ بدہضمی ۔پیٹ کا بڑھنا ۔اعصاب کا کھچاؤ ۔چہرے کے دانے ۔کیل ۔مہاسے ۔چھائیاں ۔کمر درد ۔پٹھوں کا درد ۔مہروں کے مسائل کے لیے نہایت مفید ہے ۔

سفوف السر

تیر بہدف ۔باکمال ۔سو فیصد اللہ تعالیٰ نے اس میں کامیابی رکھی ہے ۔بہترین رزلٹ ہے ۔ملٹھی مقشر ۱۰۰ گرام ۔چھلکا اسپغول ۱۰۰ گرام ۔کوزہ مصری ۱۵۰ گرام ۔ان کا سفوف بنا کر ملالیں ۔چھ گرام خوراک ۔ہمراہ شربت صندل دو ہفتے استعمال کرائیں ۔

(جناب حکیم شوکت علی نجف صاحب)

گیارہواں باب

مخرج صفراء

زنجبیل ۵ تولہ۔نوشادر ۲ تولہ۔کالی مرچ ایک تولہ۔سب کاسفوف بنالیں ۔ ۴رتی سے ایک ماشہ تک دن میں تین سے چار بار آب تازہ یا دودھ سے لیں ۔ یہ شدید مخرج صفراء ہے ۔زیادہ وزن میں ملین کام کرتا ہے ۔جگر کے فعل کو مشینی طور پر تیز کرتا ہے رحم میں رکے ہوئے فضلات کا اخراج کرتا ہے ۔رحم کی عضلاتی سوزش کو دفع کرتا ہے ۔ (تشریح فارما کو پیابالمفرد اعضاء ۔ص:۱۳۹)

نسخہ غدی اعصابی مسہل

زنجبیل ایک تولہ۔نوشادر ایک تولہ۔کالی مرچ ایک تولہ۔سنامکی ۳ تولہ۔ریوند عصارہ ۲ تولہ۔سب کا سفوف بنالیں نصف ماشہ خوراک رات کو پانی سے دیں۔غدود جگر کو تیز کرتا ہے۔فاضل صفرا کو خارج کرتا ہے۔ (تشریح فارما کو پیابالمفرد اعضاء۔ص:۱۴۳)

پیلیا

وجود انسانی میں جگر بہت اہم عضو ہے اس میں ہی خون پیدا ہوتا ہے جس سے تمام بدن کی پرورش ہوتی ہے ۔جگر کی بیماریاں تو بہت سی ہیں لیکن ہم یہاں صرف ایک بیماری جس کو طب یونانی میں یرقان اور عام لوگ پیلیا کہتے ہیں کا علاج تحریر کر رہے ہیں ۔

(ا)......مولی کے سبز پتے لے کر رس نکال لیں ۔جوان آدمی کے لئے آدھا سیر رس روزانہ کافی ہے اس میں موٹی شکر (چینی یا مصری) اس قدر ملالیں کہ کافی میٹھا ہوجائے اب اس کو باریک ململ کے کپڑے سے چھان لیں اور پھر پلائیں۔بس پلاتے ہی مریض کو اس قدر فرحت ہوگی کہ وہ خود کہہ اٹھے گا کہ مجھے اب فائدہ ہوگیا ہے ۔

بھوک خوب اچھی طرح لگے گی دست بھی آئیں گے ۔مرض دن بدن گھٹتا جائے گا یہاں تک کہ سات روز میں بفضلہ تعالیٰ مرض یرقان (ہیپاٹائٹس) کا نام ونشان بھی باقی نہ رہے گا۔

(۲)......زردگاجر کاپانی دس تولہ نکال لیں اس میں ایک تولہ مصری ملالیں روزانہ صبح وشام پلائیں۔ (گھر کا علاج۔ص:۶۳)

کینسر۔تپ۔یرقان

نوشادر ٹھیکری ۴ تولہ۔سونٹھ ۴ تولہ۔کالی مرچ ۲ تولہ۔ریوند خطائی ۶ تولہ۔سنا مکی ۶ تولہ۔سب کو سفوف بنا کر بڑے چنے کے برابر گولیاں بنالیں (یا ایک ماشہ کا کیپسول بھرلیں) ایک تادو گولی تین مرتبہ دن میں ہمراہ دودھ یا نیم گرم پانی سے دیں۔ترش وتیزاب سے ہونے والی علامات کے لیے بے حد مفید ہے۔کینسر،تپ دق اور یرقان کو دور کرنے لئے اعلیٰ درجہ کی دوا ہے۔

(میرا مطب معہ علم العلاج۔ص:۳۸۴)

مصفیٰ خون

ایک ماشہ سے ڈیڑھ ماشہ تک گندھک آملہ سار مکھن یا ملائی کے ہمراہ کھلائیں۔اعلیٰ درجہ کی مصفیٰ خون دوا ہے۔پھوڑے،پھنسی کو دور کرتی ہے۔ (خزینہ اکسیرات۔ص:۱۸)

دوائے یرقان

پھٹکڑی سفید بریاں کر کے پیس لیں۔ پہلے دن ایک چٹکی۔ دوسرے دن دوچٹکی۔تیسرے دن تین چٹکی دہی کے ہمراہ استعمال کریں۔تین دن کے بعد تین چٹکیاں روزانہ استعمال کرتے رہیں۔ یرقان زرد اور سیاہ کے لئے نہایت مفید دوا ہے اکثر اوقات ایک ہفتہ میں حکمی شفا بخشتی ہے۔ (مجربات سلطانی۔ص:۴۵۸)

یرقان

(۱)۔۔۔نوشادر ۲ تولہ۔سونٹھ ۲ تولہ۔عشبہ ۲ تولہ۔پانی دو بوتل۔کسی مٹی کی ہنڈیا میں ڈال کر نرم آنچ پر پکائیں جب آدھا پانی رہ جائے تو آگ بند کر دیں،سرد ہونے پر صاف کر لے کام میں لائیں،۲ تولہ صبح اور ۲ تولہ شام۔تین چار روز میں تمام شکایات رفع ہوجاتی ہیں اور چہرہ گلاب کی طرح نکھر آتا ہے۔عظم جگر۔عظم طحال۔استسقاء کے لئے بھی مفید ہے۔ (مجربات بنوریہ۔ص:۹۴)

(۲)۔۔۔یرقان کسی سبب سے بھی ہو نہایت مجرب ہے۔ہر موسم میں قابل استعمال ہے۔گل ٹیسو اور مصری ہموزن پیس لیں بس دوا تیار ہے بوقت ضرورت ۶ ماشہ حسب عمر مریض لے کر شب کو پانی میں بھگو کر رکھیں،صبح چھان کر نہار منہ پلادیں۔سات دن استعمال کریں۔

(تیر بہدف۔ص:۱۱۰)

قرص جگر (برائے یرقان A.B.C)

ریوند چینی ۵ تولہ۔نوشادر ٹھیکری ۳ تولہ۔سفوف چرائتہ ۵ تولہ۔مصبر ۵ تولہ۔ملا کر قرص بقدر ڈھائی رتی بنالیں۔ایک قرص صبح وشام پانی سے دیں۔(اگر اس سفوف کا ایک ماشہ والا کیپسول بھرلیا جائے اور تین وقت ایک ایک استعمال کیا جائے تو بھی ٹھیک ہے۔

(کنزالمجربات جلد سوم۔ص:۶۲۸)

یرقان (ہر قسم)

نوشادر۔عشبہ۔انبہ ہلدی۔سب دو دو تولہ۔عشبہ اور انبہ ہلدی کوٹ کر کپڑے سے چھان لیں اور نوشادر کر سفوف بنالیں۔ایک بوتل میں ڈال دیں اس میں آدھا کلو چینی ملالیں اور پانی بھر کر دھوپ میں رکھ دیں۔جب حل ہو جانے پر اٹھالیں۔ایک ایک تولہ تین وقت مریض کو پلائیں۔ (جناب حکیم عبدالکریم سموں مرحوم)

دوالکبد

سونٹھ ۵ تولہ۔نوشادر ۲ تولہ۔مرچ سیاہ ایک تولہ۔سناء ۸ تولہ۔ریوندعصارہ ۴ تولہ

نوٹ: سناء کو جتنا صاف کرلیا اتنا ہی اچھا ہے خاص طور پر جڑیں اور پتوں کے ریشوں کو نکال دیا جائے لیکن ہر صورت میں وزن پورا ہو،اور سناء کر روغن بادام میں چرب بھی کر لینا ہے۔اور گل سرخ کا اس میں اضافہ کرلیا جائے تو ٹھیک ہے ورنہ ویسے بھی ٹھیک ہے۔اب ان سب کا سفوف بنالیں جگر کے تمام امراض کے لیے اکسیر چیز ہے۔خاص طور پر یرقان کے لیے بہت ہی مفید چیز ہے۔(اگر گل سرخ ڈالیں تو ۴ تولہ کی مقدار میں شامل کریں۔چار رتی خوراک صبح وشام آب تازہ سے دیں) (جناب حکیم محمد اکرام شان صاحب)

اکسیر جگر

پانچ کلو انار کے دانے لے کر ایک روغنی ہنڈیا میں ایک تہہ لگائیں اس کے اوپر چینی کی ایک تہہ لگائیں اس طرح پانچ کلو انار کے دانے اور پانچ کلو چینی رکھ کر اس کے اوپر آخر میں پتری فولاد رکھ کر بند کر دیں۔منہ کو آٹا لگا دیں اور گندم میں دفن کر دیں۔چالیس دن کے بعد نکال کر چھان کر محفوظ کرلیں۔اس کے دو چمچ تین وقت لیں۔جگر کے لیے اکسیر ہے۔ (جناب حکیم شوکت اسلام صاحب)

اکسیر جگر خاص

جگر کی سوزش کے لیے۔ہیپا ٹائیٹس ABC کے لیے بے حد مفید ہے۔ریوند چینی۔ریوند خطائی۔برگ افسنتین پچاس پچاس گرام۔قلمی شورہ۔نوشادر۔جوکھار پچیس پچیس گرام۔سب کو سفوف بنالیں۔کھانا کھانے کے ایک گھنٹہ بعد عرق مکو۔عرق کاسنی اور عرق سونف کے ایک کپ کے ساتھ ایک گرام سے تین گرام تک تین وقت لیں۔جگر کی خرابی سے ہونے والے دوسرے عوارضات جیسے ہاتھ پاؤں کی جلن۔جسم پر ورم آنا۔چہرے کے رنگت کی خرابی جیسے پیلا ہو جانا۔سیاہ ہو جانا کے لیے ایک بہترین دوا ہے۔اگر اس کے ساتھ معجون دابیدالورد بھی دیں تو بہت اچھا ہوگا۔تیز گرم مصالے اور گرم چیزوں سے پرہیز کریں۔(جناب حکیم شہباز حسین اعوان سوہدروی صاحب)

بارہواں باب

تلی اور پتہ کے امراض

تلی کا بڑھ جانا

۱۔۔نوشادر ایک تولہ۔سہاگہ کھیل کیا ہوا دو تولہ۔دونوں کو الگ الگ پیس کر ملا لیں۔کھانا کھانے کے بعد ایک گرام پانی سے لیں۔بڑھی ہوئی تلی اور اس سے پیدا شدہ امراض کو چند دنوں میں دور کر دیتا ہے۔ (سادھوؤں،سنیاسیوں اور جوگیوں کے مجربات۔ص:۳۰)

۲۔۔ریوند عصارہ ایک رتی مریض کو روزانہ دیں تلی اپنے معمول پر آجاتی ہے۔(جناب سید ناصر علی شاہ مرحوم)

پتہ کی پتھری

۱۔۔ایک بوتل لیموں کے پانی کی لیں اس میں ترپھلہ دو تولہ۔زرد کوڈی چار عدد اور چار کالی مرچ پیس کر ڈال دیں دوا تیار ہے۔ابلنے لگے گی اس لیے بوتل میں ڈالنے سے پہلے بوتل کو چار انگل کے قریب خالی کر لیں۔دو۔دو چمچ دن میں تین بار پلائیں اور دودھ سے بنی ہوئی تمام اشیاء اور گوشت سے بنی ہوئی تمام اشیاء کا پرہیز کرائیں۔ایک ماہ بعد ٹیسٹ کرا لیں۔مجرب المجرب ہے۔

۲۔۔سیپیاں پانچ سو گرام۔نوشادر ایک پاؤ۔دونوں کو پیس کر ملا لیں اور کسی ڈولی میں بند کر کے گل حکمت کر کے پچیس کلو کی آگ دیں۔سرد ہونے پر نکال کر کسی برتن مین ڈال کر کھلی ہوا میں رکھ دیں۔چوبیس گھنٹے میں اس سے نوشادر کا تیل برآمد ہوگا۔پانچ یا چھ قطرے پانی میں ملا کر صبح نہار منہ پلا دیں۔کولسٹرول کا نام ونشان مٹ جائے گا فیٹی لیور یعنی جگر پہ چربی چڑھ جانے کے لیے صرف تین ہفتہ استعمال کریں انشاءاللہ شفا ہو گی۔پتہ کی پتھری میں 40 دن کا استعمال کریں۔انشاءاللہ آپریشن سے نجات ملے گی۔لکھی گئی ترتیب ومدت کے بعد اپنی تسلی کے لیے ٹیسٹ رپورٹ کروا سکتے ہیں۔(میاں محمد احسن۔منڈی بہاؤالدین۔03454910265)

تیرہواں باب

گردوں کے امراض

پتھری

سنگ یہود ۵ تولہ کو مولی کے ایک سیر پانی میں کھرل کر کے ٹکیہ بنالیں اور گل حکمت کر کے ۵ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر سفوف بنالیں دو رتی خوراک کچی لسی سے صبح و شام استعمال کرائیں۔ یہ کشتہ پتھری ریگ گردہ۔ سوزاک وغیرہ کے لئے مجرب المجرب ہے۔

(مجربات سلطانی۔ص:۱۷۰)

برائے تقویت گردہ

۱۔۔۔ ۱۵ عدد پستے کوٹ کر سفوف بنالیں اور ایک پاؤ دودھ میں پکائیں جب کھیر کی طرح ہو جائے تو روزانہ رات کو کھالیا کریں۔

۲۔۔۔ سفید پھٹکڑی بریاں کر کے ایک رتی والے کیپسول بھرلیں، روزانہ ایک عدد کھائیں۔

۳۔۔۔ ۵ عدد انجیر رات کو دودھ کے ایک گلاس میں بھگو دیں صبح نہار منہ کھالیں اور دودھ پی لیں۔

مذکورہ بالا تینوں نسخے ایک ماہ استعمال کرائے جائیں اور مرض کی نوعیت کو دیکھتے ہوئے دو وقت اور زیادہ عرصہ بھی استعمال کرائے جاسکتے ہیں۔

۴۔۔۔ ایک پیسہ تانبا پر دو تولہ قلعی کا پترہ لپیٹ دیں۔ دو، دو تولہ جمال گوٹہ اور بھلانواں کوٹ کر رکھ لیں۔ ایک کپڑے میں آدھا نغدہ بچھا کر تانبہ کا قلعی سے ملفوف کیا ہوا پیسہ رکھ کر اس پر پھر باقی نغدہ ڈال دیں اور کپڑے کو بند کر کے دھاگہ لپیٹ دیں۔ دو کلو اوپلے توڑ کر کسی تگاری وغیرہ میں ڈال کر درمیان میں رکھ دیں۔ بہتر یہ ہے کہ گھی کے ڈبہ میں آدھے اوپلے نیچے ڈالیں اور درمیان میں رکھ کر آدھے اوپر ڈال دیں اور آگ لگا دیں۔ سرد ہونے پر نکال لیں۔ پیسہ پھولا ہوا کشتہ ہوگا۔ ایک چاول خوراک مناسب بدرقہ سے دیں۔ اکسیر ہے۔

(جناب حکیم عبدالکریم سموں مرحوم۔ اوڈیرو لال)

اکسیر گردہ

کراچی کے ایک خاندانی حکیم صاحب فرماتے ہیں کہ میرے نانا جان بھی انڈیا میں بڑے تجربہ کار حکیم تھے اور ٹوپی والے حکیم کے نام

سے مشہور تھے۔ان کی بیاض قلمی نسخوں سے مزین ہے اور ایک سے ایک اعلیٰ پائے کا نسخہ موجود ہے۔حکیم صاحب فرماتے ہیں کہ کچھ عرصہ پہلے مجھے گردوں کا شدید مرض لاحق ہو گیا یعنی کریٹنائن خطرناک حد تک بڑھ گیا اور گردے سکڑنے لگے۔مرض بڑھتا گیا جوں جوں دوا کی۔بہترین ڈاکٹروں کو دکھایا مختلف ٹیسٹس ہوتے گئے اور بالآخر نوبت ڈائیلاسز تک پہنچ گئی۔کہتے ہیں کہ میں شدید مایوسی کی حالت میں تھا کیونکہ ڈائیلاسز کے مریض کی زندگی بس نام ہی کی زندگی رہ جاتی ہے۔ایسے میں میری والدہ محترمہ نے نانا جان کی بیاض سے ایک بہت ہی سادہ نسخہ آزمانے کے لئے کہا۔بے شمار ایلوپیتھک ادویات اور اسپیشلسٹ حضرات کی مایوسی کے بعد وہ نسخہ اتنا سادہ اور کمتر محسوس ہوا کہ طبیعت اس پر نہیں جمی لیکن والدہ کے کہنے پر اس کو آزمانے کی ٹھانی۔انتہائی حیرت انگیز طور پر اس نسخے کے متواتر استعمال سے میرے گردے سنبھلنے لگے اور ایک ماہ کے دوران ہی میری رپورٹس انتہائی حوصلہ افزا نتائج ظاہر کرنے لگیں۔میں خود بھی حیران تھا اور میرے معالج ڈاکٹر حضرات بھی۔لیکن یہ معجزہ ہو چکا تھا۔آج میرے گردے بالکل نارمل ہیں اور میں صحت مند زندگی گزار رہا ہوں لیکن اس نسخے کو میں نے اپنا معمول بنالیا ہے۔اگر ایک تندرست شخص بھی یہ نسخہ اپنے استعمال میں رکھے تو اس کے گردے کبھی خراب نہیں ہونگے۔گردوں کے امراض میں مبتلا خواتین وحضرات یہ نسخہ ضرور آزمائیں اور قدرت کا معجزہ مشاہدہ فرمائیں۔

مغز پستہ سات دانے صبح دوپہر شام روزانہ پابندی سے خوب اچھی طرح چبا کر کھالیا کیجئے۔بس یہی وہ معجزاتی شفا ہے جو شدید خراب اور سکڑے ہوئے گردوں کو بھی نارمل حالت پر لے آتا ہے۔پستہ بھنا ہوا یا نمکین نہیں بلکہ سادہ کچا مغز پستہ استعمال کرنا ہے جو پنساریوں اور کریانہ کی دکانوں پر عام دستیاب ہوتا ہے۔صحت منداور تندرست افراد بھی اگر روزانہ سات آٹھ دانہ پستے کے باقاعدگی سے استعمال کریں تو گردوں کے امراض سے محفوظ رہ سکتے ہیں ان شاءاللہ تعالیٰ۔

گردوں کے امراض اوران کا علاج

انسان کے پیٹ میں پسلیوں کے نیچے،پیچھے کی طرف ریڑھ کی ہڈی کے دونوں طرف دو گردے موجود ہیں۔ایک بالغ آدمی کے گردے کا سائز بند مٹھی کے برابر اور وزن تقریباً 130 گرام ہے۔اگر خدانخواستہ ایک گردے کو چوٹ آجائے یا نکالنا پڑ جائے تو دوسرا گردہ عموماً کافی بڑا ہو جاتا ہے۔اور چند ماہ کے اندر تقریباً دونوں گردوں کے برابر کا کام شروع کر دیتا ہے۔گردے ہمارے جس میں یہ کام کرتے ہیں۔جسم سے زائد پانی اور فاسد مادوں کا اخراج ،جسم میں مختلف نمکیات کا توازن برقرار رکھنا ،بلڈ پریشر کا کنٹرول ،جسم میں وٹامن کی مؤثر ترین قسم کو مرتب کرنا تاکہ ہڈیوں کی پختگی برقرار رہے۔ایک ہارمون کی پیداوار جس کی مدد سے خون کے سرخ خلیوں کی پیداوار اور پرورش ہوتی ہے۔جسم کے مختلف افعال کے کنٹرول کے لیے مختلف ہارمون کی پیداوار اور جسم میں موجود اور دوائیوں کی توڑ پھوڑ اور اخراج۔

گردے میں فلٹر

ہر گردے میں 10 سے 11 لاکھ کے قریب نیفران (Nephron) یا فلٹر موجود ہوتے ہیں۔خون کی نالی سے خون گردے میں داخل ہونے کے بعد ان فلٹروں تک پہنچتا ہے جہاں سے پانی کی زائد مقدار اور فاسد مادے نکال کر پیشاب کے ذریعے خارج کر دیئے جاتے ہیں اور باقی ماندہ خون واپس خون کی نالی کے ذریعے بڑی نالی سے ہوتا ہوا دل تک واپس پہنچ جاتا ہے۔اس عمل میں گردے

علقمندی سے خون میں شامل تمام ضروری اشیاء کو نکلنے سے بچا لیتے ہیں ۔خون کی صفائی کا یہ کام دن رات بغیر کسی وقفے کے جاری رہتا ہے ۔ جسم میں تمام اشیاء اور نمکیات کا مکمل توازن برقرار رکھنے کے لیے کم ازکم تین لاکھ نیفران یا فلٹرں کی ضرورت ہوتی ہے ۔اس لحاظ سے اگر ایک گردے کا تقریباً تیسرا حصہ صحیح طور پر کام کرتا ہے تو کوئی جسمانی مسئلہ پیدا نہیں ہوگا۔ گردوں کو صحیح طور پر جسم کا سب سے بڑا حساب دان کہا جا سکتا ہے ۔جس میں تمام مادوں کا توازن برقرار رکھنا ان کا کام ہے ۔(اس نعمت پر مالک حقیقی کا جتنا شکرادا کیا جائے کم ہے (الحمدللہ رب العالمین)

گردوں کی خرابی کی علامات

گردوں کی خرابی کی وجہ سے جسم میں سے زائد پانی کے اخراج میں دشواری ہوتی ہے جس کی وجہ سے جسم میں سوجن پڑ سکتی ہے ۔ فاسد مادوں کے اخراج میں کمی کی وجہ سے ان مادوں کی خون میں زیادتی ہو جاتی ہے جس سے جسم بتدریج کمزور تر ہو جاتا ہے ۔خون اور جسم میں نمکیات کا توازن برقرار نہ رہنے کی وجہ سے اکثر نمکیات جسم میں اکٹھا ہونا شروع ہو جاتے ہیں ۔ان میں سے بعض کی مقدار خطرناک حد تک بڑھ سکتی ہے جیسا کہ پوٹاشیم کی زیادتی کا توازن برقرار نہ رہنے کی وجہ سے اکثر اوقات بلڈ پریشر بڑھ جاتا ہے ۔
وٹامن ڈی کی مؤثر ترین قسم جو کہ گردوں میں بنتی ہے اس کی کمی سے ہڈیوں کی پختگی میں کمی آجاتی ہے ہڈیوں سے کیلشیم کی اخراج شروع ہو جاتا ہے اور ہڈیاں اس قدر کمزور ہو جاتی ہیں کہ بغیر چوٹ کے ٹوٹ جاتی ہیں ۔ ہارمون (Erythropoietin) کی کمی کی وجہ سے جس میں خون کے سرخ خلیوں کی بے حد کمی ہو جاتی ہے اور ہیموگلوبن گر جاتا ہے، دل کی تکلیف بڑھ جاتی ہے اور سانس پھولنے لگتا ہے ۔فاسد مادوں کی زیادتی کی وجہ سے جسم میں خون کو منجمد کرنے کا نظام درہم برہم ہو جاتا ہے جس سے جس کے کسی بھی حصہ سے بغیر چوٹ کے خون بہنا شروع ہو جاتا ہے ۔ان ہی فاسد مادوں کی وجہ سے معدے اور انتڑیوں کی جھلی میں سوزش ہو جاتی ہے اور یہی فاسد مادے اعصابی کمزوری کا باعث بھی بنتے ہیں ۔
جن کے گردے 90 فیصد سے زائد خراب ہو جاتے ہیں تو کمزوری زیادہ ہونے کے علاوہ بھوک کی کمی اور متلی و سانس پھولنے کی شکایات شروع ہو جاتی ہیں ۔جسم میں فاسد مادوں کی زیادتی کی وجہ سے مسلسل الٹیوں کا دورہ شروع ہو جاتا ہے اور پھر مریض پر بے ہوشی طاری ہونے لگتی ہے جو کہ گردوں کے حد سے زیادہ خراب ہونی کی علامت ہے ۔(گردے، ڈائیلسز اور پتھری کا سائنسی اور روحانی علاج)

ڈائیلائیسز کے مریض

جن لوگوں کے گردے خراب ہیں یا ڈائیلائیسز ہو رہا ہے تو انہیں چاہیے کہ سفید پھٹکری کو بریاں کر لیں اور ایک رتی یا زیرو سائز کے کیپسول بھر لیں اور ایک کیپسول کسی وقت روزانہ پانی سے چالیس دن تک استعمال کریں ۔مرض کی شدت میں تین وقت بھی استعمال کیے جا سکتے ہیں ۔ یہ نسخہ راقم کے مطب کا ہے جو کہ فی سبیل اللہ استعمال کرایا جاتا ہے اور آج تک خطا نہیں گیا اور ڈائیلائیسز کے مریض تک اللہ تعالیٰ نے ٹھیک کیے ہیں ۔ڈائیلسز کرنے والے ڈاکٹر مریضوں کو ٹھیک ہوتا دیکھ کر حیران ہوتے ہیں کہ یہ کیسے بغیر ڈائیلائیسز کے ٹھیک ہو گئے ۔ ٹھیک کرنے والی ذات اللہ رب العزت کی ہے ۔راقم کے استاد مرحوم عبدالکریم سموں فرمایا کرتے تھے کہ پھٹکڑی ہیرے کا بدل ہے ۔اور

مرحوم حکیم عبداللہ فرماتے تھے کہ گھر میں پھٹکڑی کا ہونا ضروری ہے۔آپ کی کتاب ''خواص پھٹکڑی'' ضرور دیکھنی چاہیے۔

درد گردہ

کمزوری کی وجہ سے گردہ میں ہلکا ہلکا درد رہتا ہے۔درج بالا نسخہ اس کا بہترین علاج ہے۔

ورم گردہ

گیارہ دانے پستے کے صبح وشام کھائیں۔انشاءاللہ ایک ہفتہ میں ہی ورم اتر جائے گا۔

پتھری

سنگ یہود اچھے قسم کا ہو۔اس کا کشتہ گھیکوار میں تین آگ میں تیار کرلیں اور رتی کی خوراک کچی لسی یا شربت بروزی سے کسی وقت چالیس دن لیں۔اس طرح پتھری نکل جائے گی کہ معلوم بھی نہ ہوگا اور دوبارہ پیدا بھی نہ ہوگی۔ (جناب حکیم عبدالمجید ملک صاحب۔ٹنڈو آدم)

پتھریوں کا بار بار بننا

درج بالا نسخہ اکسیر صفت رکھتا ہے۔پتھری نکل جانے کے بعد اس گڑھے میں دوبارہ ذرات جمع ہونے شروع ہوجاتے ہیں۔درج بالا نسخہ سے وہ گڑھا بھر جاتا ہے اور ذرات ٹھہرتے ہی نہیں جو کہ پتھری کی پیداوار کا ذریعہ بن سکیں۔

گردے سے پیشاب کی نالی تک کے امراض

شہد خالص (جیسے عبقری کا) ایک چمچ نیم گرم پانی میں ملا کر صبح نہار منہ استعمال کریں،بے نظیر اکسیر ہے۔حدیث شریف میں سرور کونین کا معمول صبح نہار منہ پانی میں شہد ملا کر استعمال کرنا بیان کیا گیا ہے۔ (شمائل کبریٰ جلد اول۔ص:۱۲۵)

درد گردہ

اکثر بادی اشیاء کے زیادہ استعمال سے یہ مرض پیدا ہوتا ہے۔دو عدد سرخ مرچ سالم تھوڑے سے دیسی گھی میں جلا لیں یہ گھی چھان کر مریض کو پلا دیں اندر اترے ہی درد بند ہوجائے گا۔

پرہیز

حد سے زیادہ کسی بھی چیز کا استعمال نقصان پہنچاتا ہے لیکن درج ذیل چیزوں کے بارے میں کچھ زیادہ ہی خیال رکھا جائے یعنی کم سے کم استعمال کی جائیں۔چاول۔ماش۔گوبھی۔مٹر۔آلو۔اروی۔بیگن۔مسور کی دال۔ارد کی دال۔باجرہ کی روٹی۔یخ ٹھنڈا پانی۔شوربے والی اشیاء کو ترجیح دی جائے۔

گردہ کی پتھری ایک پاؤ سنگ یہود لیں (یہ پنساری سے ملے گا اور امرود کی شکل کا پتھر ہوگا۔بہتر یہ ہے کہ کسی تجربہ کار حکیم کو دکھالیں تو بہتر ہے کیونکہ اس میں دوسرے پتھر ملا کر بیچ دیتے ہیں) اس کو کوٹ کر کپڑ چھان کرلیں اور ایک بڑے کپ میں ڈال کر گھیکوار کا پانی ڈال

کر بھر دیں گل حکمت کر کے دس کلو اوپلو کی آگ دیں۔ٹھنڈا ہونے نکال کر پھر کھرل کریں اور پھر کپڑ چھان کر کے دوسری آگ دیں اور اسی طرح تیسری آگ دیں۔یہ اکسیر تیار ہوگئی وہ احباب جن کو پتھری بنتی رہتی ہے وہ ایک رتی روزانہ رات کو پانی سے لیں ایک ماہ تک ان شاءاللہ دوبارہ ساری زندگی پتھری پیدا نہ ہوگی اور جو ہے وہ اس طرح ریت بن کر نکل جائے گی کہ مریض کو معلوم بھی نہ ہوگا۔

تریاق گردہ

خارخسک دوحصہ۔تخم کاسنی ایک حصہ۔سفوف کر کے مکس کریں اور تین گرام ہر تین گھنٹے بعد پانی سے دیں معمولی نہ سمجھیں گردے بھی کام شروع کر یں گے اور کریٹنین اور یوریا بھی نارمل ہو جائیگا ان شاءاللہ تعالیٰ۔ (جناب حکیم حبیب صاحب)

چودھواں باب

مثانے کے امراض

پتھری مثانہ

ریوند چینی حسب ضرورت لے کر باریک پیس لیں دو ماشہ سے چار ماشہ تک پانی کے ہمراہ دیا کریں۔ بڑی مجرب ہے۔

(ارزاں چٹکلے۔ص:۱۵۰)

بول فی الفراش

زاج سرخ شگفتہ کے ایک ماشہ ہر روز بدرقہ مناسب کے کھلائیں۔ تین چار روز میں مرض بول الفراش جاتا رہے گا، اور عمر بھر نہ ہوگا۔

(مجربات بنوریہ۔ص:۲۶۵)

گردہ ومثانہ کی سوزش

موصلی سفید ۲ تولہ۔ ثعلب مصری ۲ تولہ۔ مغز پنبہ دانہ (بنولہ) ۲ تولہ۔ ستاور ۲ تولہ۔ چھلکا اسبغول ۲ تولہ۔ سوائے چھلکے کے باقی تمام ادویہ کا سفوف بنالیں بعد میں چھلکا ملا دیں۔ ایک تولہ یہ سفوف آدھ لیٹر دودھ میں کھیر پکا کر حسب ضرورت چینی اور گھی ملا کر کھائیں۔ گردہ ومثانہ کی سوزش کو چند روز میں ٹھیک کر دیتا ہے۔ سرعت انزال۔ ضعف باہ بوجہ کمی منی وخشکی کے لیے بے حد مفید ہے۔ کھاتے ہی منی کی پیدائش بڑھا دیتی ہے۔ رقت منی کے لیے کامیاب دوا ہے۔ تین ہفتے تک متواتر استعمال کرائیں سرعت انزال کی تمام شکایات دور ہو جائیں گی۔

(مجربات صابر۔ص:۱۳۲)

۶ کلو پیشاب کرنے والا شوگر کا مریض

سندھور ۳۰ گرام۔ سم الفار ۱۰ گرام۔ پارہ ۱۰ گرام

ایک مٹی کے کوزے میں نصف سندھور بچھا کر پھر نصف سم الفار بچھا دیں اس کے اوپر پارہ رکھ کر پھر بقیہ سم الفار بچھا دیں اور اوراسکے

اور بقیہ سندھور۔اس کوزے کو اچھی طرح گل حکمت کریں۔خشک ہونے پر کسی بڑے منہ کے کوزے میں کچھ ریت ڈال کر یہ ادویہ والا کوزہ رکھ کر اس بڑے کوزے کو ریت سے بھر دیں اور ڈھکن لگا کر دس کلو اوپلوں کی آگ دیں۔خاکستری رنگ کا صحیح کشتہ برآمد ہوگا۔ایک چاول بارہ دن کھلانا کافی ہے۔یاد رہے کہ یہ نسخہ اسی مریض کو کھلانا ہے جس کو دن میں پانچ چھ کلو پیشاب آتا ہوا گر کم ہوگا تو نقصان ہوگا۔

(تحقیقات علم الامراض۔حکیم محمد یاسینؒ دنیاپوری۔ص:۱۳۳۹)

پراسٹیٹ گلینڈ

پیشاب کا رک رک کر آنا۔پیڑوں میں درد۔پاخانہ کم آنا۔پیشاب کا رک جانا وغیرہ کی تمام تکالیف میں یہ نسخہ انتہائی مجرب المجرب ہے۔قلمی شورہ ۵۰ گرام۔شب یمانی ۲۵ گرام۔جوکھار ۲۵ گرام۔انبہ ہلدی ۲۵ گرام۔سب کو سفوف بنا کر مٹی کی ہنڈیا میں ڈال کر ہلکی آگ پر رکھیں۔جب پانی بن جائے تو اتار لیں اور دوبارہ سفوف بنا کر شیشے کی بوتل میں محفوظ کر لیں۔چوتھائی چمچ دودھ کی لسی کے ساتھ کھانے سے ایک گھنٹہ قبل استعمال کریں۔انشاء اللہ تعالیٰ آپریشن کی ضرورت نہیں پڑے گی۔ (جناب حکیم عبدالقیوم جوگی صاحب۔اوڈیرولال)

سوزاک

سوزاک (Gonorrhoea) تعریف مرض:

اس میں پیشاب کی نالی (نائزہ) میں زخم ہو جاتا ہے جس سے پیپ بہنے لگتی ہے۔اکثر زخم میں درد اور شدید جلن ہوتی ہے مرض کی شدت کے باعث نائزہ میں تنگی ہو کر مرض میں مزید اضافہ ہو جاتا ہے۔اس کے جرثومہ کو ''گونوریا'' کہتے ہیں۔

اسباب:

پیشاب کی نالی میں رطوبت کے اخراج کا بند ہونا۔کثرت مباشرت۔دوران حیض مباشرت کا فعل سرانجام دینا۔گرم وخشک غذائیں کثرت سے استعمال کرنا۔گرم شدید ادویہ کا کثرت سے استعمال۔اغلام بازی۔جلق۔تیزابی ادویات وغذائیں کثرت سے استعمال کرنا اور زناکاری اس مرض کا خاص سبب ہے۔دوران حمل کی رطوبت یعنی لیکوریا وغیرہ کے اثر سے بھی سوزاک ہو جاتا ہے مرد وعورت کے اندر سوزاکی مادہ منتقل ہونے سے بھی سوزاک پروان چڑھتا ہے۔شدید گرم غذائیں مثال کے طور پر گرم مصالحہ جات۔تیل وترشی اچار چٹنی۔شراب خوری کثرت گوشت خوری وغیرہ رطوبت کو روک کر پیشاب کی نالی میں سوزش پیدا کر دیتی ہے بعض اوقات ریگ مثانہ یا پتھری مثانہ یا کنکریوں کے اٹکنے سے نالی میں سوزش پیدا ہو جاتی ہے کثرت احتلام وغیرہ بازاری عورتوں سے مباشرت سے بھی سوزاک کا مرض پیدا ہو جاتا ہے اللہ پاک کریم ہم سب کی حفاظت فرمائیں۔

علامات مرض:

مرض لگنے کے ۳ سے ۴ دن یا بعض اوقات ۸ سے ۱۰ گھنٹے تک اس مرض کی علامات شروع ہوتی ہیں۔پیشاب کی نالی میں سخت سوجن اور سرخی پیدا ہو جاتی ہے۔خراش وجلن میں اس قدر اضافہ ہو جاتا ہے کہ مریض تڑپ اٹھتا ہے۔پیشاب میں شدید جلن اور سخت درد ہوتا ہے۔پیشاب کے سوراخ سے زرد سرخی مائل پیپ خارج ہونے لگتی ہے۔5 یا 6 دن میں مرض میں شدت آجاتی ہے جلن اور درد میں اضافہ

ہو جاتا ہے اور پیپ گاڑھی آنے لگتی ہے۔ بعض اوقات اس قدر جلن ہوتی ہے کہ معمولی کپڑا بھی چھو جائے تو مریض تڑپ اٹھتا ہے۔ مریض پاؤں پھیلا کر چلتا ہے چہرہ پریشان حال ہو جاتا ہے۔

اب اس مرض کے علاج کی طرف آتے ہیں۔ مرض کا تعارف۔ اسباب۔ علامات ہوں اور علاج نہ ہو تو پوسٹ ادھوری لگے گی مقصد آپ سب کا نفع ہے۔

1۔ھوالشافی: آنبہ ہلدی 5 تولہ۔ نبات سفید 7 تولہ۔ ہجرالیہود 1 تولہ۔ تمام ادویات کو بالکل باریک پیس کر ملا لیں دوا تیار ہے۔ خوراک گائے کے آدھا کلو دودھ سے 4 ماشہ صبح شام استعمال کریں۔

یہ پوڈر نیا یا پرانا سوزاک ختم کرنے میں بے حد مفید اور تجربہ شدہ ہے۔

2۔ھوالشافی: زرد چوب ۴ ولہ۔ آملہ مقشر ۴ تولہ۔ نبات سفید ۸ تولہ۔ تمام ادویات کو بالکل باریک پیس کر ملا لیں دوا تیار ہے۔ خوراک ۷ ماشہ صبح شام تازہ پانی کیساتھ استعمال کریں۔

پرانے سوزاک کیلئے اکسیر ہے۔

3۔ھوالشافی: کباب چینی اصلی (جس کے ساتھ ڈنڈی ہو) تخم خرفہ۔ طباشیر۔ سبز الائچی۔ بہروزہ خشک۔ رال سفید سلاجیت اور روغن صندل سب برابر وزن لے لیں۔ تیاری تمام ادویات کو بالکل باریک پیس کر روغن ملا کر چنے کے برابر گولیاں بنا لیں۔ طریقہ استعمال 1 گولی صبح دوپہر شام شربت صندل سے دیجئے۔

اس دوا سے درد۔ پیپ تو پہلے ہی دن ختم ہو جاتی ہے لیکن دو ہفتے استعمال کریں۔

4۔ھوالشافی: دانہ الائچی کلاں (بڑی الائچی کا دانہ) اور قلمی شورہ دونوں چیزیں برابر وزن لے کر کوٹ پیس کر بالکل باریک کر لیں۔ خوراک 9 ماشہ صبح شام تازہ پانی سے دیں۔

سوزاک کے نسخوں کا سرتاج نسخہ ہے۔ اان نسخوں میں سے کوئی بھی نسخہ استعمال کریں جن کو خدانخواستہ یہ مرض ہے۔

5۔۔۔کافی عرصہ پہلے کی بات ہے میں بھی ان دنوں طب کی راغب تھا لیکن زیادہ علم اور معلومات نہیں رکھتا تھا۔ دسمبر کی رات تھی، رات دو یا اڑھائی بجے کلینک کی گھنٹی بجی،۔ میں اٹھ کر دروازے کی طرف گیا اور سمجھ گیا کہ کوئی ایمرجنسی کیس ہے۔ یہ تقریبا روزانہ کا معمول تھا کہ کوئی نہ کوئی مریض فرسٹ ایڈ کے لیے آ ہی جاتا تھا۔

میں نے ایک کھٹکے کی آواز سنی تو دروازہ کھولنے سے پہلے محدب شیشے سے باہر دیکھا تو ایک نوجوان کو کھڑے پایا،۔ جس نے ایک سائیکل تھام رکھا تھا،۔ چہرے سے اجنبی لگا دروازہ کھولا اور اس سے آنے کا مقصد معلوم کیا؟

وہ کہنے لگا ڈاکٹر جی میرے والد صاحب آپ کو جانتے ہیں وہ آپ کے ہمسایہ میں مکان بنا کر گئے ہیں۔ ان کا نام عبدالعزیز ہے۔ آج رات سے ان کا پیشاب بند ہے۔ مقامی ڈاکٹر نے دروازہ نہیں کھولا تو ابو نے مجھے آپ کے پاس بھیجا ہے۔ میں نے کہا بیٹا آپ کے علاقے میں، میں کم ہی گیا ہوں اس اندھیری رات میں آپ کے گھر کیسے پہنچوں گا؟

تو اس نے فوراً میری مشکل آسان کرتے ہوئے جواب دیا کہ ٹیلی فون ایکسچینج کے پاس ہمارا گھر ہے۔ میں نے کہا تم اب چلو میں کچھ ہی دیر تک پہنچتا ہوں۔ میں نے گرم کپڑے پہنے اپنا بیگ اٹھایا اور احتیاط کے ساتھ دو کیتھیٹر رکھے اور موٹر سائیکل سٹارٹ کیا اور بتائے ہوئے ایڈریس پر ٹیلی فون ایکسچینج کے سامنے پہنچ گیا۔ مجھے موڑ کی لائٹ میں کافی آگے وہی لڑکا ہاتھ ہلاتا نظر آیا کہ آگے آ جائیں۔ ایک دو موڑ کاٹنے کے بعد میں ایک مکان کے صحن میں تھا۔ موٹر سائیکل بند کیا۔ ہیلمنٹ اتارا تو مریض کے رونے کی آوازیں آنے لگیں۔

جلدی جلدی بیگ اتارا اور گھر کے اندر کی طرف لڑکے کی سربراہی میں چلتا ہوا مریض کے سامنے پہنچ گیا۔ ایک شناسا چہرہ تھا۔ میں اکثر اسے وہاں سے گزرتے دیکھتا تھا۔ وہ رو کر کہنے لگا کہ کئی گھنٹوں سے میرا پیشاب بند ہے۔ میں بہت تکلیف میں ہوں۔ میں نے اندر بیٹھے ہوئے چند مردوں اور عورتوں کو ساتھ والے کمرے میں جانے کی ہدایت کی اور اس لڑکے سے پرانا برتن لانے کے لیے کہا۔ برتن آ گیا تو میں نے فوراً کیتھیٹر کی مدد سے پیشاب نکالا تو اس کی جان میں جان آئی۔ پھر تفصیل سے پتہ چلا کہ ان کا پراسٹیٹ گلینڈ (غدۂ قدامیہ) بڑھ چکا ہے، وہ آدمی سابقہ فوجی تھا میں نے اسے فوجی ہسپتال جانے کی ہدایت کی تا کہ اس کا آپریشن ہو سکے۔ میں واپس آ گیا وہ صبح سویرے اپنے ہسپتال پنڈی روانہ ہو گیا اس نے ویگن میں اپنی گزری رات کا قصہ سنایا تو ایک بزرگ نے اسے آپریشن سے روکتے ہوئے ایک حکیم کا ایڈریس دیا اور اپنی شفا کی روداد سنائی۔ وہ حکیم صاحب کی دکان پر پہنچا تو دکان بند تھی کسی آدمی نے بتایا کہ آج حکیم صاحب کی بیٹی کی شادی ہے اور یہاں سے کچھ ہی دور ان کی رہائش ہے۔ وہ وہاں پہنچ گیا۔ وہاں لوگ بارات آنے کے انتظار میں تھے حکیم صاحب نے بات تو سنی مگر دوا دینے سے معذوری کا اظہار کیا۔ میں بھی مایوس سا ہو کر چل پڑا۔ ابھی باہر ہی نکلا تھا کہ ایک لڑکے نے روکتے ہوئے کہا کہ حکیم صاحب واپس بلا رہے ہیں۔ حکیم صاحب نے جیب سے ایک کاغذ نکال کر نسخہ لکھ دیا اور بولے کسی اور کو نہیں دینا تم ٹھیک ہو جاؤ گے۔ ابھی میری بیٹی کی رخصتی ہونے والی ہے اس کے لیے دعا کرنا۔

میں خوشی خوشی وہاں سے نکلا۔ نسخہ خرید ا استعمال کرنے پر پہلے دن ہی سے آرام محسوس کر رہا ہوں۔ آپریشن سے بچ گیا ہوں۔ میرے پوچھنے پر اس نے بٹوے سے حکیم صاحب کے ہاتھ کا لکھا نسخہ نکالا اور مجھے دے دیا۔ میں نے فوراً اسے پڑھ کر ذہن نشین کر لیا اور کاغذ واپس دے دیا اس کے بعد سے کافی مریضوں پر کامیابی سے استعمال کیا۔

نسخہ یہ ہے دھماسہ تیس گرام۔ سرپھوکہ تیس گرام۔ گل منڈی تیس گرام۔ برہم ڈنڈی تیس گرام۔ تمام ادویہ باہم ملا کر رکھیں اور پھر صبح پانچ گرام اور شام پانچ گرام سفوف کا قہوہ بنا کر پی لیں۔ پراسٹیٹ گلینڈ (غدۂ قدامیہ) واپس اپنی اصلی حالت پر آ جائے گا۔ امجرب المجرب ہے۔

(جناب حکیم جمیل حیدر عقیل صاحب)

پندرہواں باب

مقعد کے امراض

خونی بواسیر

علامات: پاخانہ کے ساتھ خون آنا۔بعض دفعہ بغیر پاخانہ کے بھی خون آتا رہتا ہے ۔ پاخانہ کا کئی بار آنا اور زور لگا کر کرنا۔ پاخانہ کا لیس دار ہونا کثرت خون بہنے کی وجہ سے جسم کا رنگ پھیکا پڑ جانا۔ چہرے پر بھر بھراہٹ ۔کمزوری اور نقاہت ہونا اٹھتے بیٹھتے چکر کا آنا۔اختلاج قلب کی شکایت کا ہونا۔

نسخہ: ملٹھی کو باریک پاوڈر بنالیں اور پانچ سو ملی گرام والے کیپسول بھر لیں ۔ پہلے دن دو کیپسول صبح کھانے کے ایک گھنٹہ بعد اور دو کیپسول شام پھر اگلے دن سے ایک کیپسول صبح ایک کیپسول شام دس دن تک ہمراہ عرق سونف ۔

سنگ جراح کو دھنیا سبز میں کشتہ کر لیں یہ دیں یا سفید سرمہ کا کشتہ لوکی میں کیا ہوا دیں یا صرف لوکی کا جوس دیں ۔

بواسیری مسے

ایک تولہ روغن ارنڈی اور دو تولہ میٹھا سوڈا ملا کر مرہم تیار کر لیں ۔مسوں پر لگائیں ۔سب خشک ہو جائیں گے ۔ (جناب حکیم نعمت اللہ صاحب)

بواسیر

ا۔۔سفوف مغز کرنجوہ ۶ ماشہ۔شکر سفید (مصری) ۶ ماشہ۔ باہم ملا کر سفوف بنالیں یہ ایک خوراک کا نسخہ ہے ۔ضرورت کے مطابق زیادہ بنالیں ۔ بواسیر خونی و بادی کے مفید ہے ۔اس دوا سے ہمیشہ کے لئے بواسیر سے نجات مل جاتی ہے ۔ایک تولہ یہ خوارک روزانہ نہار منہ ہمراہ ٹھنڈے پانی سے استعمال کریں اور غذا میں گھی کا استعمال زیادہ رکھیں ۔ (طبی صندوقچہ ۔ص:۳۰)

۲۔۔ریٹھہ کا سفوف بنالیں پانچ سو ایم جی والا ایک کیپسول صبح وشام دودھ سے دیں ۔

۳۔۔تارامیرا کا سفوف بنالیں پانچ سو ایم جی والا کیپسول بھر لیں صبح نہار اور رات کو سوتے وقت لیں ۔سرخ مرچ اور گوشت کا پرہیز کریں ۔ ہر طرح کی بواسیر ختم ہو جائے گی ۔ان شاءاللہ تعالیٰ ۔ (جناب حکیم سید حیدر رضا بخاری صاحب ۔لاہور)

چنونے

چھمک نمولی کے پھلوں کو کسی شیشی میں ڈال کر سرسوں کا تیل ڈال دیں ۔ پندرہ دن تک دھوپ میں رکھیں اس کے بعد کسی برتن میں ڈال کر اچھی طرح گرم کر لیں لیکن پھل جلنے نہ پائیں ۔نکال کر تیل چھان لیں اور کسی شیشی میں محفوظ کر لیں ۔بچہ چنونے کی وجہ سے جب رونے لگے تو روئی سے اس کے مقعد پر چاروں طرف لگا دیں سارے کیڑے مر کر گر جائیں گے ۔ (جناب ماسٹر محمد عمر ماکوڑانی صاحب)

سولھواں باب

جوڑ و جلد کے امراض

گنٹھیا

(ہر قسم کی درد یں۔گنٹھیا۔جوڑوں کا درد۔کمر درد۔لقوہ اور فالج کے لیے)

چالیس تولے تلوں کے تیل میں بیس پتے آک کے۔بیس عدد بھلانوے اور دو ماشہ سم الفار ڈال کر آگ پر رکھ دیں اور خود آگ سے دور رہیں۔جب تیل کا دھواں نکلنا بند ہو جائے اور تمام اشیاء جل جائیں تو تیل کو چھان کر بوتل میں بھر لیں۔اس تیل کو گرم کر کے دو تین بار دھوپ میں بیٹھ کر مالش کریں۔ (پیٹنٹ ادویات و پوشیدہ طبی راز۔ص:۲۳)

جوڑوں کا درد

سورنجان شیریں۔پوست ہلیلہ زرد۔ایلوا۔ہموزن سفوف بنالیں۔تین ماشہ کی خوراک صبح وشام دیں۔اکیسر ہے۔

عرق النساء

۱۔۔۔ستاور۔سونٹھ۔اسگندھ ناگوری۔مصبر۔چاروں ہموزن لے کر سفوف بنالیں پھر گھیگوار کے رس میں کھرل کر کے چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔ایک گولی صبح اور ایک شام پانی کے ساتھ لیں۔ہر ایک درد،وجع المفاصل،عرق النساء کے لیے بے حد مفید اور مجرب ہے۔ کوڑیوں کی دوا سے موتیوں کے فوائد دیکھیں۔ (تیر بہدف۔ص:۵۰)

۲۔۔۔سورنجان شیریں۔پچاس گرام۔کالی مرچ۔چھوٹی ہرڑ۔مصبر تینوں پچیس پچیس گرام۔سب کا سفوف بنالیں۔چھ ماشہ دودھ کے ساتھ صبح وشام۔

۳۔۔۔چندرس (گوند) سفوف دو گرام صبح وشام دودھ سے۔ (جناب حکیم محمد اسمٰعیل بلوچ صاحب۔ٹنڈو آدم)

روغن درد بند

میٹھا تیلیا ایک تولہ۔روغن کنجد ۵ تولہ۔روغن تارپین ۲ تولہ۔پہلے میٹھا تیلیا کو روغن کنجد میں جلا کر کوئلہ کرلیں۔پھر چھان کر روغن تارپین شامل کر دیں۔ہر قسم کے عضلاتی دردوں کے لیے اکسیر ہے۔لگاتے ہی درد بند ہو جاتا ہے۔ (مجربات صابر۔ص:۸۸)

مصفی خون

افسنتین۔عشبہ۔گندھک۔تخم بھنگرہ۔سب ہموزن۔سب کا سفوف بنالیں۔۶ ماشہ خوراک دن میں چار مرتبہ ہمراہ تازہ پانی یا چائے استعمال کریں۔ہر قسم کی خرابی خون کے لئے اعلیٰ درجہ کی دوا ہے۔بے ضرر ہے۔ (بکھرے موتی۔ص:۱۰۱)

ہر قسم کے زخموں کے لیے

۱۶ عدد بھلانواں لے کر ایک پاؤ تل کے تیل میں جلالیں اور چھان کر اس میں ایک تولہ سنگجراح پیس کر حل کرلیں دوا تیار ہوگئی۔مرغی کے پر سے زخم پر لگائیں۔زخموں کو بھرنے میں بے نظیر ہے۔یہاں تک کہ مویشیوں کے زخموں کے لیے بھی۔(حکمت کے راز۔ص:۱۴۷)

خنازیر

پوست ریٹھہ کی گولیاں بنالیں یا ۴ رتی کی خوراک کے کیپسول بھرلیں۔صبح وشام ایک ایک کیپسول لیں۔خنازیر کا نام ونشان نہیں رہتا۔

(مجربات حیات جلد اول۔ص:۱۷۰)

مزمن امراض

سکہ مصفّٰی ۲ تولہ۔پارہ ایک تولہ۔گندھک آملہ سار ۵ تولہ۔سکہ جب پگل جائے تو اس میں پارہ ڈال دیں اور ایک ایک چٹکی گندھک آملہ سار کی چٹکی دے کر لوہے کی سلاخ سے ہلاتے جائیں جب دھواں نکلنا بند ہو جائے تو دوسری چٹکی ڈال کر اسی طرح کریں حتیٰ کہ سکہ کشتہ ہو جائے گا اب اس کو کھرل کر کے سنبھال لیں۔دوا تیار ہے۔دو چاول سے ایک رتی تک خوراک ہے۔جنگلی بیری کے دو پتوں میں رکھ کر کھلائیں اور اس کے کھانے کے آدھے گھنٹہ بعد ایک چھٹانک مکھن دیں۔داد۔پھوڑے۔چنبل۔عورتوں میں ناسور جسے قرح سوزاک کہتے ہیں۔بدبو دار مواد کا نکلنا۔گھنٹیا۔جسم میں گھلٹیاں بن جاتیں ان کے لیے اکسیر ہے۔ایک ہفتہ کا ناغہ کر کے پھر دیں۔

سکہ کو مصفی کو کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ آک کے دودھ دس تولہ میں تین بار ایک تولہ سکہ پگلا کر ڈال دیں تو مصفیٰ ہو جائے گا۔اس کو مصفی کرنے کے بعد ہی اس کا کمال سامنے آتا ہے اور سب سے زیادہ نقصان گردے کو سکہ کی ہی وجہ سے ہوتی ہے۔

(جناب حکیم سید اعجاز احمد رضوی صاحب۔سیالکوٹ)

گندھک کا تیل خوراکی و پوشاکی

گندھک آملہ سار پانچ تولہ۔ہڑتال ورقیہ ایک تولہ

دونوں ادویہ کو باریک سفوف کرلیں اور ایک لوہے کی کڑاہی میں ڈال کر اوپر پانچ سو گرام تیل سرسوں خالص ڈال کر ہلکی آنچ پر رکھ

دیں دھیرے دھیرے گندھک پگل کر تیل میں شامل ہوتی جائے گی۔ ایک گھنٹہ تک ساری گندھک تیل بن جائے گی۔ تیل گاڑھا اور سرخ رنگ میں دستیاب ہوگا۔ جلے ہوئے زخم کا شاندار علاج ہے۔ بے حد مصفی خون ہے۔ پرانی سے پرانی چھپاکی چند دنوں میں ختم ہوگی۔

طریقہ استعمال خوراکی

زیرو سائیز کے کیپسول میں چار قطرے ڈال کر استعمال کریں۔

طریقہ استعمال پوشاکی

پچاس گرام اس روغن سے لے کر اس میں تین تولہ کڑوا تیل۔ ایک تولہ ڈیٹول۔ ایک تولہ رس لیموں مقطر شامل کر کے اچھی طرح ملا لیں داد۔ چنبل۔ خارش پر مالش کریں شفا پائیں۔ (جناب حکیم حاجی راشد علی آرائیں صاحب۔ 03463638945)

ناسور۔ بھگندر۔ خارش۔ زخم

رال۔ کتھہ سرخ۔ نیلا توتیا۔ سرسوں کا تیل۔ سب ہموزن لے کر کھرل کرتے جائیں اور تھوڑا تھوڑا پانی ڈالتے جائیں، جب پانی کا رنگ نیلا ہو جائے تو نکال دیں دوسرا پانی ڈال لیں۔ جب دیکھیں کہ پانی بالکل سفید ہی رہتا ہے تو کھرل کرنا بند کر دیں۔ جوں جوں دوا کھرل کریں گے یہ پھولتی جائے گی اس لیے کسی بڑے کھرل میں ڈال کر کھرل کریں۔ بعد میں محفوظ کر کے رکھ لیں۔ مقام متاثرہ پر روزانہ لگائیں۔ مقام متاثرہ پھولتا جائے گا اور اندر سے مواد نکلتا رہے گا۔ روزانہ صاف کر کے نئی دوا لگائیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ پندرہ روز کے اندر اندر مقام متاثرہ بالکل ٹھیک ہو جائے گا۔ (جناب ماسٹر محمد رمضان چشتی صاحب)

چھپاکی کیلئے لاجواب دوا

کچورلے کر باریک پیس لیں ۵۰۰ ایم جی والے کیپسول بھر لیں ایک کیپسول صبح و شام بعد غذا ہمراہ پانی دیں۔ چھپاکی کیلئے مجرب ہے۔

مصفی خون اعلیٰ نسخہ

پنیر ڈوڈی۔ چرائیتہ نیپالی۔ کوڑ انڈرین۔ کچور۔ دھماسہ۔ تمام اجزاء ہموزن باریک سفوف بنالیں اور ۵۰۰ ملی گرام کا کیپسول تین وقت دیں۔

بواسیر

۱۔۔ ریٹھے کے چھلکے بارہ آنے بریاں کریں۔ پھر سفوف بنالیں۔ ایک رتی مکھن تازہ ایک چھٹانک کے ساتھ نہار منہ مریض کو دیں۔ بواسیر خونی و بادی کا آخری علاج ہے۔ مجرب نسخہ ہے۔ اور ریٹھے کے مغز کی کریم تیار کر لیں اور یہ مسوں پر لگائیں۔ ایک ہفتہ میں سارے مسے خشک ہو جائیں گے۔ نمک۔ مرچ۔ چاول۔ گوشت۔ انڈہ کا پرہیز کریں۔ (جناب حکیم حاجی ظفر مدنی صاحب)

۲۔۔ ریٹھے کے چھلکے آدھا پاؤ کا سفوف بنالیں اور آدھا کلو دہی میں بھگو دیں۔ خشک ہونے پر کالی مرچ کے برابر گولی بنالیں۔ ایک گولی روزانہ دیں۔ بواسیر۔ آتشک۔ کوڑ۔ سوزاک کے لیے اکسیر ہے۔

سترہواں باب

مَردوں کے امراض

جریان واحتلام

اس دوا کو طب میں ممتاز درجہ حاصل ہے۔دیکھنے میں نسخہ معمولی ہے مگر فوائد کے لحاظ سے نہایت بے نظیر ہے۔منی کو گاڑھا کر کے جریان واحتلام کو بند کردیتا ہے اور وزن بڑھاتا ہے۔

اسگندھ۔بدھارا۔ستاور۔تینوں ہموزن لے کر الگ الگ سفوف بنالیں اور کپڑے سے چھان لیں سب کے برابر مصری ملا کر ملا لیں۔٦ ماشہ خوراک دودھ سے لیں۔ (پیٹنٹ ادویات و پوشیدہ طبی راز۔ص:۳۵)

سرعت انزال

کیکر (ببول) کی کچی پھلیاں جن میں ابھی بیج نہ پڑا ہو لے کر سایہ میں خشک کر کے سفوف بنالیں اور اس سفوف کے ہموزن مصری ملالیں۔صبح وشام ٦ ماشہ دودھ کے ہمراہ لیں۔کم ازکم ایک ماہ استعمال کریں۔شرطیہ نسخہ ہے۔ (خزینۃ المجربات۔ص:١٦)

نامردی

سونٹھ عمدہ بارہ (١٢) تولہ کو تین یوم پانی میں بھگو لیں۔پانی ہر روز تبدیل کرتے رہیں۔تین یوم کے بعد خشک کر کے سفوف بنالیں۔اس میں سورنجان شیریں ۹ تولہ اور چینی ١٨ تولہ ملالیں۔سب کو ملا کر ٢٨ خوراک بنالیں۔ایک خوراک رات کو سوتے وقت دودھ سے لیں۔مقوی باہ۔ممسک۔مغلظ منی اور نامردی کا اکسیری علاج ہے۔ (راز الاطباء۔ص:۳٦)

اولاد نرینہ

مورپنکھ کی تین چوٹیاں کتر کر گڑ ملا کر تین عدد گولیاں بنالیں دوسرے اور تیسرے ماہ کے اندر دودھ سے دیں (روزانہ ایک رات کو) انشاءاللہ شرطیہ لڑکا پیدا ہوگا۔ (مجربات حکمائے پاک وہند۔ص:٢٣٢)

مقوی باہ

فلفل دراز ۵ تولہ۔پوست بیخ کنیر سفید ایک تولہ۔شیر گاؤ ڈھائی سیر میں ڈال کر پکائیں۔کھویا بننے پر خشک کریں۔ ۷ تا ۱۰ ماشہ روزانہ ہمراہ دودھ دیں۔اس سے بڑھ کر قوت باہ کا بہت کم نسخہ ہوگا۔دو تین ہفتہ میں ناقابل برداشت قوت پیدا کرتا ہے۔

(مجربات حکمائے پاک و ہند۔ص:۳۳۵)

سفوف رسائن بدن

جریان۔سرعت انزال۔احتلام۔کمر درد۔پیشاب کا بار بار آنا۔دل دھڑکن۔سانس کا پھول جانا۔ضعف بصر اور بے شمار بیماریوں کے لیے اکسیر صفت ہے۔اسگندھ ناگوری اور ہم وزن مصری کا سفوف بنالیں۔چھ ماشہ صبح دودھ یا سرد پانی سے لیں۔عجیب چیز ہے۔

(کمزوری اور نامردمی کا شرطیہ علاج۔ص:۴۲)

بے ضرر مقوی بدن

سنڈھ حسب ضرورت لے کر پانی میں بھگو دیں 3 روز پانی تبدیل کر کے نیا ڈالتے جائیں۔اس کے بعد خشک کر کے سفوف بنالیں اس سفوف کے ہموزن سورنجاں شیریں کا سفوف ڈالیں۔کل وزن سفوف کے تین گنا شہد ملا کر معجون بنالیں ایک چمچ صبح و شام نیم گرم دودھ کے ساتھ بعد از غذا چودہ دن کھائیں۔شوگر کے مریض بغیر شہد کے استعمال کریں مقوی باہ و اعضاء رئیسہ۔ضعف دماغ و معدہ کے لیے بہت اعلیٰ ہے۔سستی کاہلی ختم کرتی ہے۔بھوک خوب لگتی ہے۔صرف ایک بار بنا کر تجربہ ضرور کریں۔آپ کی امید سے زیادہ فائدہ دے گا۔

جنسی قوت کا خزانہ

آدھا سیر موصلی سفید ہموزن دودھ میں پکائیں۔جب تمام دودھ خشک ہو جائے تو سائے میں رکھ کر سکھالیں۔سفوف بنا کر ایک تولہ جائفل اور ایک تولہ جاوتری ملا دیں اور شہد کے ہمراہ جنگلی بیر جتنی بڑی گولیاں بنالیں روزانہ ایک گولی رات کو دودھ سے لیں۔قوت باہ میں اضافہ کرتی ہے اور منی کو گاڑھا کرتی ہے۔

(مردانہ قوت بڑھائیں۔ص:۷۶)

مقوی باہ معجون

زردی بیضہ مرغ ۴۰ عدد۔مالکنگنی ایک سیر۔لونگ۔جائفل۔مغز اخروٹ۔موصلی سفید ہر ایک سوا تولہ۔مرچ سیاہ ایک تولہ۔پرانا گڑ ایک سیر۔سب چیزوں کو کوٹ کر آپس میں ملا لیں ۶ ماشہ سے ۲ تولہ تک صبح و شام استعمال کریں۔اس سے قوت حافظہ غضب کی ہو جاتی ہے۔یہ بہت حیرت انگیز طور پر مقوی باہ ہے۔اگر بلغم پیدا کرنے والی اشیاء سے پرہیز کیا جائے تو اس کی مداومت سے جوانی کے دنوں میں سفید شدہ بال بھی از سر نو سیاہ ہو جاتے ہیں اور بدن کندن کی طرح چمکدار ہو جاتا ہے۔

(نئی جوانی۔ص:۷۰)

سختی آلہ تناسل

ایک ہلیلہ کابلی کو باریک سفوف بنا کر ہموزن شہد ملا کر چالیس روز تک ایک عدد کے حساب سے روز کھائیں۔ پھر تماشا دیکھیں۔

(مجربات بوعلی سینا۔ص:۳۳)

طوفانی طاقت لانے والی دوا

بھلاوہ ۵ تولہ، کالے تل ۱۰ تولہ، زردی مرغ ۱۲عدد، سم الفار ۶ ماشہ شنگرف ایک تولہ۔ پہلے شنگرف اور سم الفار کو سفوف بنا کر انڈوں کی زردی میں کھرل کر لیں۔ پھر تل اور بھلاوہ کوٹ کر ملا لیں اب اس میں ۵ تولہ دیسی گھی ڈال کر پتال جنتر سے تیل نکال لیں۔ یہ تیل ۴ رتی خوارک مکھن سے دیں۔ یہ نسخہ جناب حکیم شیخ محمد عابد انصاری سیوہانی رحمۃ اللہ علیہ شاہی طبیب یمن کا ہے موصوف نے ۱۸۴۱ء میں مدینہ منورہ میں وفات پائی۔

(تحفہ طبیبین جا۔ص:۷۵)

سوزاک

سیماب ۶ ماشہ۔ گندھک ۶ ماشہ۔ کباب چینی ۶ ماشہ۔ مردارسنگ ۶ ماشہ۔ کتھہ سفید ۶ ماشہ۔ اول گندھک اور پانی کی کجلی تیار کریں پھر دوسری ادویات ملا کر کھرل کریں۔ پرانے سے پرانے سوزاک۔ آتشک اور ضعف کو جو سبب آتشک ہو نفع دیتا ہے۔

(خزینہ اکسیرات۔ص:۲۰)

فوری اثر طِلا

لونگ کو باریک سفوف مثل غبار بنا کر شیشی میں سنبھال رکھیں۔ رات کے وقت تقریباً ایک ماشہ دوا ہتھیلی پر رکھ کر لعاب دہن کے ساتھ لیپ بنالیں۔ حشفہ اور سیون چھوڑ کر عضو پر ضماد کر کے اوپر برگ دھتورہ یا برگ ارنڈ رکھ کر ہلکی سی پٹی باندھیں۔ صبح کھول کر اعضاء کو گرم پانی سے صاف کر دیا کریں۔ اگر عضو پر بثور نمودار ہوں تو اسی وقت یہ دوا ترک کر کے جلا ہوا گھی لگایا کریں جب دانے معدوم ہو جائیں تو پھر یہی عمل شروع کریں۔ دانے پیدا ہونے پر بند کر دیں۔ اسی طرح دو تین بار عمل سے بفضلہ تناسل کے تمام نقائص دور ہو جائیں گے۔

(ارزاں چٹکلے۔ص:۱۸۲)

ممسک

سم الفار سفید اور طباشیر ہموزن کو سولہ پہر (۳۱ گھنٹے) کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔ عصر کے وقت ایک چاول کے بقدر بتاشہ میں ڈال کر کھالیں۔ اوپر سے دودھ جتنا دل چاہے پی لیں۔ بے حد امساک پیدا کرتا ہے۔

(مفتاح الخزائن۔ص:۱۳۳)

مقوی باہ

بلادر ایک عدد کو ۲ تولہ گھی میں جلائیں۔ جب جل جائے تو بلادر کو نکال لیں۔ اس گھی میں ایک انڈہ مرغ بریاں کریں ہر روز ایک انڈہ کھائیں۔ گھی کا استعمال زیادہ کریں۔ ایک ہی ہفتہ میں ناقابل ضبط قوت باہ پیدا ہو جائے گا۔

(مفتاح الخزائن۔ص:۵۵۹)

سفوف مغلظ

سمندر سوکھ۔ تالمکھانہ۔ تخم ریحان سب ہموزن سفوف بنالیں۔ صبح وشام پانچ پانچ ماشہ دودھ سے لیں۔ منی کی رقت کو دور کرنے کے لیے مجرب چیز ہے۔ (قاطع جریان۔ ص:۲۳)

تریاق باہ

سم الفار سفید ایک تولہ۔ اجوائن خراسانی ۵ تولہ میں چوبیس گھنٹے تک مسلسل کھرل کریں۔ ایک چاول مکھن یا بالائی میں رکھ کر کھلائیں مرغن غذا دیں۔ بے حد مقوی باہ ہے۔ (اسرار باہ۔ ص:۴۰)

سفوف جریان

تالمکھانہ ۴ تولہ۔ طباشیر ۲ تولہ۔ کشتہ قلعی ۳ ماشہ۔ دانہ الائچی خورد ۶ ماشہ سب کو سفوف بنالیں۔ تین ماشہ صبح وشام ہمراہ شیر گاؤ استعمال کرائیں۔ خصوصاً جن کے مزاج میں زیادہ گرمی ہو اور اعضاء رئیسہ کمزور ہوں ان کے لئے از حد مفید ہے منی کو گاڑھا کرتا ہے، معدہ وقلب کو طاقت دیتا ہے۔ (مجربات سلطانی۔ ص:۱۹۱)

شیر مقوی باہ

۶ ماشہ گوند چھوہارہ ایک سیر دودھ میں پیس کر ڈال دیں اور جوش دیں۔ جب دودھ کا رنگ گلابی ہو جائے تو اتار کر بقدر ضرورت مصری ملالیں اور سوتے وقت پی لیں۔ نہایت مقوی باہ ہے جریان کو دفع کرتا ہے اور امساک پیدا کرتا ہے۔ یہ ایک جامع ترکیب ہے جس کی موجودہ زمانے میں نہایت ضرورت ہے۔ (مجربات سلطانی۔ ص:۲۴۲)

مقوی باہ حلوہ

بھلانوہ پونے نو تولہ لے کر اس کی ٹوپیاں اتار دیں اور چوبیس سیر گائے کے دودھ میں ہلکی آگ پر پکائیں حتیٰ کہ کھویا بن جائے تو بھلاوہ نکال لیں اور اب ایک سیر میدہ ڈال کر مناسب چینی اور گھی ملا کر بھون لیں اور حلوہ بنالیں اور روزانہ دو تولہ صبح کھا کر اوپر سے دودھ پی لیں۔ یہ نسخہ بڑے بڑے حکماء کا آزمودہ ہے قوت باہ کے لئے اکسیر ہے۔ (مردانہ طاقت۔ ص:۲۱۹)

اکسیر سوزاک

ریوند چینی باریک سفوف بنا کر قدرے گڑ ملا کر آمیزش سے بقدر نخود گولیاں بنائیں تین گولی صبح، تین گولی شام دودھ کی لسی سے کھائیں۔ سوزاک خواہ نیا ہو خواہ پرانا، قرحہ کتنا ہی شدید کیوں نہ ہو، ایک ہفتہ میں آرام ہو جائے گا۔ (مجربات بنوریہ۔ ص:۱۴۶)

حب سوزاک

جس کو مرض سوزاک میں پیشاب کے ہمراہ خون آتا ہو، ریوند خطائی ۲۱ ماشہ کوٹ چھان کر حبوب بنائیں ان تمام حبوب کو چھ خوراک

کریں ایک خوراک صبح ایک شام ہمراہ شربت مصری سے کھائیں۔ (مجربات بنوریہ۔ص:۱۴۷)

مردمی طاقت

خولنجان، تالمکھانہ ہموزن لے کر سفوف بنالیں اور ہموزن مصری شامل کرلیں اور ہمیشہ ۶ ماشہ صبح کے وقت دودھ کے ساتھ استعمال کیا کریں۔ یہ مختصر نسخہ فوائد میں قیمتی نسخوں سے بڑھ چڑھ کر ہے۔ (مجربات بنوریہ۔ص:۱۸۰)

جریان

تودری سفید ۷ ماشہ علی الصبح پاؤ بھر دودھ کے ساتھ ۲۱ دن استعمال کریں، بے حد مفید اور زود اثر ہے۔ (مجربات بنوریہ۔ص:۱۹۲)

امساک

چنے بھنے ہوئے ایک چھٹانک پختہ اور اس کے ساتھ ایک چھٹانک مصری ایک گھنٹہ پہلے کھالیں اور پانی نہ پیئیں، ایک گھنٹہ بعد صحبت کرے انزال نہ ہوگا۔ یہ بہت عمدہ نسخہ ہے۔ (مجربات بنوریہ۔ص:۲۰۸)

جماع کے بعد

اکثر مرد اور عورتیں بعد فراغت جماع آپ سرد پیتے ہیں حالانکہ یہ فعل دونوں کے واسطے مضر ہے اس لیے کہ تمام اعضاء گرم ہوتے ہیں وہ پانی کو فوراً جذب کر لیتے ہیں اور اس سے عوارض فالج ولقوہ، ورم جگر وورم معدہ ورعشہ پیدا ہونے کا اندیشہ ہوتا ہے۔ اس وقت گائے کا دودھ یا شہد کا پینا بہت مفید ہے بلکہ باعث قوت باہ ہے۔ (مجربات بشیر۔ص:۲۷)

محرک باہ

گھونگچی سفید ۵ تولہ۔ دودھ دو کلو۔کسی برتن میں گھونگچی ڈال کر اوپر اتنا دودھ ڈالیں کہ ڈوب جائیں۔ جب خشک ہونے لگے اور دودھ ڈال دیں اس طرح دو کلو دودھ ختم کرائیں۔ دودھ خشک ہونے پر گھونگچی نکال کر چھلکا اتارلیں اور پانچ تولہ گوکھرو اور پانچ تولہ تخم اوٹنگن ملا کر سفوف بنالیں۔ ایک سے تین ماشہ تک ہمراہ شیر استعمال کریں۔ زبردست محرک باہ ہے اور از حد انتشار پیدا کرتی ہے۔

(حلفیہ مجربات۔ص:۱۸۲)

سوزاک

علامات: پرانے سوزاک میں مدتوں تک تھوڑی بہت پیپ آتی رہتی ہے اور کبھی کبھی پیشاب جل کر اور درد سے آنے لگتا ہے۔ کیکر کی کونپلیں ۷ ماشہ لے کر پانی میں شیرہ نکال کر اور مصری ملا کر دو ہفتہ تک پلائیں۔ (مردانہ امراض۔ص:۱۳۹)

پھٹکڑی سفید، گیرو، ہموزن سفوف بنالیں۔ تین ماشہ ہمراہ کچی لسی دن میں چار بار لیں۔ (بکھرے موتی۔ص:۷۶)

حلوہ مقوی باہ، دافع جریان اور سیلان

یہ بے حد محرک قلب اور مقوی عضلات ہے۔ قوت باہ میں بے پناہ اضافہ کرتا ہے۔ مردوں میں جریان اور عورتوں میں سیلان الرحم ختم کر کے اولاد پیدا کرنے کی استعداد پیدا کرتا ہے۔ مادہ منویہ میں جراثیم وافر پیدا کرتا ہے اس کے علاوہ نزلہ زکام، بلغمی دمہ، بلغمی کھانسی اور سینہ کے بوجھ دور کرنے کے لئے اعلیٰ درجہ کا حلوہ ہے۔

سرخ چنے کا آٹا ایک سیر، (دیسی) انڈے سولہ عدد، چھوہارے ایک پاؤ، منقیٰ ایک پاؤ۔ (دیسی) گھی ڈیڑھ سیر، چینی ڈیڑھ سیر۔ اول چنے کا آٹا آدھا سیر گھی میں بھون لیں۔ جب بھون کی خوشبو آنے لگے پھر بقایا ایک سیر گھی، ڈیڑھ سیر چینی اور سولہ عدد انڈے توڑ کر ملا دیں اور پھر آگ پر گرم کرنا شروع کریں۔ یہ خیال رہے کہ قوام میں کڑچھی ضرور ہلاتے رہیں تا کہ برتن کے پیندے میں داغ نہ لگ جائے۔ جب قوام گھی چھوڑ دے یعنی گھی پانی کی طرح نکل آئے تو حلوہ تیار سمجھیں تیار ہونے پر چھوہارے اور منقیٰ کوٹ کر ملا دیں۔ نہایت اعلیٰ درجہ کا حلوہ ہے۔ جتنی دیر رکھیں خراب نہیں ہوگا۔ پانچ تولہ سے سات تولہ تک حلوہ گرم کر کے صبح ناشتے کے طور پر کھالیا کریں پھر قدرت خدا کا مظاہرہ کریں۔

(بکھرے موتی۔ص:۸۱)

حلوہ ادرک

ادرک ایک پاؤ۔ دیسی گھی ایک پاؤ۔ چینی ایک پاؤ۔ دودھ تین کلو۔ ادرک کو باریک باریک کتر لیں پھر تینوں چیزوں کو ایک دیگچی میں ڈال کر اتنا پکائیں کہ کھویا بن جائے۔ پچیس سے پچاس گرام تک صبح و شام کھلائیں۔ جوڑوں کے درد اور سستی۔ نقاہت اور کمزوری کے لئے بہترین ہے سردیوں کا خاص تحفہ ہے۔

(بکھرے موتی۔ص:۱۵۳)

لڈو شباب آور

مغز اخروٹ پانچ سو گرام۔ مغز پستہ ایک پاؤ۔ کشمش سو گرام، بیسن ایک کلو، گھی ایک کلو، چینی حسب ضرورت۔ پہلے مغز اخروٹ اور پستہ ملا کر باریک کر لیں اور اس قدر کوٹیں کہ یک جان ہو جائیں پھر بیسن کو گھی میں بھون لیں اور سب کو اچھی طرح ملا کر لڈو بنالیں ایک سے تین لڈو تک صبح ناشتہ میں کھائیں۔ رطوبتی نزلہ زکام کھانسی، جریان منی اور لیکوریا کے لئے مفید ہے۔

(بکھرے موتی۔ص:۱۵۳)

سفوف جریان توڑ

پتلی اور رقیق منی کو غلیظ اور گاڑھا کرتا ہے۔ علاوہ ازیں مزید منی کو پیدا کر کے قوت باہ بڑھاتا ہے۔ دانہ الائچی خورد، دانہ الائچی کلاں، اسگندھ ناگوری، تج قلمی، ثعلب دانہ، تالمکھانہ، سب چیزیں ہم وزن لے کر اچھی طرح صاف کر کے کوٹ پیس کر چھان لیں اور ہم وزن مصری کا سفوف ملالیں۔ ۶ ماشہ سے ۹ ماشہ تک خوراک صبح و شام ہمراہ دودھ سے لیں۔

(بکھرے موتی۔ص:۱۸۵)

برائے اعادہ شباب

برائے اعادہ شباب عمر رسیدہ اشخاص، حرارت وتقویت عزیزی کا محافظ۔ مغز اخروٹ ایک کلو، مغز پستہ ایک پاؤ، کشمش سوا کلو، بیسن

گرام دودھ سے روزانہ کھائیں۔ (بکھرے موتی ص:۱۸۸)

سرعت انزال اور نامردی

سوا سیر کچلوں کا سفوف لیں اور ایک کڑاہی میں آدھا ڈال کر درمیان میں ۵ تولہ شنگرف کی ڈلی رکھ کر اوپر ڈھائی سیر گھی اور باقی سفوف کچلہ ڈال دیں۔جل جانے پر اتار کر شنگرف پیس لیں۔ ۲ چاول خوراک ہمراہ مکھن استعمال کریں۔ممسک ہونے کے علاوہ نامرد کے لئے بھی عجیب چیز ہے۔ (شنگرف کے کرشمے۔ص:۱۹۲)

مقوی باہ معجون

زردی بیضہ مرغ ۴۰عدد۔مالکنگنی ایک سیر۔لونگ۔جائفل۔مغز اخروٹ۔موصلی سفید ہر ایک سوا تولہ۔مرچ سیاہ ایک تولہ۔پرانا گڑ ایک سیر۔سب چیزوں کو کوٹ کر آپس میں ملالیں ۶ ماشہ سے ۲ تولہ تک صبح وشام استعمال کریں۔اس سے قوت حافظہ غضب کی ہوجاتی ہے۔ یہ بہت حیرت انگیز طور پر مقوی باہ ہے۔اگر بلغم پیدا کرنے والی اشیاء سے پرہیز کیا جائے تو اس کی مداومت سے جوانی کے دنوں میں سفید شدہ بال بھی ازسرنو سیاہ ہوجاتے ہیں اور بدن کندن کی طرح چمکدار ہوجاتا ہے۔ (نئی جوانی۔ص:۷۰)

قیمتی معجونوں کا مقابل

بھنے ہوئے چنے اور بادام مقشر ہموزن سفوف بنالیں ایک چمچ روزانہ کھائیں۔بڑے بڑے قیمتی معجونوں کا کرتا ہے۔شہوت کو بڑھاتا ہے۔ (ادویات باہ۔ص:۳۰۳)

ممسک لاثانی

معجون اذراقی (ہمدرد) کا صبح ناشتہ کے بعد اتنا لیں جتنا ڈبیہ پر لکھا ہوا ہے بلکہ اس سے زیادہ ہی کرلیں۔دو گھنٹہ بعد سابودانہ ایک تولہ سفوف بنا کر دودھ کے ایک گلاس میں ملالیں اس میں دو چمچ گلوکوز ملا کر پی لیں۔رات کو صحبت کریں انزال نہ ہوگا۔(ماسٹر عمر ماکوڑانی)

عشق جام

جند بیدستر ۳ گرام۔ریگ ماہی ۳ گرام۔بیر بہوٹی ۳ گرام۔شراب برانڈی ۳ گرام۔کچلہ کی راکھ ۳ گرام۔ان کو کھرل کرکے چنے کے برابر گولی بنالیں۔ایک گولی کھالیں انزال نہ ہوگا۔(نسخہ محمد علی پکوڑے والے کا ہے ماسٹر عمر سے ملا ہے)

احتلام

تخم سروالی اور ملٹھی ہم وزن لے کر سفوف بنالیں۔ایک ماشہ دودھ سے دیں۔اکسیر ہے۔(جناب حکیم محمد اکرم صاحب۔لاہور)

مقوی باہ

افیمون،سم الفار سفید،سیماب مصفیٰ ہموزن تینوں کو اتنا کھرل کریں کہ صلایہ ہوجائے بس اکسیر تیار ہے نصف چاول خوراک ہمراہ بالائی بعد

از غذا دن میں صرف ایک خوراک ہے۔انتشار خوب دیتا ہے۔ (ماہنامہ پیغام آیورویدکا رس رسائن کشتہ جات نمبر ۱۹۵۷ء مئی۔ص ۷۸)

پس سیلز

سوزاک منی میں پس سلز کا آنا۔ پیشاب کی جلن کے لئے بہترین نسخہ پیش خدمت ہے۔قلمی شورہ زمینی ایک تولہ گرام۔کباب چینی ایک تولہ۔رال سفید ایک تولہ۔پھٹکری بریاں پانچگرام۔مقدار خوراک 1000 ملی گرام صبح دوپہر شام ہمراہ شربت بزوری۔

حرمل کو معمولی سابریاں کریں دیسی گھی میں اور پانچ سو ملی گرام والے کیپسول بھرلیں اور صبح وشام ایک ایک دیں۔دس سے پندرہ دن تک۔ (جناب حکیم حاجی ظفر مدنی صاحب)

پرانے سے پرانا سوزاک

کئی بار کا مجرب وآزمودہ لکھ رہا ہوں اس کے علاوہ پس سیلز اس کی چند خوراکوں سے ختم ہوجاتے ہیں۔۔پیشاب اور پیشاب کی نالی کی ہر بیماری درد جلن اور زخموں کے لیے انتہائی مفید ہے نسخہ:-رسکپور چھ ماشہ۔نیلا تھوتھا چھ ماشہ۔دونوں کو باہم سفوف کریں اور ایک پاؤ پھٹکڑی کے سفوف کے درمیان کوزہ میں گل حکمت کر کے سات سے آٹھ سیر کی آگ دیں کوزی سے جو کچھ بھی برآمد ہوا اچھی طرح کھرل کر کے رکھ لیں۔۔اب صدف پانچ تولہ کو برگ نیم ایک پاؤ کے نغدہ میں رکھ کر بیس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔اب یہ مذکورہ کشتہ اور پھٹکڑی والا سفوف باہم ملالیں اور بڑے کیپسول بھرلیں ایک صبح ایک شام۔۔چند خوراکوں سے ہی سوزاک کا خاتمہ ہوجاتا ہے اور ایک ہفتہ میں مکمل آرام۔۔

سرعت انزال

قلعی مصفیٰ تیس گرام۔پارہ مصفیٰ بیس گرام۔بیخ مرجان ایک سو پچاس گرام۔قلعی اور پارہ کو چھلبند کر کے کوٹ کر پیس لیں اور بیخ مرجان ڈال کر ایک بوتل عرق گلاب کے ساتھ کھرل کرلیں۔ایک گرام خوراک ہے۔اس کے ساتھ تخم دھتورہ سیاہ۔اجوائن۔سونٹھ۔گوندکیکر ہموزن کھرل کر کے گولیاں بقدر معاش بنالیں۔ایک ایک گولی صبح وشام اوراس کے ساتھ ایک ایک گرام قلعی والا نسخہ دیں۔کشتہ مرگا نگ بھی اگر چالیس دن کھلا دیا جائے تو کمال کا فائدہ ہوتا ہے۔ (جناب حکیم رانا وحید احمد صاحب)

سپرم اور بیضہ کا نہ بننا

تخم کونچ اور تخم بنولہ ہموزن کو سفوف بنالیں۔ایک تولہ ایک کلو دودھ میں ڈال کر گرم کریں۔دودھ آدھا رہ جانے پر اتار لیں میٹھا بھی ڈال دیں یہ کھیر بن جائے گا۔رات کو رکھ دیں صبح نہار منہ کھائیں۔پندرہ دن کافی ہے۔مرد کے سپرم کو مکمل کرتا ہے اور تعداد بڑھاتا ہے۔عورت میں بیضہ کو طاقت دیتا ہے اور اولاد کے قابل بناتا ہے۔بڑے کمال کا نسخہ ہے۔جتنی اس نسخہ کی تعریف کی جائے کم ہے کبھی بھی اس رزلٹ منفی نہیں آیا۔

انجیر کو سرکہ انگوری میں بھگو کر رکھ دیں صبح نہار منہ دیں تین عدد۔

ایک چمچ شہد خالص دودھ میں ڈال کر دیں ایک ماہ تک۔

سفوف جریان

سرس کے بیج اور چھوٹی الائچی ہموزن کھرل کر لیں اور اس سفوف کے ہموزن مصری ملا لیں۔اڑھائی ماشہ صبح نہار تازہ دودھ سے دیں۔ پندرہ روز میں جریان کی جڑیں اکھڑ جاتی ہیں۔قوۃ باہ میں بے حد اضافہ ہو جاتا ہے اور منی غلیظ ہو کر قدرتی امساک پیدا ہو جاتا ہے۔

(کنز المرکبات۔حکیم محمد عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ۔ص:۲۸۰)

چوب چینی

یہ مقوی باہ ہونے کے ساتھ ساتھ مصفی خون بھی ہے۔اس کی اس خوبی نے اسے باہ کی ایک ممتاز دوا بنا دیا ہے۔اس کے استعمال سے مادہ منویہ کثیر تعداد میں پیدا ہوتا ہے۔خون کی پیدائش کے عمل میں بھی اضافہ ہو جاتا ہے۔صاف وصالح خون کی افزائش اور مادہ منویہ کی کثرت کی وجہ سے باہ کو خود بخود تقویت حاصل ہوتی ہے۔

(کنز المرکبات۔حکیم محمد عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ)

سوال: مرد کب بوڑھا ہوتا ہے؟

جواب: جب انڈہ۔شہد اور دودھ چھوڑ دیتا ہے۔

ایک کپ گرم دودھ میں ایک چمچ شہد ملا کر ایک دیسی انڈہ کچا ڈال دیں اور چمچ سے خوب مکس کر کے گھونٹ گھونٹ کر کے صبح کو پی جائیں۔ایک دن چھوڑ کر استعمال کریں۔

(جناب حکیم طارق محمود چغتائی صاحب)

سفوف عجیب

چھوٹا اور بڑا اکھڑا۔اسپغول ثابت۔مصری ہم وزن سفوف بنا لیں۔اسپغول کو کوٹنا نہیں ہے ایسے ہی ڈالنا ہے۔ایک چمچ رات کو سوتے وقت دودھ سے لیں۔جریان۔احتلام۔سرعت انزال۔گرمی۔پیشاب کی جلن کے لیے اکسیر ہے۔

(جناب حکیم غلام حسین سومرو صاحب)

اٹھارہواں باب

عورتوں کے امراض

حیض کا جاری کرانا

بنولہ تین چار تولہ لے کر کوٹ لیں اور آدھا سیر پانی میں جوش دیں۔ آدھا پاؤ پانی رہنے پر اتار لیں اور چھان کر چینی ملا لیں۔ تین روز پلائیں۔ خون حیض جاری ہو جائے گا خواہ کتنی دیر سے رکا ہوا۔ (گھر کا علاج۔ ص: ۵۳)

حیض کا زیادہ آنا

یہ ایک ایسی بیماری ہے جو مستورات کو بے حد تکلیف دیتی ہے۔ مریضہ روز بروز کمزور ہوتی جاتی ہے۔
دھنیا خشک ۱۲ گرام لے کر کوٹ لیں اور آدھا سیر پانی میں جوش دیں جب پاؤ بھر پانی جل جائے تو اتار کر سرد کر لیں اور نیم گرم حالت میں مصری ملا کر پلائیں۔ روزانہ جب تک مرض ختم نہ ہو۔ تمام گرم غذاؤں سے بچیں مثلاً گوشت، سرخ مرچ، گرم مصالحہ، بینگن وغیرہ۔ کدو خرفہ، توری، مونگ کی دال، چپاتی، انگور، دلیا وغیرہ کھائیں۔ (گھر کا علاج۔ ص: ۷۳)

پستان پر چوٹ لگنا

یہ بہت تکلیف دہ بیماری ہے۔ اگر چوٹ لگتے ہی اس کا علاج کر لیا جائے تو فوراً تکلیف دور ہو جاتی ہے لیکن علاج میں کوتاہی اور غفلت کرنا بسا اوقات بیماری کے بڑھ جانے کا باعث بن جاتا ہے۔
مغز بادام ایک تولہ (جو کہ چھیل لیے ہوں) کشمش ایک تولہ، منقیٰ ایک تولہ تینوں چیزوں کو پانی کی مدد سے خوب گھوٹ کر ذرا نیم گرم کر کے دن میں تین مرتبہ لیپ کریں۔ انشاء اللہ تین دن میں شرطیہ فائدہ ہو جائے گا۔ بارہا مرتبہ کا تجربہ شدہ نسخہ ہے۔
(گھر کا علاج۔ ص: ۷۴)

درد رحم کا لاثانی نسخہ

ریوند خطائی کا سفوف بنا کر ہم وزن چینی ملا لیں۔ دن میں دو مرتبہ ۶،۶ ماشہ کی خوراک دیں۔ درد رحم خواہ ایام ماہواری کی دقت سے ہو یا وضع حمل اس کا باعث ہو۔ وقت مباشرت درد ہو یا کسی اور وجہ سے ہو سب کے لئے مفید اور مجرب ہے۔
(عورتوں کے امرض اور ان کے علاج۔ص:۶۶)

پستانوں کا لٹک جانا

انار کا چھلکا ایک سیر۔ ماز و آدھا پاؤ۔ دونوں کو نیم کوب کر کے چوگنے پانی میں جوش دیں جب ایک سیر پانی رہ جائے تو تلوں کا تیل ایک سیر ملا کر پکائیں۔ جب پانی جل جائے اور صرف تیل رہ جائے تو چھان کر کے رکھ لیں۔ صبح و شام پستانوں پر لگائیں۔

پستانوں کا چھوٹا رہ جانا

اسگندھ ناگوری کا سفوف چھ ماشہ صبح و شام دودھ سے دیں اور کسی بھی آئل جیسے زیتون وغیرہ کی مالش کریں۔ دو تین ماہ تک۔ یہ مسئلہ حل ہو جائے گا۔
(جناب حکیم محمد عمران شاہد صاحب)

خارش اندام نہانی

گندھک آملہ سار ڈھائی تولہ اور دیسی گھی ۵ تولہ۔ دونوں کو کڑچھی میں ڈال کر نرم آگ پر رکھیں۔ جب ساری کڑچھی میں جھاگ بن جائے تو اتار لیں اور سرد ہونے کے بعد گھی اور گندھک الگ الگ کریں۔ گھی اندام نہانی میں لگائیں اور گندھک ۴ رتی دودھ سے دن میں ایک بار دیں۔
(عورتوں کے امرض اور ان کے علاج۔ص:۱۸۹)

برائے لیکوریا

گوند کیکر دس تولہ خالص گھی میں بریاں کریں کہ مثل بتاشے کے پھول جائے۔ نکال کر باریک کر لیں اور دس تولہ مصری ملا لیں۔ ایک تولہ صبح و شام دودھ سے لیں۔
(عورتوں کے امرض اور ان کے علاج۔ص:۲۴۳)

پھٹکڑی سفید پانچ سو گرام۔ بیروزہ ڈھائی سو گرام۔ آگ پر رکھ کر خشک کر لیں اور پانچ سو ایم جی کے کیپسول بھر لیں۔ روزانہ ایک عدد لیں۔
(جناب حکیم محمد عمران شاہ بخاری صاحب)

پرسوت کے لیے

ہڑتال ورقیہ ایک تولہ۔ زاج ۵ تولہ۔ شیر مدار ایک تولہ۔ سب کو سفوف بنا کر گل حکمت کر کے پانچ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر پیس لیں اور محفوظ کر لیں۔ ایک رتی خوراک ہر قسم کے بخار کے لئے نیا ہو یا پرانا۔ کھانسی اور امراض اوجاع کو بھی مفید ہے پرسوت کے لئے بے نظیر ہے۔
(راز الاطباء۔ص:۵۹)

محافظ جنین

جدوار خطائی ۔مرچ سیاہ۔ ہر دو کا سفوف ہموزن لے کر تھوڑا سا پانی ڈال کر اس قدر کھرل کریں کہ گولی بننے کے قابل ہو جائے۔ پھر بقدر مرچ سیاہ گولیاں بنالیں ۔جب معلوم ہو کہ حمل ٹھہر گیا ہے اس روز سے صبح نہار منہ اور شام کو ایک ایک گولی ہمراہ دودھ دیں ۔تین ماہ لگا تار کھلائیں ۔اس کے بعد صرف نہار منہ ایک ایک گولی بچہ پیدا ہونے تک کھلائیں ۔لیکن ہر ماہ تین چار یوم کا ناغہ کرنا ضروری ہے۔
ولادت کے بعد بچہ کو صرف ایک گولی ماں کے دودھ میں گھس کر تین یوم میں دیں ۔جن عورتوں کو ہر تیسرے ماہ یا اس سے پہلے ہی حمل گر جاتا ہے یا سات ماہ بعد قبل از وقت بچہ ہو جاتا ہے یا بوجہ اٹھرا بچے مر جاتے ہیں ان کے لئے یہ گولیاں بارہا تجربہ سے بہت مفید ثابت ہوئی ہیں۔
(پچاس صدی مجربات ۔ص:۴۸)

سیلان الرحم

مغز تخم املی حسب ضرورت ریت گرم میں آگ پر نیم بریاں کریں اور گرم گرم کوٹ لیں آسانی سے چھلکا اتر جائے گا۔ پھر سفوف بنا کر ہموزن مصری ملالیں ۔ ۶ ماشہ بوقت صبح پانی سے دیں ۔بفضلہ سیلان الرحم کی شرطیہ دوا ہے۔
(ارزاں چٹکلے ۔ص:۱۸۷)

کثرت حیض

سمندر سوکھ کا سفوف بنالیں ۔ایک ماشہ صبح کے وقت پانی کے ساتھ دیں ۔تین چار خوراکوں میں حد سے زیادہ جاری شدہ خون بند ہو جائے گا۔ بڑا ہی مجرب اور حیرت انگیز مفید اور آسان ٹوٹکہ ہے۔
(ارزاں چٹکلے ۔ص:۱۸۷)

کثرت حیض کی جادو اثر دوا

گندم کو توے پر ڈال کر کوئلہ بنالیں اور برابر وزن مصری ملالیں ۔ ۶ ماشہ کی خوراک پانی سے دیں ۔بحکم خدا دو خوراکوں میں شفا ہوگی ۔مجرب المجرب دوا ہے۔
(ارزاں چٹکلے ۔ص:۱۸۸)

قلت شیر

زیرہ سفید حسب ضرورت سفوف بنالیں اور ہموزن مصری ملالیں ۔ایک تولہ پانی سے دیا کریں ۔بفضلہ تعالیٰ دودھ بکثرت پیدا ہوگا۔ بہت مرتبہ کا مجرب ہے۔
(ارزاں چٹکلے ۔ص:۱۹۳)

سیلان خون کو بند کرنے کے لیے

سفید سرمہ دو تولہ ۔دہی ترش ۳۰ تولہ ۔سرمہ کھرل میں ڈال کر باریک پیسیں اور تھوڑا تھوڑا دہی ملا کر کھرل کرتے جائیں ۔کم از کم سات آٹھ گھنٹے کھرل کریں اور پھر چھوٹی چھوٹی ٹکیاں بنا کر خشک کرلیں ۔گل حکمت کر کے سات سیر اوپلوں کی آگ دیں ۔یہ کشتہ ہر قسم کے سیلان خون کو بند کرتا ہے خواہ بواسیر کا خون ہو خواہ حیض کا خواہ منہ کے راستے آتا ہو یا پیشاب کے راستے ۔دورتی سے چار رتی تک دہی سے کھلائیں۔
(کشتہ جات کی پہلی کتاب ۔ص:۳۲)

رحم کی رسولیاں

بچہ دانی میں رسولی ہو یا حمل نہ ٹھہرتا ہو یا حیض ہمیشہ شدید تکلیف سے آتا ہو تو مجھے یہ نسخہ ایک بوڑھی عورت نے بتایا جو کہ افغانستان سے آئی تھی۔ نسخہ یہ ہے:

ھوالشافی: کسی بھی پنساری کی دکان سے رتن جوت لے کر باریک پیس لیں۔ دو ماشہ صبح اور دو ماشہ اور دو ماشہ سفوف شام کو سادہ پانی کے ساتھ پھانک لیں۔ صرف پندرہ دن بعد چیک اپ کروائیں۔ بہت ہی کمال کا نسخہ ہے۔ میں نے اب تک پانچ مریضوں کو بتایا الحمدللہ تمام سے رزلٹ سو فیصد ملا ہے۔

رحم باہر نکلنا

بکائن کے پھل جو خشک ہوں ان کو سفوف بنا لیں ایک ایک چھٹانک مکھن سے دیں۔ چند دن دو باری کبھی جانور کا رحم باہر نہیں آئے گا۔ اسی طرح آدمی کا کانچ کا نکلنا اور عورت کے رحم پر بھی کام کرتا ہے۔ (جناب حکیم حاجی ظفر مدنی صاحب)

رحم میں پانی کی تھیلیاں

ڈاکٹر حضرات اس مرض کے مریضوں کو خوفزدہ کر کے ہزاروں روپے بٹور لیتے ہیں۔ آپریشن کا زور لگا کر کئی دفعہ لاکھوں روپے بٹیا لیتے ہیں۔ نتیجہ کیا نکلتا ہے وقتی طور پر تھیلیاں ختم ہو جاتی ہیں لیکن کچھ عرصہ بعد پھر وہی تھیلیاں (رسولیاں نمودار) ہونی شروع ہو جاتی ہیں۔ ایسی مریضہ بہنیں یہ نسخہ استعمال کریں انشاءاللہ رحم کی رسولیاں جسکی وجہ سے ماہواری نہیں آیا کرتی اور نا ہی حاملہ ہوتی ہیں۔ انکے لیے یہ نسخہ مجرب ہے دو ماہ استعمال کریں انشاءاللہ دائمی طور پر تھیلیاں تحلیل ہو جائیں گی۔

مصبر ۶۰ گرام۔ مرمکی ۶۰ گرام۔ ریوند خطائی ۶۰ گرام۔ ہیرا کسیس ۳۰ گرام۔ سبز کونین ۳۰ گرام۔ زعفران ۱۰ گرام۔

ان سب ادویہ کو باریک سفوف مثل غبار بنا لیں۔ زعفران کو علیحدہ کھرل کر کے اس سفوف میں مکس کر کے یکجان کر لیں۔ زیرو سائز کے کیپسول بھر لیں۔ عورت حیض سے پاک ہو جانے کے فوری بعد یہ نسخہ استعمال کرے۔ انشاءاللہ ڈیڑھ سے دو ماہ مسلسل استعمال سے کلی شفاء اور عورت اولاد کے قابل ہوگی بفضلہ تعالیٰ۔

کثرت حیض اور ایام کی بے قاعدگی و لیکوریا

لودھ پٹھانی ۵۰ گرام۔ سنگ جراح ۱۰۰ گرام۔ مائیں ۲۵ گرام۔ گوند ڈھاک ۵۰ گرام۔ چینی ۱۰۰ گرام۔ سب کو سفوف بنا لیں۔ تین گرام صبح و شام ایک پاؤ دودھ کے ساتھ۔ کھٹی اور گرم چیزوں سے پرہیز کریں۔ (جناب حکیم عبدالقیوم جوگی صاحب۔ اوڈیرولال)

حاملہ کی قبض

ایک بڑی چمچ گلقند کی رات کو نیم گرم دودھ کے ساتھ کھلائیں اگر قبض کی شکایت دور نہ ہو تو صبح نہار منہ بھی کھلائیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ قبض دور ہو جائے گی۔ بچہ بھی محفوظ رہے گا۔ رحم کے امراض سے بھی حفاظت رہے گی۔ (جناب حکیم عبدالقیوم جوگی صاحب۔ اوڈیرولال)

مدر حیض

ملٹھی کا سفوف بنالیں ۔ ۳ ماشہ صبح وشام اجوائن اور گڑ کے قہوہ کے ساتھ دیں ۔ان شاء اللہ تعالیٰ بند ماہواری کا خاتمہ ہوجائے گا۔رحم کے تمام مسائل جوکہ بندحیض کی وجہ سے پیدا ہو گئے ہوں وہ سب ختم ہوجائیں گے ۔چند یوم استعمال کریں ۔

(جناب حکیم عبدالقیوم جوگی صاحب ۔اوڈیرولال)

کثرت حیض

سفید سرمہ ۱۰۰ گرام ۔آب لیموں (مقطر) ۱۰۰ گرام ۔ پہلے سرمہ کو باریک کرلیں اور پھر تھوڑا تھوڑا آب لیموں ڈالتے جائیں اور کھرل کرتے جائیں ۔جب مکمل جذب ہوجائے تو بس تیار ہے ۔ایک ماشہ تین وقت شربت انجبار کے ساتھ دیں ۔

(جناب حکیم عبدالقیوم جوگی صاحب ۔اوڈیرولال)

سفوف لیکوریا

اسگندھ ناگوری ۔اندر جو شیریں ۔گوند ڈھاک ۔گوند سینبھل ۔مازو ۔سب پچاس پچاس گرام ۔کوزہ مصری ڈیڑھ سو گرام ۔سفوف کرلیں ۔ایک چمچ صبح ایک چمچ شام ہمراہ دودھ ۔ہمہ قسم لیکوریا کیلئے بہترین کام کرتا ہے ۔مجرب ہے

لیکوریا کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنے والا دیسی نسخہ

لیکوریا کیلئے ایک آزمودہ جادو اثر دوا ۔لیکوریا کی سب سے بڑی وجہ ورم رحم ہے ۔علاوہ ازیں عام جسمانی کمزوری، خون کی کمی وغیرہ اس کی وجوہات شامل ہیں ۔لیکوریا خواتین کی ایسی مہلک بیماری ہے جو نسوانی حُسن کو ماند کردیتی ہے ۔لیکوریا کے موذی مرض کیلئے لاجواب اور نہایت پُر اثر نسخہ تیار کیا ہے، جوکہ سیلان الرحم یعنی لیکوریا کا کامیاب اور مکمل علاج ہے ۔

گوند موچرس ۔گل نیلوفر ۔لودھ پٹھانی ۔گوند کتیرہ ۔دانہ الائچی کلاں ۔گوند کیکر ۔کمرکس ۔خار خسک ۔چھوہارے ۔مجیٹھ ۔نشاستہ ۔سب پچاس پچاس گرام ۔مصری سو گرام ۔سب اشیاء کو باریک پیس لیں اور صاف بوتل میں محفوظ کرلیں ۔صبح وشام نہار منہ ایک کھانے والا چمچ پانی یا دودھ کے ساتھ لیں ۔لیکوریا کو جڑ سے اکھاڑتا ہے ۔لیکوریا کی وجہ سے ہونے والی کمزوری کو ختم کرتا ہے ۔جسمانی کمزوری، چہرے کی زردی، خون کی کمی، اعضاء شکنی میں مفید وموثر ہے ۔کیلشیم کی کمی دور کرنے کا قدرتی اور موثر ذریعہ ہے ۔

بانجھ پن یا ایزواسپرمیا

بانجھ پن کے مریض کو کم ازکم چالیس دن تا تین ماہ تک صبر سے دوا لینی چاہیے اور پھر رپورٹ کرائے انشاء اللہ شفا ہوگی ساتھ یہ بھی یاد رکھیں کہ بعض حالتوں میں تین ماہ تک ہی رزلٹ ملے گا

بانجھ پن مریضوں کے لیئے یہ تین ادویات مجرب ہیں

صبح ناشتہ کے ساتھ ایک انڈہ روزانہ ضرور کھانا چاہیئے

رات کو سوتے وقت مغز بنولہ ایک چائے والی چمچ

گاجر کا جوس ایک گلاس روزانہ بھی بہت زیادہ موثر ہے بالخصوص عورتوں کے بانجھ پن میں زیادہ موثر ہے

احتیاطی تدابیر

کھٹی اور ترش اشیاء سے پرہیز سختی سے کرے کیونکہ یہ سپرم کو زائل کر دیتے ہیں اور مباشرت ہفتہ عشرہ میں ایک بار ہی کرنا شفا کا حامل ہو گی انشاءاللہ۔

موٹاپا اور امراض رحم کو دور کرنے کے لیے

اجوائن دیسی تین گرام۔زیرہ سفید تین گرام۔برنجاسف تین گرام۔تمام اشیاء کو نصف کلو پانی میں بھگو لیں صبح چار پانچ جوش دے کر پن لیں ایک کپ روزانہ لیں۔زیادہ موٹاپے اور خواتین کے رحم اور حیض کے مسائل کے لیے دن میں تین بار لیں۔پیٹ اور کولھوں کی چربی کو پگھلا کر خارج کرتا ہے موٹاپا دور کر کے جسم کو سڈول بناتا ہے جسم میں چربی چکنائی کو جمع نہیں ہونے دیتا۔پیشاب آور ہے۔خواتین کے امراض رحم۔حیض کی بے قاعدگی۔قلت حیض دردحیض میں لاجواب تحفہ ہے۔

انیسواں باب

بچوں کے امراض

بچوں کا مٹی کھانا

چھوٹی الائچی ١٢ گرام۔طباشیر ٢٤ گرام۔مصری ٣٦ گرام،ان کا سفوف بنالیں۔ایک گرام دن میں تین بار دیں۔
(بچوں کے امراض اور ان کا علاج۔ص:١٩٢)

بچوں کا بخار

ہڑتال گئو دنتی کوئلوں پر رکھ کر کشتہ کرلیں۔اس کے نصف سوڈا بائیکارب (میٹھا سوڈا) ملالیں۔یہ کونین کا نعم البدل ہے۔ملیریا کے لیے مجرب ہے۔ایک رتی سے چار رتی تک خوراک عرق سونف یا شربت بنفشہ کے ہمراہ استعمال کرائیں۔ (حلفیہ مجربات۔ص:٢٢٢)

دودھ کا ہضم نہ ہونا

بجھا ہوا چونا ایک چھٹانک لے کر پانچ کلو پانی میں خوب ہلائیں پھر دو دن پڑا رہنے دیں تیسرے دن فلٹر کرلیں اور اس پانی کو سبز رنگ کی بوتل میں بھرلیں۔بڑوں کو نصف چھٹانک اور بچوں کو ایک چمچ تین وقت دیں۔آب چونہ ایسے بچوں کے لئے زیادہ مفید ہے جنہیں دودھ ہضم نہیں ہوتا اور جن بچوں کا قد چھوٹا رہ جاتا ہے اس کے مسلسل استعمال سے بچوں کا قد بڑھنا شروع ہوجاتا ہے۔

الٹی اور اسہال

آملہ خشک ایک پاؤ۔لونگ ٢ تولہ۔دہی ترش آدھا کلو۔تمام اجزا کسی شیشے کے برتن میں مکس کریں اور ململ کے کپڑے سے ڈھانپ کر دھوپ میں خشک کرلیں۔جب دہی جذب ہوجائے مگر ابھی آملہ گیلا ہو اس کو کسی صاف کاغذ پر پھیلا کر اس میں سے لونگ چن لیں۔اب آملہ کو سائے میں رکھ دیں۔خوب خشک ہوجائے تو باریک پیس کر محفوظ رکھیں۔بچوں کو دو تا چار رتی۔بڑوں کو چار رتی تا ایک ماشہ۔ہمراہ قہوہ لونگ دارچینی،عرق چہار،تازہ پانی یا دہی وغیرہ۔

بچوں کے لیے آبِ حیات سے کم نہیں۔ بچوں میں کمی خون الٹی متلی اسہال ہرے پیلے دست سوکھڑا کے لیے بہترین چیز ہے۔

(جناب ڈاکٹر سید تنویر حسین شاہ صاحب)

سوکھڑا

صرف تل کا تیل اور سرسوں کے تیل ہموزن ملالیں اور روزانہ مالش کریں۔

کمزوری

گرائپ واٹر و ڈسٹروالوں کا پلائیں یا عرق سونف میں گلوکوز ملالیں یہ پلائیں۔ تین بار دن دو۔ دو چمچ۔

دورہ پڑنا

اس میں بچہ رنگ بدلتا ہے جیسے نیلا ہو جاتا ہے۔ یہ پھیپھڑوں میں بلغم رکنے کی علامت ہے۔ دیسی انڈے کی زردی ایک کپ قہوہ میں ملالیں دوا تیار ہے۔ ایک ایک چمچ نیم گرم چار بار دن میں پلائیں۔ الٹی یا دستوں کے ذریعے ساری بلغم نکل جائے گی۔

نمونیا

کشتہ بارہ سنگھا دیں۔

بچوں کا رونا

دم کریں اور کوئی بھی مسکن چیز دیں۔

ضد کرنا

بچوں کو میٹھی چیز کھلائیں۔

چل نہ سکنا

پورے بدن پر مالش کریں اور بادام و مکھن کھلائیں۔

بول نہ سکنا

ایک چمچ شہد کھلائیں۔

گروتھ کا رک جانا

ہائی پوٹنسی کیلشیم ایک رتی دیں۔

نظر کا لگ جانا

سرخ مرچ وار کر جلائیں اور دم کریں۔

دودھ کا نہ پینا

پہلے دیکھیں کہ دودھ اتر بھی رہا ہے یا نہیں۔اگر نہیں اتر رہا تو پہلے اس کا علاج کریں اور اگر اتر رہا ہو تو بچہ کو دم کریں۔

نہ سونا

کوئی بھی مسکن چیز دیں جیسے دھنیا کے پانی وغیرہ۔

بستر پر پیشاب کر دینا

ایک چمچ سفید تل اور مصری ہم وزن ملا کر دیں رات کو سوتے وقت اوپر سے دودھ پلائیں۔

قبض

ایک چمچ کیسٹر آئل دودھ میں ملا کر دیں اور ناف میں ڈالیں۔

دودھ کا ہضم نہ ہونا

باہر کا دودھ ہو تو پانی ڈال کر پتلا کریں پھر پلائیں۔ماں کا ہو تو ماں سونف چبائے۔

پیٹ کا درد

بچہ بار بار جس طرح ہاتھ لے جائے وہ جگہ درد کرتی ہے۔بار بار ٹانگیں مارنا پیٹ درد کی علامت ہے۔گھٹی پلائیں۔پہلے گھٹی کو گرم کرلیں پھر اسی شیشی میں ڈال لیں۔اب پلائیں۔

پیشاب نہ آنا

بعض اوقات بچہ پیدا ہونے کے بعد پیشاب نہیں کرتا تو فوراً ختنہ کر دینا چاہیے، پیشاب آجائے گا۔

دل میں سوراخ

خمیرہ مروارید ایک گرام صبح وشام استعمال کرائیں تین ماہ تک۔

بیسواں باب

جوانوں کے امراض

جریان واحتلام

تالمکھانہ اور مصری ہموزن سفوف بنالیں ۔ایک ایک چمچ صبح ورات دودھ کے ساتھ لیں ۔

مشت زنی

سچی توبہ کریں ۔صاف ستھرے ماحول میں رہیں ۔ہلکی غذا کھائیں اور درج بالانسخہ استعمال کریں ۔ بالکل ٹھیک ہوجائیں گے ۔

اغلام بازی

سچی توبہ کریں ۔اچھے ماحول میں رہیں ۔سیکسی ویڈیوز سے پرہیز کریں اور درج بالانسخہ استعمال کریں ۔

لواطت کروانا

شرم کریں کہ کسی کومعلوم ہوگیا تو کیا کہے گا۔ماں باپ اگر انتقال کر گئے ہیں تو وہ کیا سوچیں گے کہ ہماری اولاد یہ کام کرواتی ہے ۔اللہ تعالیٰ کے یہ دونام یاجبار یاقھار گیارہ سومرتبہ روز پڑھیں ۔ پانی پر دم کرکے پی لیا کریں اور ایک گرام کرنجوہ کاسفوف روزانہ رات کو دودھ سے لیں ۔

شرمیلاپن

یہ عادت زیادہ ترعورتوں میں بیٹھنے سے پیدا ہوتی ہے ۔مردوں کے ماحول میں رہیں اورقرآن مجیدکوترجمہ سے پڑھیں ۔

منہ پھٹ ہونا

ذراسے بات پرگالی دے دینا۔بےعزتی کردینا۔کوئی پوچھے نہ پوچھے خودہی کوئی بے ہودہ بات کہہ دینا۔یہ سب باتیں منہ پھٹ

ہونے کی علامات ہیں ۔ہلکی خوراک کھائیں ۔ایک وقت کا فاقہ کریں اور ذکر قلبی زیادہ کریں ۔ یہ عادت دور ہوجائے گی ۔ان شاء اللہ تعالیٰ ۔ذکر قلبی کا طریقہ یہ ہوتا ہے کہ خیال کے ساتھ اللہ اللہ کہیں کہ میرا دل کہہ رہا ہے اور روزانہ پچیس ہزار مرتبہ کریں ۔

سست رہنا

کسی کام کے کرنے کو دل نہ کرنا اور سب سارا دن بستر پر پڑے رہنا ۔کسی سے ملنے کو دل نہ کرنا ۔روزانہ ایک چمچ شہد کا دودھ میں ڈال کر استعمال کریں ۔

کم علم ہونا

سب سے پہلے قرآن مجید کو ترجمہ سے پڑھیں پھر کسی بھی دینی کتاب کا مطالعہ کریں جیسے اسوہ رسول اکرم ﷺ ۔شمائل الکبریٰ ۔معارف الحدیث ۔اور جس مسلک سے منسلک ہوں ان کی کتب ۔

بے روزگاری

یہ کائنات اللہ تعالیٰ کا کارخانہ ہے ۔اس نے اس کارخانہ کو چلانے کے لیے جس جگہ جس انسان کی ضرورت ہے اسے لگایا ہوا ہے اور جنہیں نہیں لگایا انہیں اور کام پر لگے ہوئے ان سب کی روزی کا وعدہ خود فرمایا ہے ۔ اس لیے پریشان ہونے کی کوئی ضرورت نہیں ۔کوشش کرتے رہنا چاہیے ۔صبر کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑنا چاہیے ۔دعا مانگتے رہنا چاہیے اور کوئی بھی ہنر سیکھ لینا چاہیے تاکہ آسانی ہوسکے اور درود شریف کے سوا سوا لاکھ کے کئی ایک ورد کرنے چاہیں ۔

عشق

یہ عمر ہی دیوانی ہوتی ہے ۔اکثر عشق ہوجاتا ہے ۔صرف ایک ہی طرف نہیں بلکہ دونوں ہی طرف شعلے بھڑکتے ہیں ۔کوئی اظہار کردیتا ہے ہے اور کوئی سلگھتا رہتا ہے ۔اس مرض کو دور کرنے کے لیے اللہ والوں کی صحبت .بہت ضروری ہے ۔اور اوپر جو اللہ کے نام درج کیے ہیں ان کو کثرت سے پڑھنا اور اس کے ساتھ ساتھ صبر کرنا جیسے کہ روزہ کی حالت میں پانی کی پیاس لگتی ہے لیکن صبر کرتے ہیں یہ اس کا مؤثر علاج ہے ۔

خودکشی کا رجحان

کئی وجوہات کی بنا پر خودکشی کا رجحان جنم لیتا ہے ۔ان وجوہات کو دور کیا جائے اور نیک لوگوں سے مشورہ کیا جائے ۔چھوٹی الائچی ہر گھنٹہ پر چبائی جائے تو مرض جاتا رہتا ہے ۔

سو بیماریوں کا علاج

نوجوانوں کی ہر خواہش اور بیماری کا علاج اللہ والوں کے پاس ہوتا ہے ۔اللہ والوں کو تلاش کرکے ان کی صحبت اختیار کی جائے وہ جو

مشورہ دیں اس پر عمل کیا جائے تو جوانی تباہ ہونے بچ جاتی ہے۔

منہ سے بدبو آنا

دانتوں کو تین وقت صاف کریں اور سونف چبائیں۔

در جوانی توبہ کردن شیوہ پیغمبری — وقت پیری گرگ ظالم می شود پرہیزگار

مکتب عشق کے انداز نرالے دیکھے — اس کی چھٹی نہ ملی جس نے سبق یاد کیا

محبت سے مجھے ان جوانوں سے — ڈالتے ہیں جو ستاروں پہ کمند

اکیسواں باب

بوڑھوں کے امراض

کمزوری

روزانہ ایک چمچ شہد دودھ میں ڈال کر استعمال کریں۔

رعشہ

کچلہ کو گائے کے گھی میں بریاں کرلیں تاکہ پھول جائیں گرم گرم کوٹ لیں۔ڈھائی تولہ یہ کچلہ ۔فلفل دراز ایک تولہ۔مرچ سیاہ ایک تولہ۔سنڈھ۔دارچینی ۔سہاگہ سب ایک ایک تولہ ملا کر ایک رتی کیپسول میں بند کرلیں اور روزانہ ایک کیپسول ناشتہ کے بعد لیں۔

کمر درد

درج بالا نسخہ استعمال کریں۔

خوراک کا ہضم نہ ہونا

روٹی کی بجائے دودھ پی لیا کریں۔ یا روٹی چور کر کھائی جائے۔

گیس

چھ گرام تازہ ادرک کا قہوہ بنا کر ایک کپ پی لیا کریں۔

کوئی بات کرنے والا نہیں

ہمیں چاہیے کہ اپنے بزرگوں کو وقت دیں اگر گھر کا ہر فرد روزانہ ایک گھنٹہ دے تو بوڑھوں کی بوریت ختم ہو جاتی ہے۔ورنہ ایسے لوگوں کو چاہیے کہ مطالعہ کیا کریں۔

پیشاب کا نکل جانا

ایک چمچ سفید تل کا سفوف اور مصری ہم وزن ملا لیں رات کو سوتے وقت دودھ سے لے لیا کریں۔

نیند کا نہ آنا

ہمدرد کا شربت ''افتیمونی'' رات کو سوتے وقت چار چمچ لے لیا کریں۔

دماغی خشکی

روزانہ سر پر مالش کریں بلکہ بہتر ہے کہ سارے جسم پر مالش کروائیں۔

ٹانگوں کا درد

درج بالا کچلہ کے سفوف کا نسخہ استعمال کریں اور ٹانگوں کو مالش کروائیں۔

تنہائی کا احساس

کوئی بھی چھوٹا سا کام کر لیں مثلاً بچوں کی کوئی چیز لے کر گلی میں بیٹھ جائیں۔ چیز بکے نہ بکے آتے جاتے لوگوں سے باتیں ہوتی رہیں گی اور تنہائی کا احساس نہ رہے۔ عموماً ان لوگوں کے ساتھ ہوتا ہے یہ مسئلہ ہوتا ہے جن کی شریک حیات انتقال کر جائے۔ انہیں اللہ کا ذکر کرتے رہنا چاہیے۔ ہمیں اپنے بزرگوں کا احترام کرنا چاہیے کہ اللہ تعالیٰ نے برکت بڑوں کے ساتھ رکھی ہے۔

بائیسواں باب

کشتہ سازی

کشتہ سونا

۱۔۔کشتہ سونا ایک ہی دن میں بنالیں ۔عجیب اور آسان لیکن افادیت کسی سے کم نہیں ۔ یہ کشتہ سونا عرصہ دراز سے مطب پر مستعمل ہے حرارت عزیزی بڑھانے ۔شوگر کے مریضوں اور کمزور مریضوں کے لیے آب حیات سے کم نہیں ۔ دو چاول مقدار خوراک بالائی یا مکھن میں یا پھر منقہ میں ڈال کر دیں روزانہ ۔ پانچ سے سات خوراک کافی رہتا ہے ۔

ھوالشافی: سونا چوبیس کیرٹ سفوف تیزابی نہار یہ سے حاصل کریں پانچ گرام ۔ پارہ مصفیٰ درنمک ۔چینی یا پرانی اینٹ پانچ گرام ۔ ایک پاو کچلہ ۔ایک پاؤ پانی میں دھیمی آنچ پر اسقدر پکالیں کہ پانی نیم پاؤ رہ جائے ۔ پانی چھان کر علیحدہ کرلیں اور کچلہ علیحدہ رکھ لیں ۔ یہ کچلہ خشک کر کے ریت میں بھون کر استعمال میں لائیں ۔جو نیم پاؤ پانی علیحدہ کیا تھا اسکو چھان کر رکھیں ۔سونے کا سفوف اور پارہ ملا کر اسقدر کھرل کریں کہ کجلی بن جائے اب مذکورہ بالا پانی ایک دو قطرے ملا کر زوردار ہاتھوں سے کھرل کرتے جائیں جب سارا پانی داخل کر کے نغدہ سا بن جائے تو اس کی چنے سے بڑی گولیاں بنا کر دھوپ میں خشک کریں اور ایک کجی میں بند کر کے گل حکمت کریں اور آگ پانچ کلو کی دے دیں ۔نہایت خوش رنگ پھولا ہوا کشتہ سونا حاصل ہوگا۔(جناب حکیم سید مبشر علی مدنی صاحب)

۲۔۔سونے کی کوئی چیز جیسے کہ عورت کے کان کی بالی یا سونے کی انگوٹھی وغیرہ لے کر ایک کپ پانی میں پچیس مرتبہ گھمائیں اور پھر سونے کی وہ چیز نکال لیں ۔ یہ پانی پلائیں یا سنیار جس پانی میں سونا صاف کرتا ہے وہ لیں ایک چمچ استعمال کریں ۔

سونے کا کشتہ یا پانی مقوی اعضائے رئیسہ ومعدہ واعصاب وحرارت عزیزی اور ممسک ہے ۔دودھ ہضم کرتا ہے ۔ چہرے کو رونق دیتا ہے ۔دل ۔دماغ ۔جگر ۔گردہ ۔مثانہ کے تمام امراض میں مفید ہے ۔اسے کیمیائے بدن بھی کہتے ہیں ۔

وہ لوگ جنہیں سوتے وقت جھٹکے لگتے ہیں اس کا پانی استعمال کریں ۔سل و دق ۔اسہال ۔کھانسی اور ضیق النفس میں مفید ہے ۔منی پیدا کرتا ہے اور گاڑھی بھی ۔(قادری)

کشتہ چاندی

۱۔۔چاندی کو کشتہ کرنے کا نسخہ یہ عمل آپ صاحبان فن شاس کے لیے معمولی عمل ہوگا لیکن فقیر کے لیے زندگی بھر کے اثاثوں میں سے ایک ہے ۔ یہ کشتہ خوراکی ہے اور جگر کی سوزش وورم ۔منی کی افزائش ۔منی کے پتلا پن ۔ضعف باہ اور ٹائمنگ کی کمی کا کامیاب علاج ہے ۔

ھوالشافی: شنگرف دو تولہ ۔لیموں دو عدد ۔ چاندی کا باریک پترا ایک تولہ ۔ پا چک خانہ ساز دو عدد ڈیڑھ ڈیڑھ کلو کے دو عدد خشک اور خشک گوبر کلو بھر ۔ایک پا چک لیکر اسمیں کھرل شدہ شنگرف ایک تولہ بچھا دیں ایک لیموں کو نچوڑ کر شنگرف گیلا کر دیں اس پر چاندی کا پترا

اسطرح رکھیں کہ اس کے نیچے کوی بھی جگہ شنگرف سے خالی نہ ہو اب باقی ایک تولہ شنگرف پترے کے اوپر لحاف کر دیں اور لیموں نچوڑ کر شنگرف کو گیلا کر دیں اب دوسرا پا چک اس پر رکھ کر گوبر سے اچھی طرح لیپ کر بند کر دیں اور خشک گوبر اردگرد رکھ کر تیل چھڑک کر آگ لگا دیں جب آگ سرد ہو جائے خاکستری رنگ کشتہ چاندی نکال کر باریک کھرل کر کے محفوظ کر لیں دو سے چار چاول اتنا ہی کشتہ قلعی میں ملا کر دودھ بالائی کے ہمراہ بوقت عصر لیں ۔ سات سے دس دن کافی وشافی ہے ۔ (جناب حکیم سید مبشر علی مدنی صاحب)

۲۔۔سم الفار سفید ۔ گندھک آملہ سار، ایک ایک تولہ ۔ پترہ نقرہ ایک تولہ کے زیر و بالا دے کر کوزہ میں بند کر کے ایک سیر اوپلوں کی آگ دیں ۔ چرخ خوردہ کشتہ برنگ سرخ برآمد ہوگا ۔ نصف رتی مکھن کے ہمراہ دیں ۔ اعلیٰ درجہ کا مقوی اعضائے رئیسہ ہے ۔

(مجربات حکمائے پاک وہند ۔ ص: ۲۸)

۳۔۔پترہ چاندی ایک تولہ کو دو تولہ ہڑتال ورقیہ کے درمیان دو اوپلوں میں رکھ کر ۵ سیر آنچ دیں ۔ سرد ہونے پر نکال کر باریک کر لیں ۔ نصف رتی خوراک مکھن سے دیں ۔ قوت باہ کے لئے اکسیر ہے ۔ (مجربات حکمائے پاک وہند ۔ ص: ۷۳)

۴۔۔جریان ، گرمی مثانہ، احتلام، دل دماغ جگر اور گردہ کو طاقت دیتا ہے ۔ پوست انار خشک ایک پاؤ باریک کر کے ایک تولہ چاندی کا پترہ رکھ کر بیس سیر کی آگ دیں ۔ چاندی کشتہ ہو جائے گی ۔ ایک رتی کی خوراک ہمراہ مسکہ یا بالائی دیں ۔

(مجربات حکمائے پاک وہند ۔ ص: ۱۵۰)

۵۔۔اس کا استعمال ہر موسم میں ہوسکتا ہے اور ہر مزاج کو یہ چاندہ موافق آجاتی ہے ۔ کم خرچ اور بالا نشین ہے ۔ پانچ ماشہ برادہ نقرہ کو آب گل گلاب بہاری میں کھرل کر کے غلولہ بنائیں اور خشک کریں ۔ پھر آدھا آدھا سیر کے دو اوپلے لے کر ایک کے درمیان گڑھا کر کے اس کے اندر مٹی کا لیپ کر کے اس میں غلولہ رکھ نیچے اوپر آدھا پاؤ نغدہ پھول گلاب دے کر دوسری تھاپی اوپر رکھ کر تھوڑی سی آگ اوپر رکھ دیں ۔ ٹھنڈا ہونے پر نکال لیں سفید بے چمک کشتہ ہو جائے گی ۔ نیز یاد رکھیں صرف کسی ایک بوٹی کا ہی پانی استعمال کیا جائے ورنہ کشتہ نہ ہو گی ۔

۶۔۔کشتہ چاندی جو نامردوں کو جواں مرد بنائے ۔ سنکھیا سفید تین ماشہ ۔ ہڑتال ورقی چار ماشہ ۔ طوطیا چھ ماشہ ان سب کو باریک کر کے ایک کوزہ گلی میں نصف نیچے بچھا دیں اور پھر ایک تولہ چاندی کا پترا رکھ کر باقی نصف سفوف اوپر ڈال کر دس سیر اوپلوں کی آگ دیں بعد ٹھنڈا ہونے پر نکال لیں اب اس کو ڈبل کپڑے میں باندھ کر غلہ میں دبا دیں اور پانچ دن بعد نکال لیں خوراک ایک رتی مکھن کے ساتھ کمال نسخہ ہے بنائیں اور دعاوں میں یاد رکھیں ۔ (جناب ڈاکٹر قدیر احمد صدیقی صاحب)

۶۔۔ایک تولہ تیزابی برادہ چاندی کو دو تولہ مروارید میں عرق گلاب اور عرق سونف کی ایک ایک بوتل کے ساتھ کھرل کر لیں حتیٰ کہ چاندی کی چمک ختم ہو جائے ۔ ایک رتی کی خوراک مناسب بدرقہ کے ساتھ دیں ۔ اکسیر ہے ۔ (قادری)

کشتہ تانبہ

۱۔۔قلعی ۱۰ تولہ کی دو پیالیاں بنالیں ۔ ۳ تولہ جمال گوٹہ ۔ ۳ تولہ بھلاواہ ۔ ایک تولہ پترہ تانبہ ۔ پیالیوں میں جمال گوٹہ اور بھلاواہ کوٹ کر نصف رکھیں پھر پترہ تانبہ رکھ کر بقیہ مرکب رکھیں اور دوسری پیالی رکھ کر ایک کلوسوتی کپڑا لپیٹ دیں اور کسی کڑاہی میں رکھ کر آگ لگا دیں

ٹھنڈا ہونے پر نکال لیں۔ سبز زنگار کشتہ ہو گا۔ اس کشتہ کی ایک رتی جوارش زرعونی عنبری بنسخہ کلاں میں ڈال کر اچھی طرح ملا لیں۔ آدھا چمچ صبح و رات تینوں عرق (کاسنی۔ مکو۔ سونف) کے ساتھ دس دن تک دیں۔ گردوں کے لیے اکسیر ہے۔ (حکیم عبدالکریم سموں مرحوم)

۲۔۔۔ برادہ تانبہ دو تولہ کو ایک پاؤ شیر مدار میں کھرل کر کے پندرہ کلو کی آگ دیں۔ اس طرح تین بار کریں اور ایک ایک پاؤ دودھ جذب کرا کے آگ دیں سفید کشتہ ہو گا۔ از حد مقوی باہ اور نامردوں کے لیے آب حیات ہے۔ اس کے علاوہ فالج۔ لقوہ۔ سرسام۔ میں بھی اکسیر ہے۔ (خواص آک۔ حکیم محمد عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ)

کشتہ فولاد

۱۔۔۔ یہ کشتہ فولاد نہایت سہل ترکیب سے تیار ہو جانے والا ہے۔ فوائد میں اس قسم کے کئی کشتہ جات سے عمدہ ہے۔ لطف یہ ہے کہ اس کے تمام اجزاء بہت جلد جزء بدن بن جاتے ہیں۔ اس لئے یہ کشتہ بہت جلد خون پیدا کر کے رنگت کو مثل انار سرخ کرتا ہے۔ ہیرا کسیس ایک پاؤ مکھن تازہ ایک پاؤ۔ ہر دو کو ملا کر ایک کوزہ گلی میں بند کر کے اوپلہ صحرائی کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال لیں۔ نہایت عمدہ خوش رنگ اور مفید الاثر کشتہ برآمد ہو گا۔ ایک سے دو رتی ہمراہ مکھن کھلائیں۔ (راز الاطباء۔ ص:۲۰)

۲۔۔۔ برادہ فولاد تین تولہ اور نوشادر چھ تولہ کو اچھی طرح کھرل کر کے ایک کلو ترش دہی میں ڈال دیں ملا کر دھوپ میں رکھیں۔ پندرہ دن کے بعد کشتہ ہو جائے گا کپڑے سے چھان لیں۔ دو رتی خوراک۔ تمام امراض جگر کے لیے۔ (اکسیر کشتہ جات کا مجموعہ۔ حکیم غلام نبی۔ ص:۳۹)

۳۔۔۔ برادہ فولاد کو مدار کے دودھ میں کھرل کر کے ناریل کا پانی نکال کر اس میں ڈالیں اور اچھی طرح کپڑ روٹی کر کے دس کلو کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر احتیاط سے نکال لیں اور اچھی کھرل کر لیں۔ ایک رتی خوراک شہد کے ہمراہ دیں اوپر سے عرق سونف کا ایک کپ پلائیں۔ رنگ کو سرخ کرتا ہے۔ ممسک ہے۔ مصلح جگر ہے۔ (جناب حکیم عبدالعزیز بخاری مرحوم)

۴۔۔۔ فولاد گرم کے تربوز کے پانی میں ٹھنڈا کریں۔ جب سارا راکھ ہو جائے تو نکال کر اچھی طرح کھرل کر لیں۔ جریان کے لیے مفید ہے۔ ایک رتی خوراک۔ (اکسیر کشتہ جات کا مجموعہ۔ حکیم غلام نبی۔ ص:۴۰)

کشتہ سیسہ (سکہ)

۱۔۔۔ ھوالشافی: پہلے بڑے بڑے بینگن لیں۔ اس میں پانچ تولہ شب یمانی پیس کر اوپر کی طرف سے سوراخ کر کے ڈال کر بند کر کے کپڑ روٹی لگا کر بھوبھل میں دبا دیں۔ جب گرم ہو جائے تو نکال کر کپڑے سے نچوڑ کر پانی نکالیں۔ اس طریقے سے پانچ کلو پانی نکال لیں۔ اب سکہ مصفیٰ ایک پاؤ کو اسٹیل کی کڑھائی میں کر ڈال پگھلائیں۔ اور بینگن کی ڈنڈی پھیرتے جائیں تاکہ پاؤڈر ہو جائے۔ اس پاؤڈر کو چھان کر ایک پاؤ پانی بینگن سے کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر خشک کر کے روغنی ہنڈیا میں آدھا کلو بینگن کے پتوں کا نغدہ میں رکھ کر گل حکمت کر کے پانچ کلو کی اگ دیں۔ اس طرح پانچ آگ پانچ کلو اوپلوں کی دینی ہیں۔ اس پانچ عمل کے بعد سات کلو کی اگ دینی ہے۔ اس کے بعد پانچ عمل میں دس کلو کی اگ دینی ہے۔ اب پانچ عمل کے بعد پندرہ کلو کی اگ دینی ہے آخر میں ایک آگ ایک کلو بینگن کا پانی ڈال کر گل حکمت کر کے بیس کلو کی دینی ہے۔ یہ سنہرے رنگ کا اکسیر تیار ہو گا۔ یہ کشتہ سکہ میں نے دو مرتبہ تیار کیا ہے۔ میرا آزمودہ ہے جو

اوصاف سونے کے کشتہ میں ہیں یہ اس سے دوگنا زیادہ کام کرتا ہے۔محنت سے سکہ بھی سونا بن سکتا ہے بنائیں اور دعاؤں میں یاد رکھیں۔
خوراک دو چاول مکھن یا ایک پیالہ ملائی میں نہار منہ دیں۔عضوئے رئیسہ کا کامل علاج ہے اور شوگر کا اکسیری علاج ہے۔
(جناب حکیم نذیر حسین شبانی صاحب۔سکھر)

۲۔۔۔گندھک آملہ سار ۷ تولہ اور سکہ مصفیٰ ایک تولہ۔گندھک سے اس کو کشتہ کریں۔محفوظ کر لیں۔گول بیری کے دو پتوں کے درمیان ایک رتی کھلائیں اوپر سے مکھن کھلائیں۔جسم کی گلٹیاں۔رسولیاں۔وجع المفاصل۔جوڑوں کی سوزش۔سوزاک۔لیکوریا۔کے لیے آب حیات ہے۔مزمن امراض جلد کی خرابی۔داد۔چنبل کے لیے مفید ہے۔ (جناب حکیم سید اعجاز احمد رضوی صاحب۔سیالکوٹ)

سکہ صاف کرنے کا طریقہ: سکہ کو پگلا کر آک کے دودھ میں تین مرتبہ ڈالیں۔صاف ہو جائے گا۔

کشتہ قلعی

۱۔۔۔شیشم کی چھال کو خشک کرے سفوف بنائیں ایک پاؤ۔دو اوپلوں لیں ایک ایک کلو کے۔ایک اوپلے پر آدھا سفوف بچھائیں اور ایک تولہ قلعی کا پترہ رکھ کر اوپر بقیہ سفوف ڈالیں اور دوسرا اوپلہ رکھ کر آگ لگا دیں۔قلعی کشتہ ہو جائے گی۔
۲۔۔۔قلعی کو کسی لوہے کی کڑاہی میں پگلائیں اور برگد کی ڈنڈی پھیرتے جائیں۔کشتہ ہو جائے گی۔قلعی کے تمام کشتہ جات جریان و احتلام اور سرعت انزال کے لیے مفید ہیں۔(قادری)
۳۔۔۔ببول۔مہندی۔گلاب۔اونٹ کٹارہ ان سب کے نغدہ میں (خشک یا تر) قلعی اچھی کشتہ ہو جاتی ہے۔(قادری)

قلعی کو صاف کرنے کا طریقہ

ایک پاؤ قلعی کو پگھلا کر سمندر جھاگ ایک چھٹانک کے سفوف کی چٹکیاں دیں چاندی کی طرف صاف چمکنے لگے گی۔
(جناب حکیم شوکت اسلام صاحب)

قلعی پارے والی

۱۔۔۔پچاس گرام قلعی اور پچاس گرام پارہ۔ایک پاؤ قلمی شورہ۔شورہ کو ایک ہنڈیاں کے اندر ڈالیں اور قلعی و پارہ چھلبند کر کے اس پر رکھیں۔پہلے ہلکی اور پھر تیز آگ دیں اوپر ڈھکن رکیں۔کوئی گل حکمت نہیں کرنی۔پارہ ڈھکن کو لگ جائے گا اور قلعی سفید کشتہ ہو جائے گی۔ایک رتی کی خوراک جریان۔احتلام اور سرعت انزال کے لیے دیں۔ (جناب حکیم شوکت اسلام صاحب)
۲۔۔۔قلعی پانچ تولہ۔پارہ چار تولہ کو چھلبند کریں اور اس میں چار تولہ گندھک آملہ سار ملا کر کھرل کریں۔پھر دس تولہ سم الفار ڈال کر کھرل کریں۔دو تولہ نوشادر بھی کھرل کریں اور پھر ایک پاؤ آب لیموں کھرل کر کے ٹکیاں بنا کر پچیس کلو کی آگ دیں۔یہ کشتہ ہوگا اس کی خوراک دو چاول ہے۔مکھن کے ساتھ۔قوت باہ۔جراثیم اور جریان کے لیے۔ (جناب حکیم نذیر حسین شبانی صاحب)

کشتہ جست

۱۔۔۔جست کو ریتی سے برادہ کریں اور لیموں کے مقطر پانی میں بھگو دیں جب پانی خشک ہو جائے تو چھان لیں ۔سفید رنگ کا کشتہ ہوگا۔ایک چاول خوراک ۔جسم میں جست کی کمی دور کرتا ہے۔ (جناب حکیم محمد اسلم سیال صاحب)

۲۔۔۔جست کو لوہے کی کڑاہی میں پگھلا لیں اور نیم کے ڈنڈی پھیرتے جائیں کشتہ ہو جائے ۔آنکھوں کے لیے بطور سرمہ استعمال کریں۔ (قادری)

کشتہ سم الفار

۱۔۔۔سم الفار سفید کو باریک سفوف بنا کر ایک پیالہ میں ڈال دیں اور عرق سونف سے بھر دیں ایک یا دو بار عرق سونف سے بھر دیں بس تیار ہے ۔ایک رتی کی خوراک تمام امراض کہنہ کے لیے اکسیر ہے ۔ناشتہ کے بعد دیں اور مریض سارا دن پانی کی جگہ دودھ پی کیا کرے ۔مقوی قلب ۔مصفیٰ خون ۔اینٹی بائیٹک ۔مقوی باہ ۔انتشار ۔ممسک کی اعلیٰ درجہ کی دوا ہے ۔ (قادری)

۲۔۔۔پچاس گرام لونگ کو موٹا موٹا کوٹ لیں اور آدھا کلو پانی میں جوش دیں جب ایک پاؤ رہ جائے تو چھان لیں ۔اس پانی میں سم الفار ایک تولہ کو کھرل کریں ۔اکسیر تیار ہوگی جو کہ ہر مرض پر کام کرے گی ۔ (قادری)

۳۔۔۔سم الفار سفید ۔پھٹکڑی ۔نوشادر ۔ہر چیز ہموزن لیں اور تینوں کو موٹا موٹا سا کوٹ لیں زیادہ باریک نہ کریں ۔پھر ایک مٹی کے کوزہ میں ڈال کر اوپر ٹین کا ایک پترہ بطور ڈھکن لگا کر اس میں ایک سوراخ کر لیں اور ڈھکن کو ارد گرد سے مٹی سے بند کر دیں پھر سلگتے ہوئے کوئلوں میں رکھ دیں ۔جب سوراخ سے دھواں نکلنے لگے تو اس میں ایک آہنی سلاخ ڈال کر اسے ہلانا شروع کر دیں جب سفید دھواں نکلنا شروع ہو تو کوزہ کو اتار لیں ۔جب سرد ہو جائے تو سب کو پیس لیں ۔ایک چاول مکھن یا ملائی سے دیں یہ بے نظیر نسخہ رعشہ کے لئے خاص طور پر مفید ہے اور فالج ۔لقوہ ۔استرخا ۔تشنج خدر ۔درد ریح اور ہر قسم کی دردوں کے لئے عمدہ چیز ہے ۔خاص الخاص مخفی کشتہ ہے ۔

(مجربات سلطانی ۔ص:۲۴۷)

کشتہ نیلا تھوتھا

نیلا تھوتھا بنانے کا طریقہ

عمدہ قسم کا تانبہ باریک سفوف چونسٹھ گرام لیں اس سفوف کو اچھی طرح دھو کر صاف کریں اور خشک کر لیں اب اس سفوف کو ایک شیشے کے برتن میں ڈالیں اور پیور تیزاب گندھک سو گرام اس میں ڈال دیں ۔دو یوم کے بعد تیزاب جب تانبہ کو کھا چکا ہو تو ایک دوسرے بڑے شیشے کے برتن میں بارہ سو گرام تول کر ڈسٹل واٹر ڈالیں اور اس میں تیزاب والا مرکب ملا دیں اب اس شیشے کے برتن کو ڈھک کر رکھ دیں ۔دو ماہ اس کے ساتھ چھیڑ چھاڑ نہ کریں ۔عمدہ نیلا تھوتھا کی ڈلیاں قلموں کی صورت میں اس میں جمی ہوئی ملیں گی ۔موسمی اتار چڑھاؤ اور درجہ حرارت کے اتار چڑھاؤ کے اثرات کی وجہ سے حاصل ہونے والے نیلے تھوتھا کی مقدار کم زیادہ ہو سکتی ہے ۔اس حاصل شدہ نیلا تھوتھا کی کوالٹی کسی بھی بین الاقوامی کوالٹی کے نیلا تھوتھا سے کم نہیں ہوگی ۔

اب نیلا تھوتھا کو کشتہ کرنے کا آسان طریقہ بیان کرتا ہوں لیکن اس سے پہلے اسکے فوائد اور نقصانات کا جائزہ لیتے ہیں۔

نقصانات

نیلا تھوتھا ایک شدید قسم کا کیمیائی زہر ہے اس لیے کسی بھی مستند طبیب کے زیر نگرانی تیار کریں اور استعمال کریں اگر اسکی مقدار ایک گرام یا اس سے زیادہ کھالی جائے اور فوری طور پر طبی امداد میسر نہ ہو تو دو گھنٹے کے اندر منہ سے نیلے رنگ کی جھاگ نکلتی ہے ناخن نیلے ہو جاتے ہیں پتلیاں سکڑ جاتی ہیں زبان بے جان ہو جاتی ہے اور آخر مسموم اگلے جہان سدھار جاتا ہے۔اسکی کم مقدار بھی قے لانے والی ہوتی ہے۔

فوائد

نیلا تھوتھا اگر درست طور پر تیار ہو تو اس سے عمدہ مصفی خون کہیں دستیاب نہیں۔اسکا کشتہ پس سل ختم کر دیتا ہے چاہے وہ کان میں سے آتی ہے یا کسی اندرونی زخم میں سے آتی ہے یا گردوں میں سے مادہ حیات میں آتی ہے۔اس کے استعمال سے امساک عمدہ پیدا ہوتا ہے۔اس کی مدد سے اعصابی لیکوریا ختم ہو جاتا ہے۔اسکے استعمال سے پانی والی رحم کی رسولیاں ختم ہو جاتی ہیں اور رحم کا ورم اور رحم کے زخم ٹھیک ہو جاتے ہیں۔رحم کی شدید گندی بدبو دور ہو جاتی ہے اسکی مدد سے جریان مزی اور جریان منی ختم ہو جاتا ہے۔اسکے استعمال سے سپر مز بڑھ جاتے ہیں اور اس کے استعمال سے دانتوں کے مسوڑوں میں پس ورم کو ختم ہو جاتا ہے۔

کشتہ نیلا تھوتھا

کشتہ نیلا تھوتھا بیس گرام کی عمدہ ڈلی لیں اور اس کا باریک سفوف بنا کر دو لیٹر آر او واٹر میں حل کر کے سٹیل کے برتن میں چولہے پر چڑھا دیں۔جب پانی خشک ہو جائے برتن کے پیندے میں جمے ہوئے کشتہ نیلا تھوتھا جو کہ سفید سلیٹی رنگ میں ہو گا کھرچ کر نکالیں اور کھرل کرلیں۔بیس گرام کے قریب حاصل ہو گا۔مقدار خوراک اس کشتہ کی تین سے چار چاول مکھن میں روزانہ وقت عصر۔خشکی کا احساس ہو تو دودھ۔گھی۔مکھن کا استعمال کریں۔(جناب حکیم سید مبشر علی مدنی صاحب)

لوشن زخم دھونے والا

دو لیٹر پانی میں دو ماشہ نیلا تھوتھا باریک پیس کر چار۔پانچ بار جوش دیں اور چھان کر بوتل میں محفوظ رکھیں۔پھوڑے۔پھنسی اور کیسا ہی گلا سڑا زخم ہو جو ہر وقت رستا رہتا ہو۔آتشک کے زخم۔بہنے والے زخموں کے لاجواب ہے۔(جناب حکیم محمد سلیم شہزاد سمرا صاحب۔دنیا پور)

کشتہ ہڑتال ورقیہ

۱۔۔۔پچاس گرام ہڑتال ورقیہ کو ایک پاؤ **سہانجنہ** کے مقطر پانی میں کھرل کر کے محفوظ کرلیں۔ایک یا دو چاول دیں۔کولسٹرول کا خاتمہ۔دل کے بند وال کھولنے کے لیے اکسیر ہے۔ (ڈاکٹر ناصر علی شاہ مرحوم)

۲۔۔۔ہڑتال ورقیہ اور ہلدی ہموزن سفوف بنالیں ایک رتی کی خوراک مناسب بدرقہ کے ساتھ ہر مرض کے لیے اکسیر ہے۔(قادری)

۳۔۔۔ہڑتال ورقیہ کی تین تین ماشہ کی ڈلیاں اور ابرک سفید کے دو بڑے سائز کی پرتیں۔ڈلیوں کو ان کے درمیان رکھ کر ذرا فاصلے

پر رکھیں اور اوپر دوسرا پرت رکھ دیں کسی توے یا اسٹیل کی پلیٹ پر یہ رکھ کر اوپر پانچ کلو کا وٹہ رکھ دیں نیچے پینتالیس منٹ آگ جلائیں اور پینتالیس منٹ کے بعد دوسری طرف رکھ دیں پینتالیس کے لیے ہڑتال چرخ شدہ شفاف ملے گی اور اس کو پیس لیں ایک رتی خوراک ہے اسکی۔آخری اسٹیج کا مریض ٹی بی کا ایک مہینے میں تندرست ہو جاتا ہے (جناب حکیم سید اعجاز علی شاہ۔سیالکوٹ)

کشتہ پارہ

۱۔۔تیس گرام گندھک آملہ سار کا سفوف ایک روغنی ہنڈیا میں بچھا دیں اور اوپر ایک موٹا کپڑا باندھ دیں اس کپڑے پر ایک تولہ پارہ مصفیٰ رکھ کر اسی ہنڈیا کا ڈھکن اوپر رکھ کر چاروں طرف سے آٹا لگا دیں اور بارہ گھنٹے چراغ کی آگ جتنی آگ جلائیں۔بارہ گھنٹے بعد آرام سے ڈھکن اتاریں پارہ ڈھکن کے ساتھ لگا ہوگا اتار لیں۔سرخ رنگ کا یہ کشتہ اکسیر ہے اسپرم کے لیے اور قوت باہ کے لیے۔خوراک ایک چاول مکھن سے۔ (جناب حکیم محمد اسلم سیال صاحب۔ساہیوال)

۲۔۔ڈھائی پاؤ ہلدی کے سفوف کو پانی کی مدد سے گولہ بنالیں اور کسی قلم سے اس گولہ میں سوراخ کر کے دو تولہ پارہ مصفیٰ اس سوراخ میں ڈال کر بند کر دیں۔اب اس پر ڈھائی سیر سوتی کپڑے لپیٹ دیں اور تین اینٹوں کا ایک تکون بنا کر اس پر رکھ دیں اور چاروں طرف سے آگ لگا دیں۔جب ٹھنڈا ہو جائے تو پارہ نکال لیں جو کہ کشتہ ہوگا۔ (کشتہ جات۔ص:۳۵)

کشتہ شنگرف

۱۔۔دو تولہ ہینگ کو شیر مدار پانچ تولہ میں کھرل کر کے شنگرف پر لیپ کر دیں اور کسی کوزہ میں بند کر کے پانچ کلو کی آگ دیں کشتہ ہوگی۔ایک چاول خوراک قوت باہ کے لیے۔

۲۔۔۔آدھا پاؤ کچلہ کے برادہ کو ایک پاؤ شیر مدار کے ساتھ کھرل کر کے نغدہ بنائیں اور اس میں ایک تولہ شنگرف کی ڈلی رکھ کر گل حکمت کر کے پانچ کلو کی آگ دیں کشتہ ہوگی۔ (کشتہ جات۔ص:۴۶)

۳۔۔کشتہ سنکھیا۔شنگرف۔ہڑتال ورقیہ۔ایک تولہ کوئی سی بھی ایک چیز لے کر ۲ تولہ آک کے دودھ میں خوب کھرل کر لے گولی بنا لیں جب یہ گولی خشک ہو جائے تو مٹی کی پیالیوں میں لب بہ لب بند کر کے دو بڑے بڑے دو اوپلوں میں رکھ کر ہوا سے بچا کر آگ دیں سرد ہونے پر نکال لیں۔ایک چاول سے دو چاول تک مکھن سے کھلائیں،نامردی،کمزوری،اعصاب اور بلغمی امراض کے واسطے مثل تریاق ہے۔ (تحفہ لقمان۔ص:۱۰۴)

شنگرف بنانا

گندھک پانچ تولہ۔سیماب آٹھ تولہ۔مینسل ایک تولہ۔ہڑتال ورقیہ ایک تولہ۔سم الفار ایک تولہ۔میٹھا سوڈا تین ماشہ۔سب کو دس گھنٹہ کھرل کر کے کسی بلب میں ڈال کر مٹی سے منہ بند کر کے ٹیپ لگائیں اور اٹھارہ گھنٹے ریت جنتر کریں۔بلب توڑ کر نکال لیں۔یہ اعلیٰ درجہ کا شنگرف ہے اس سے کام لیں اور اس کے کمالات دیکھیں۔ (جناب حکیم نذیر حسین شبانی صاحب)

کشتہ ابرک

ابرک کو ورق ورق کر کے کسی کوزہ میں ڈالیں اور آپ گھیگوار سے تر کر کے پندرہ کلو کی آگ دیں ۔نکالیں ورق پیسنے کے لائق ہو جائیں گے ۔اب ابرک سے ڈیڑھ گناہ قلمی شورہ لے کر اتنے پانی میں ڈالیں کہ ورق اچھی طرح تر ہو جائیں ۔ پھر بند کر کے آگ دیں ۔سفید براق کشتہ ہو گا۔اس کو پیس کر کئی بار پانی میں دھو کر پانی نتھار دیں تا کہ شوریت خارج ہو جائے ۔خشک ہونے پر سنبھال لیں ۔ایک رتی سے چار رتی خوراک ہمراہ بدرقہ مناسبہ کے دیں ۔ ہر قسم کے بخار ۔کھانسی ۔درد شکم ۔گردہ و مثانہ کے لیے مفید ہے ۔(خواص گھیگوار ۔ص: ۵۹۴)

کشتہ ہڑتال گودنتی

ہڑتال گودنتی کو آک کے پتے ۔گھیگوار کے پتے ۔گلو کے پتے اور نیم کے پتوں میں کشتہ کر لیں ۔بخاروں پر اچھا کام کرتی ہے ۔

پتھروں کا کشتہ

کسی بھی پتھر کا کشتہ کرنا ہو تو اسے پہلے سفوف بنا کر کپڑ چھان کر لیں اور عرق گلاب سہ آتشہ کی ایک بوتل اور ایک بوتل عرق سونف خود ساختہ میں کھرل کر لیں اور استعمال کریں ۔

تیئسواں باب

متفرقات

مالش کا تیل

جائفل ۔لونگ ۔سنڈھ ۔دارچینی ۔اجوائن ۔سب ایک ایک تولہ ۔میٹھا تیل (تلوں کا) ۵ چھٹانک میں پکائیں ۔اس کی مالش فالج ۔لقوہ ۔نمونیا۔درد گردہ ۔دردقولنج ۔تشنج کے لیے لاجواب ہے۔ (مجربات حیات حصہ اول ۔ص:۱۲۶)

معجون فلاسفہ

یہ معجون تین ماہ کھانے سے اولاد نرینہ پیدا ہوتی ہے ۔ہاتھ پاؤں سن ہونا ختم ہوجاتے ہیں اور فالج کا اثر جسم میں نہیں رہتا۔

(مجربات حیات حصہ اول ۔ص:۱۲۷)

جوارش جالینوس

یہ ایک کایا پلٹ دوا ہے جو کہ صدیوں سے مجرب چلی آرہی ہے ۔ضعف معدہ ۔کمزوری عامہ ۔تبخیر معدہ ۔بدبوئے دہن ۔کثرت بول ۔مخرج ریاح ۔بلغمی کھانسی ۔بادی بواسیر ۔دردکمر ۔دافع پتھری گردہ ومثانہ کو دور کرتی ہے اور مقوی باہ بھی ہے۔

(مجربات حیات حصہ اول ۔ص:۱۲۷)

سفوف کچلہ

۱۔۔کچلہ کو گائے کے گھی میں بریاں کریں تاکہ پھول جائیں گرم گرم کوٹ لیں ۔ڈھائی تولہ یہ کچلہ ۔فلفل دراز ایک تولہ ۔مرچ سیاہ ایک تولہ ۔سنڈھ ۔دارچینی ۔سہاگہ سب ایک ایک تولہ ملا کر ایک رتی کیپسول میں بند کریں۔

فوائد: عرق النساء ۔دردکمر ۔کمزوری ہاضمہ ۔دائمی قبض ۔نمونیہ ۔بلغمی بخار ۔تپہ بخار میں لاجواب ہیں ۔افیون کی عادت چھڑاتی ہے ۔بعد از غذا کھلائیں ۔صاحب کتاب فرماتے ہیں کہ پچاس سال سے تو میں انہیں استعمال کرا رہا ہوں۔ (مجربات حیات حصہ اول ۔ص:۱۲۸)

۲۔۔کچلہ کو بغیر کسی چیز میں بریاں کے کوٹ لیں اور اس کے ہموزن مویز منقیٰ اور کھوپرا ڈالیں اور اچھی طرح کوٹ کر کالی مرچ کے برابر گولی بنالیں ۔خوراک ایک گولی دودھ سے دیں ۔کمر درد اور سرعت انزال کے لیے اکسیر ہے۔ (جناب حکیم ہدایت اللہ صاحب)

۳۔۔کچلہ کو نمک میں بریاں کرلینے سے اس کی افادیت پچیس گنا بڑھ جاتی ہے۔ (جناب حکیم ارشد ایوب صاحب ۔انڈیا)

۴۔۔کچلہ مدبر ایک تولہ ۔بادام ۔کالی مرچ ۔مگاں ۔مصبر ۔گوندکتیرا ۔سب اڑھائی اڑھائی تولہ ۔پوست ہلیلہ زرد پانچ تولہ ۔سب کو کوٹ کر نخودی گولیاں شہد کی مدد سے بنالیں ۔صبح وشام ایک ایک گولی دودھ پتی کے ساتھ ۔تمام بلغمی امراض کا تریاق ہے ۔کثرت بول ۔بڑھاپے کے امراض ۔بخار ۔وجع المفاصل ۔عرق النساء ۔کمر درد ۔کمال کا نسخہ ہے ۔پیٹ کے امراض ۔امعاء کی خارش اور کمزوری کے لیے

بھی مفید ہے۔ (جناب حکیم رانا وحید احمد صاحب۔لاہور)

وزن کم کرنے کے لیے

لہسن اور ادرک ہم وزن لے کر پانی نکال کر چھان لیں۔کسی شیشے کی بوتل میں محفوظ کر لیں۔دو چمچ یہ پانی ایک کپ میں ڈالیں اور دو چمچ کسی بھی شربت جیسے روح افزا وغیرہ کے ڈال کر نہار منہ پی لیں۔پندرہ منٹ بعد ناشتہ کر لیں۔کبھی نہار منہ نہ پی سکیں تو ناشتہ کے بعد پی لیں۔پہلے اپنا وزن کر لیں پھر استعمال کریں تاکہ آپ کو معلوم ہو سکے کہ آپ کا وزن کتنا کم ہوا ہے۔ہر ماہ وزن کر لیا کریں۔یہ ایسا کمال کا نسخہ ہے کہ وزن بھی کم کرتا ہے۔رنگ کو سرخ بھی کرتا ہے۔چہرے کے داغ دھبے ختم کرتا ہے۔موٹاپے کو نیست و نابود کرتا ہے۔کمزوی بھی نہیں ہونے دیتا۔معدے کو درست کرتا ہے۔فالتو چربی ختم کر کے جسم کو سڈول بناتا ہے۔جن دوستوں نے استعمال کیا ہے ان کا وزن دس سے پندرہ کلو تک کم ہوا ہے۔ (قادری)

سم الفار

امراض کہنہ میں سم الفار اکسیر ہے۔ (مجربات حیات حصہ اول۔ص:۱۲۸)

اکسیر رعشہ

سم الفار سفید ایک تولہ۔شنگرف رومی ایک تولہ۔لونگ ۶ ماشہ۔زعفران ۶ ماشہ،بادام مقشر ۱۶ عدد۔ان سب کو کھرل کریں اور متواتر دس گھنٹہ کھرل کریں۔ایک چاول مکھن یا حلوہ میں رکھ کر کھلائیں۔

فوائد:رعشہ۔فالج۔لقوہ۔تشنج۔کمزوری عامہ۔تمام ریحی امراض باردہ کو لاجواب ہے۔حد درجہ کا مقوی باہ بھی ہے۔بوڑھوں کے لیے عصا کا کام دیتا ہے۔بلغمی دمہ اور ملیریا میں ایک خوراک روز دیں۔پرانے نزلہ و زکام میں مفید ہے۔معجون فلاسفہ میں رکھ کر کھلانا امراض باردہ کے لیے لاجواب ہے۔پٹھوں کا طاقت دے گا۔گردہ و مثانہ کو طاقت دے گا۔ازسر نو شباب کو قائم کر دے گا۔ان شاء اللہ کایا پلٹ ہوگا۔

(مجربات حیات حصہ اول۔ص:۱۳۹)

موسم گرما کے عوارضات

ا۔۔۔یرقان۔ہاتھ پاؤں کی جلن۔پیشاب کی جلن اور گردہ و مثانہ کی چھوٹی چھوٹی پتھریوں کے لیے خاص طور پر مفید ہے۔اگر اس نسخہ کو شربت بزوری کے ساتھ استعمال کیا جائے تو جگر کے بیشتر عوارضات کے لیے مفید ہے۔

نسخہ:قلمی شورہ۔جوکھار۔نوشادر۔ریوند خطائی۔سونف۔زیرہ سفید۔سب ہم وزن لیں۔سفوف بنا کر محفوظ کر لیں۔آدھی چمچ سے ایک چمچ دن میں تین بار کھانا کھانے کے آدھے گھنٹہ بعد پانی سے یا شربت بزوری سے لیں۔دو ہفتہ تک۔ (جناب حکیم شہباز حسین اعوان صاحب)

۲۔۔۔(ہاتھ پاؤں اور جسم میں سخت گرمی کا محسوس ہونا۔ہتھیلیوں کا جلنا۔جگر کی گرمی۔بار بار پیاس کا لگنا۔گرمی کا بخار۔لو لگ جانا۔ہیضہ دست اور قے کا آنا)

دو چھٹانک املی کا گودا نصف سیر پانی میں ڈال کر اس قدر پکائیں کہ ۵ چھٹانک پانی رہ جائے۔ اب اس میں دس چھٹانک چینی ملا کر چاشنی تیار کریں۔ جب تار بننے لگے تو اتار لیں۔ سردیوں میں آدھا چھٹانک یہ شربت عرق گاؤزبان یا عرق سونف میں ملا کر استعمال کریں اور گرمیوں میں ٹھنڈے پانی میں ملا کر پیئیں۔ (پیٹنٹ ادویات و پوشیدہ طبی راز۔ص:۲۲)

(۱۰۰) امراض کی دوا

کافور۔ست پودینہ۔ست اجوائن۔ہموزن ایک شیشی میں ڈال کر منہ بند کر کے دھوپ میں رکھیں۔ پانی بن جائے گا۔ یہ دوا ہر مرض کی ابتدائی حالت میں دی جاتی ہے۔ اسے امرت دھارا کہا جاتا ہے۔ پیٹ درد۔ دست۔ قے۔ دردسر۔ سانپ یا بچھو کے کاٹنے کا علاج۔ دانت کے درد۔ کان کے درد میں اکسیر ہے۔ دو بوند چینی میں ڈال کر کھلائیں اور متاثرہ جگہ پر لگائیں۔

(پیٹنٹ ادویات و پوشیدہ طبی راز۔ص:۱۷۴)

مقوی نروس سسٹم

اگر آپ کا نروس سسٹم کمزور ہو گیا ہو اور دماغ کمزور اور جسم ڈھیلا ڈھالا ہو تو چار ماشہ سے چھ ماشہ ملٹھی کا سفوف دودھ کے ساتھ دو چار ماہ تک استعمال کریں اور قدرت خدا کا تماشہ دیکھیں۔ اگر اس کو کئی ماہ تک دودھ سے استعمال کرتے رہیں تو جسم کو کندن بنا دیتی ہے۔ (سادھوؤں، سنیاسیوں اور جوگیوں کے مجربات۔ص:۱۱)

شربت اور اسکوائش بنانا

سیب اور مالٹے کا شربت

شربت بنانے کے لیے عمدہ قسم کے پھل منتخب کریں جیسے آجکل مالٹا وافر ہے اور کینو وافر ہے سیب بھی موجود ہے۔ سبز والا سیب لیں جس میں ہلکی ترشی سی ہوتی ہے یا مالٹا اور کینو لیں ان کا جوس نکال لیں اور جوس کے برابر چینی ڈال کر سٹیل کے برتن میں چولھے پر چڑھا دیں اور قوام پر لے آئیں۔ اب اس میں ایک چھوٹی چمچ ٹاٹری اور ایک چٹکی ست لوبان شامل کر لیں۔

املی اور آلو بخارے کا شربت

املی اور آلو بخارہ کے شربت کے لیے ایک ایک پاؤ دونوں اجزاء لیکر ایک لیٹر پانی میں بھگو دیں۔ آٹھ گھنٹے کے بعد سٹیل کے برتن میں چولھے پر چڑھا دیں۔ جب پانی آدھا رہ جائے تو اچھی طرح گھوٹیں اور ململ کے کپڑے میں چھان لیں۔ جو جوشاندہ حاصل ہو اس میں ایک کلو چینی ڈال کر چولھے پر چڑھا دیں اور قوام پر لا کر ایک چمچ ٹاٹری اور ایک چٹکی ست لوبان شامل کر دیں اور ٹھنڈا ہونے پر بوتلوں میں بھر لیں۔

صندل اور الائچی کا شربت

صندل اور الائچی کا شربت اسطرح بنتا ہے کہ پچاس گرام صندل یا الائچی لیکر موٹا موٹا کوٹ لیں اور ایک کلو پانی میں بھگو دیں اگلے دن ہلکی آنچ پر رکھیں جب پانی آدھارہ جائے تو چھان کر پانی میں پانی کے برابر چینی شامل کریں اور قوام پر لیکر آئیں اور ایک چٹکی ست لوبان شامل کریں۔شربت الائچی میں سبز کلر خوردنی ایک چٹکی اور ایک چمچ باریک پیسا ہوا الائچی دانہ شامل کریں جبکہ شربت صندل میں ایک چٹکی زرد کلر اور روغن صندل کے سات قطرے شامل کریں اور ٹھنڈا کر کے بوتلوں میں بھر لیں۔

اسکوائش بنانا

اسکوائش بنانے کے لیے لیموں کا جوس لیں اور سٹیل کے برتن میں برابر چینی شامل کر کے چولھے پر چڑھائیں جب قوام بن جائے تو ایک چٹکی ست لوبان شامل کریں جبکہ آم کی اسکوائش بنانے کے لیے کچے آم لیکر چھلکا اتار کر باریک کاٹ لیں دوگنا پانی میں پکانا شروع کریں جب آم بالکل گل جائیں اتار کر ملک شیک والی مشین میں اچھی طرح بلینڈ کرلیں اور چھان لیں دوبارہ سٹیل کے برتن میں چولھے پر چڑھا کر برابر چینی شامل کریں اور قوام پر لا کر آدھا چھوٹا چمچ ٹاٹری اور ایک چٹکی ست لوبان شامل کریں اور ٹھنڈا کر کے بوتلوں میں بھر لیں۔

شربت انار

شربت انار بنانے کے لیے اگر تازہ انار دستیاب ہیں تو انکا جوس نکال کر اس میں برابر چینی ڈال کر قوام پر لائیں اور چٹکی ست لوبان اور ایک چمچ ٹاٹری شامل کریں اور ٹھنڈا کر کے بوتلوں میں بھر لیں اگر تازہ انار دستیاب نہیں تو عمدہ قسم کا انار دانہ خشک ایک پاؤ لیں اور ایک لیٹر پانی میں بھگو دیں۔دوسرے دن پکائیں جب پانی نصف رہ جائے تو مل چھان کر پانی علیحدہ کرلیں اور برابر چینی شامل کر کے قوام پر لائیں اور ایک چٹکی سرخ خوردنی کلر ڈالیں ایک چٹکی ست لوبان اور ایک چھوٹا چمچ ٹاٹری ڈال دیں ٹھنڈا ہونے پر بوتلوں میں بھر لیں۔

بادام اور چہار مغز کا شربت

شربت بادام و چہار مغز بنانے کے لیے بادام گری عمدہ ایک پاؤ لیکر ایک کلو پانی میں بھگو دیں۔دو دن کے بعد بادام کا چھلکا دور کریں اور مغزیات کا اسقدر گھوٹا لگائیں کہ بالکل دودھ بن جائے اسی طرح بادام گھوٹیں کہ دودھ کی شکل اختیار کرلیں۔نصف لیٹر دودھ مذکورہ میں نصف کلو چینی اور ایک پاؤ پانی ڈال کر چولھے پر چڑھائیں جب قوام پر آجائے تو اتار کر ایک چٹکی ست لوبان ملا کر ٹھنڈا کرلیں اور بوتلوں میں بھر لیں۔ (جناب حکیم سید مبشر علی مدنی صاحب)

موٹا ہونے کے لیے

اسگندھ ناگوری اور بدھارا۔ہموزن سفوف بنالیں اور ان کے ہم وزن مصری ملالیں۔چھ ماشہ روزانہ صبح وشام دودھ سے لیتے رہیں۔ایک دو ماہ میں دبلے پتلے انسان موٹے تازے بن جاتے ہیں۔اس کے علاوہ جریان،احتلام،سرعت انزال جیسے امراض بھی اس سے دور ہوجاتے ہیں۔کمر درد اور جوڑوں کے درد بھی دور ہوجاتے ہیں۔اس دوا کی خوبی یہ ہے کہ قبض کشاء ہے۔

(سادھوؤں،سنیاسیوں اور جوگیوں کے مجربات۔ص:۱۵)

سنیاسی مرہم

روغن کنجد (تل کا تیل) سوا سیر۔سیندور نصف سیر۔سفوف مردار سنگ۔سفوف سنگ جراح ہر ایک دو دو تولہ۔روغن کنجد کو آگ پر رکھیں۔جب جوش آنے لگے تو تھوڑا تھوڑا سیندور ڈالتے جائیں اور ہلاتے جائیں۔جب رنگ سیاہ ہو جائے تو پہلے مردار سنگ ڈالیں اور پھر سنگ جراح ڈال کر ہلاتے رہیں۔جب مرہم کی طرح ہو جائے تو اتار لیں۔کاٹن کے کپڑے پر لگا کر ہر قسم کے پھوڑے پھنسیوں اور زخموں پر چسپاں کر دیں۔اسی طرح کسی اوزار کے لگ جانے یا آگ کے جل جانے سے اس پر بھی لگا سکتے ہیں۔اکسیر ہے۔عجیب مرہم ہے۔طب جدید کا کوئی بھی مرہم اس کا مقابلہ نہیں کرسکتا۔ (پچاس صدری مجربات۔ص:۳۸)

بڑی ہرڑ کے فائدے

بڑی ہرڑ اور چینی دونوں کو ہموزن سفوف بنالیں۔چھوٹے بچے (پانچ سال سے چودہ سال تک) کو چوتھائی چمچ صبح وشام دودھ سے کھلائیں۔چودہ سال سے چالیس سال تک والے آدھا چمچ صبح وشام دودھ سے لیں۔چالیس سال سے آخر عمر تک والے ایک چمچ صبح وشام نیم گرم دودھ سے کھائیں۔پانچ سال سے کم عمر والے بچے استعمال نہ کریں۔

نزلہ۔زکام۔رعشہ۔کھانسی اور بلغم کو ختم کرتا ہے۔دماغی کمزوری کو دور اور حافظہ کو قوی کرتا ہے۔دانتوں کو مضبوط اور مسوڑھوں سے خون آنا بند کرتا ہے۔بطور منجن چینی کے بغیر استعمال کریں تو دانتوں کو صاف کرتا ہے۔گھنٹیا۔نقرس کے مریضوں کو فائدہ دیتا ہے۔ہر قسم کی اعصابی دردوں کو جو جسم کے کسی بھی حصہ میں ہوں فائدہ دیتا ہے۔نظر کو تیز کرتا ہے۔مسلسل استعمال کرنے سے عینک اتر جاتی ہے۔دردسر کو ختم کرتا ہے۔قبض کو دور کرتا ہے۔مردانہ قوت میں اضافہ کرتا ہے۔منہ کے چھالوں کو ختم کرتا ہے۔چہرے کے کیل مہاسے اور چھائیوں کو ختم کرتا ہے۔چہرے کی رنگت نکھارتا ہے۔لیکوریا۔جریان واحتلام۔بواسیر کے لئے مفید ہے۔گرمی دانوں کو دور کرتا ہے۔مصفی خون ہے۔ہچکی بند کرتا ہے۔ہاتھ پاؤں کی جلن۔سینے کی جلن،معدے کی جلن۔کھٹی ڈکاریں اور متلی کو دور کرتا ہے۔

(ماہنامہ عبقری۔اپریل ۲۰۱۷۔ص:۲۳)

گرمی توڑ

گرمی سے جن کا تالو جلتا ہو اور عمامہ نہ رکھ سکتے ہوں یا جس کو گرمی جھٹکا لگ گیا ہو یا پیشاب میں جلن ہو یا سوزاک ہو اس کے لیے ۶ ماشہ رتن جوت مثل سردائی گھوٹ چھان کر ۲ تولہ مصری ملا کر پلائیں۔مذکورہ امراض کا نام ونشان نہ رہے گا۔ (گلدستہ مجربات۔ص:92)

جوڑوں کا درد یا گنٹھیا (یورک ایسڈ)

بوپھلی کا سفوف ۶ ماشہ پانی سے پھانک لینا اکسیر کا فائدہ دکھاتا ہے۔ (گلدستہ مجربات۔ص:۱۱۰)

چالیس سال کی عمر کے بعد جسم میں ہونے والا شدید درد یورک ایسڈ کے بڑھنے کے باعث ہوتا ہے۔انسانی جسم ایک مشین کی مانند ہے۔جس طرح ایک مشین استعمال کے سبب خراب ہوسکتی ہے اسی طرح عمر کے بڑھنے کے ساتھ ساتھ انسان مختلف قسم کی بیماریوں میں مبتلا

ہوسکتا ہے- جن میں سے عام بیماری جسم کے مختلف حصوں میں درد کی شکایت ہے، جس کی کئی وجوہات ہوسکتی ہیں، ان میں سب سے عام وجہ یورک ایسڈ کا اضافہ ہے۔

یورک ایسڈ کیا ہے؟

یہ جسم کے اندر پیدا ہونے والا ایک فاضل کیمیائی ترش مادہ ہے جو کہ روزانہ کی بنیاد پر جسم کے فاضل مادوں کے ساتھ خارج ہوتا ہے۔لیکن گردوں کے افعال میں عمر کے ساتھ واقع ہونے والی کمی کے سبب یہ خارج ہونے کے بجائے خون میں جمع ہونا شروع ہو جاتا ہے اور اس سے بننے والے کرسٹل خون کے بہاؤ میں رکاوٹ ڈالنے کا سبب بنتے ہیں۔جس کی وجہ سے جسم کے جوڑوں میں شدید ترین درد ہوتا ہے جو کہ انسان کے لیے سخت تکلیف دہ ہوتا ہے۔اس کے ساتھ مستقل طور پر یورک ایسڈ کی شرح میں اضافہ انسان کو گردے و جوڑوں اور دل کے مرض میں مبتلا کرنے کا سبب بن سکتا ہے۔

یورک ایسڈ میں اضافہ کرنے والی غذائیں

عام طور پر ماہرین کے مطابق کچھ غذاؤں کا استعمال یورک ایسڈ کی شرح میں اضافے کا باعث بن سکتی ہیں۔جن میں سرخ گوشت، کلیجی۔مچھلی اور ایسے کولڈ ڈرنکس، مشروبات جن میں آرٹیفیشل مٹھاس ہو۔جسم کے اندر یورک ایسڈ کے اضافے کا سبب بن سکتی ہیں۔یورک ایسڈ اول پاؤں کے انگوٹھے کی شوزش سے شروع ہوتا ہے۔یہ مقام گرم اور سرخ ہو جاتا ہے۔تیز درد ہوتا ہے یہیں سے بڑھ کر ہاتھوں کی انگلیوں تک پہنچ جاتا ہے اس وقت اسے گاؤٹ یعنی نقرس کہتے ہیں اس سے بڑھ کر بڑے جوڑوں تک پہنچ جاتا ہے تب اسے گنٹھیا یا وجع المفاصل کہتے ہیں جسم میں اچانک سوئی چبھتی ہے جب تک اس مقام کو کھجا یا نہ جائے سخت تکلیف رہتی ہے۔نیند کم ہو جاتی ہے کبھی درد کی زیادتی سے نیند آتی ہی نہیں۔رات کے وقت بستر میں لیٹتے ہی سوئیاں چبھنے لگتی ہیں اس وجہ سے نیند نہیں آتی۔طبعیت بے چین رہتی ہے یورک ایسڈ کے بڑھنے کے اسباب میں اول میٹا بولزم خراب ہو جانا۔غذاؤں میں تمام گوشت۔مٹر۔لوبیا۔مسور۔چنے۔آلو۔گوبھی۔چینی کا کثرت سے استعمال۔بیکری کی تمام اشیاء۔پیرا تھائی رائیڈ گلینڈ کی خرابی۔ایلو پیتھک ادویہ کا استعمال۔دل کی بیماریاں۔شوگر کی زیادتی۔رات دیر تک جاگنا۔کھانا کھاتے ہی سو جانا وغیرہ اس کے اسباب ہیں۔

یورک ایسڈ کیسے کنٹرول کیا جائے؟

سرکہ ہمارے جسم سے فاضل مادہ جس میں یورک ایسڈ شامل ہے باہر نکالنے میں مدد کرتا ہے بلکہ اس میں موجود میلک ایسڈ یورک ایسڈ کو توڑ کر پیشاب کے ذریعے باہر نکالنے میں مدد کرتا ہے۔ایک گلاس پانی میں ایک چمچ خالص آرگینک سرکہ حل کر کے پینے سے یورک ایسڈ کنٹرول ہوتا ہے۔یہ محلول ۴ ہفتہ تک دن میں دو دفعہ استعمال کرنے سے یورک ایسڈ کنٹرول ہوتا ہے۔لیموں وٹامن سی اور الکلائن سے بھرپور ہوتا ہے۔لیموں کا عرق بظاہر تیزابی خصوصیات رکھتا ہے لیکن اس میں موجود وٹامن سی یورک ایسڈ کو فوری کنٹرول کرتا ہے ایک گلاس نیم گرم پانی میں آدھا لیموں نچوڑ کر پینے سے یورک ایسڈ کنٹرول ہوتا ہے۔اس محلول میں حسب ذائقہ شہد یا چینی بھی ملائی جاسکتی ہے۔اس

محلول کو صبح نہار منہ چار ہفتہ تک پینے سے جلد فائدہ ہوتا ہے اسکے علاوہ وٹامن سی لینے کے لیے ڈاکٹر کے مشورے کے مطابق وٹامن سی سپلیمنٹ بھی لیے جاسکتے ہیں۔سبز چائے روزانہ رات کھانے کے بعد پینے سے یورک ایسڈ کنٹرول ہوتا ہے اور گنٹھیا کا درد نہیں بڑھتا۔میٹھا انار دانہ۔زیرہ سفید۔کالی مرچ۔تازہ پودینہ وادرک کی چٹنی بنائیں اور روزانہ دو چمچ کھائیں۔

شربت حسن افزاء

شنگرف ایک تولہ،ٹاٹری ایک تولہ ہر دو کو باہم ملا کر ۱۲ گھنٹہ خوب زور دار ہاتھوں سے کھرل کریں پھر ایک سیر مصری کا قوام تیار کرکے کے یہ سفوف شامل کر دیں ٹھنڈا ہونے پر ست الائچی تین ماشہ،ست پودینہ ڈیڑھ ماشہ شامل کر دیں بس شربت حسن افزاء تیار ہے۔دو تولہ پانی میں ملا کر نوش فرمالیا کریں دن میں ایک بار۔اس دوران دودھ گھی خوب استعمال کریں۔

مقوی باہ،مقوی جگر اور قلب ہے رقت منی اور جریان کے ازالہ کے لئے مفید ہے چونکہ اس کے استعمال سے خون وافر مقدار میں پیدا ہوتا ہے اس لئے رنگ و رخسار کو نکھارتا ہے اور جسم و جان میں طاقت اور توانائی پیدا کرتا ہے۔ (کنزالاطباء۔ص:۱۵۸)

گرمی دانے

سوڈا بائیکارب پانی میں گھول لیں اور اس پانی سے نہائیں۔تین چار دن میں سارے دانے بالکل معدوم ہو جائیں گے۔

(اَرزاں چٹکلے۔ص:۲۰۲)

مقوی اعصاب

سفوف کچلہ مدبر اور سفوف فلفل سیاہ ہر دو کو ہموزن لے کر پانی میں کھرل کر کے دو،دو رتی کی گولیاں بنالیں۔دونوں وقت کھانا کھانے کے بعد ایک گولی پانی سے لیں۔یہ گولیاں مقوی اعصاب ہیں۔فالج۔لقوہ۔گنٹھیا اور بلغمی امراض میں نہایت مفید ہیں۔

(رسالہ کچلہ۔ص:۳۷)

بدن کا لرزنا (رعشہ)

اس مرض میں انسان کے اعضاء بالخصوص ہاتھ کسی چیز کو پکڑتے وقت یا لکھتے وقت لرزتے ہیں اور اکثر یہ مرض بلغم کی زیادتی یا کثرت جماع یا شراب نوشی کی وجہ سے ہوتا ہے۔بلغمی رعشہ کا علاج بلغم کا تنقیہ کرنا ہے اور جماع اور شراب نوشی کے رعشہ کا علاج جماع یا شراب کو ترک کرنا ہے اور اس کا علاج مرغی کے انڈوں کو اس طرح کھانا ہے کہ آدھا انڈہ کچا ہو اور آدھا پکا۔ (طب آب حیات۔ص:۴۰)

ہر قسم کے زخموں کے لیے

۱۶ عدد بھلانوہ لے کر ایک پاؤ تل کے تیل میں جلالیں اور چھان کر اس میں ایک تولہ سنگجراحت پیس کر حل کرلیں دوا تیار ہوگئی۔مرغی کے پر سے زخم پر لگائیں۔زخموں کو بھرنے میں بے نظیر ہے۔یہاں تک کہ مویشوں کے زخموں کے لئے بھی۔(حکمت کے راز۔ص:۱۴۷)

شب یمانی 1 کلو۔گندھک آملہ سار 250۔گرام بورک ایسڈ 250 گرام سفوف بنالیں۔پرانے سے پرانہ زخم چاہے زخم میں کیڑے

پڑھ گئے ہوں۔ پیپ ہو یہ سفوف ٹھیک کرتا ہے روازنہ زخم پر لگائیں۔ خارش کے لیے 10 گرام یہ سفوف 100 گرام تیل سرسوں میں ملا کر لگائیں۔

چہرے کو چاند کی طرح روشن بنانے کے لیے

ایک بوتل شربت صندل میں چھ ماشہ زعفران سفوف بنا کر ملالیں۔ دو دو چمچ صبح وشام دودھ کے ایک گلاس میں ملا کر پلائیں۔ بد صورت چہروں کو خوبصورت بنائے گا اور چہرے کو چاند کی طرح چمکائے گا۔ کالے رنگ کو گورا کر دے گا۔ (حکیم عبدالقیوم جوگی۔ اوڈیرولال)

اعصابی ٹانک

گل بنفشہ۔ سونف۔ ملٹھی۔ زیرہ سفید ہر ایک پچاس گرام۔ تمام ادویہ رات کو دو کلو پانی میں بھگو دیں۔ صبح جوش دے کر بطریق معروف ایک کلو چینی شامل کر کے شربت تیار کریں۔ دو تولہ صبح وشام پانی میں ملا کر استعمال کریں۔ الرجی۔ سانس کا پھولنا۔ اعصابی کھچاؤ۔ نیند کی کمی۔ بھوک کی کمی۔ تیزابیت۔ سینے کی جلن۔ ہائی بلڈ پریشر میں مفید ہے۔ (حلفیہ مجربات۔ ص:۱۱۸)

پرانا بخار

ملیریا بخار بڑا خونخوار اور تکلیف دہ مرض ہے۔ یہ عموماً ہر سال باقاعدہ آتا ہے بکثرت مریضوں کو قضا کی گود میں سلا دیتا ہے۔ جب یہ پرانا ہو جاتا ہے تو بڑی مشکل سے قابو آتا ہے۔ ڈھیروں گولیاں، کیپسول اور انجکشن دینے پر بھی اکثر پیچھا نہیں چھوڑتا۔ مرض بڑھتا گیا جوں جوں دوا کی۔ یہ کہاوت اس پر صادق ثابت ہوتی ہے۔ ایسی مایوس کن حالت میں ذیل کا ایک بالکل معمولی سا نسخہ اس مرض کو بیخ و بن سے اکھاڑ پھینکتا ہے۔ بڑی بڑی نامی دواؤں سے زیادہ مفید ثابت ہوتا ہے اور معالجین کو حیرت میں ڈال دیتا ہے اکثر بوڑھوں کو اس کا علم ہے لیکن نئی نسل کے وید اور حکیم اس سے عموماً نا آشنا ہیں۔ یہ بیش قمت نسخہ کہیں ناپید نہ ہو جائے محض اس لئے اسے صفحہ قرطاس پر بکھیر دیا ہے۔

اجوائن دیسی ۶ ماشہ۔ مغز بادام ۵ عدد، کالی مرچ ۵ عدد، تازہ گلو لمبائی میں ایک بالشت۔ رات کو پانی میں بھگو دیں اور صبح کو (کالا یا سفید) نمک حسب ذائقہ ملا کر ان تمام ادویہ کو چٹنی کی طرح رگڑ لیں اور پھر آدھا پاؤ پانی ملا کر کپڑے سے چھان لیں اور صبح نہار منہ پلائیں۔ ایک ہفتہ میں پرانے سے پرانا بخار دور ہو جاتا ہے۔ بھوک چمک اٹھتی ہے۔ جسم میں چستی پھرتی محسوس ہوتی ہے اور کھایا پیا بخوبی ہضم ہونے لگتا ہے۔ (پچاس صدری مجربات۔ ص:۷)

دافع ملیریا (نوبتی بخار۔ تپ لرزہ)

ہڑتال ورقیہ ایک تولہ۔ پھٹکڑی سفید ۲ تولہ۔ دونوں کو پیس کر ملالیں اور توے پر رکھ کر نیچے آگ جلائیں جب بریاں ہو جائے تو اتار کر پیس لیں۔ سبزی مائل (برنگ زرد سنہری) ہوگا۔ ملیریا کے لئے اکسیر اور تریاق ہے۔ ایک رتی سے تین رتی تک خوراک تین مرتبہ دن میں کسی بھی شربت سے دیں۔ (گنج مخفی۔ ص:۱۵۲)

خسرہ وچیچک

گل ۔بنفشہ ٦ ماشہ ۔منقیٰ دس دانے ۔انجیر ۲ دانے ۔عناب ۵ دانے ۔خوب کلاں ٦ ماشہ ۔لونگ ۲ ماشہ ۔ان تمام ادویہ کو اتنے پانی میں بھگو دیں کہ پانی میں ڈوب جائیں ۔دوسرے دن صبح دو یا تین جوش دے کر پن چھان لیں اور ۵ تولہ کی مقدار میں تین وقت پلائیں ۔یہ ایک دن کا جوشاندہ ہے ۔زکام، شدید چھینکیں آنا ۔بخار و بلغمی کھانسی ۔دمہ خسرہ و چیچک میں بے حد مفید ہے ۔

اکسیر بخار

کوڑ (انڈین) ۵۰ گرام ۔مصری ۵۰ گرام

باریک سے باریک کرلیں ۔تین سے پانچ گرام صبح شام کھانے کے بعد دیں دودھ سے ۔ہر قسم کے سوداوی بخار جیسے چکن گونیا ملیریا ۔ٹائیفائیڈ ختم کرنے کے لیے مجرب المجرب ہے ۔

سجی کی کھار بنانا

لانی یالانہ جسے اونٹ شوق سے کھاتے ہیں عموماً کلر والی زمین میں ہوتی ہے ۔یہ دو قسم کی ہوتی ہے ایک سفید پھولوں والی اور دوسری سرخ والی ۔سفید والی کر کے سائے میں خشک کرے جلالیں اور اس کی راکھ سے تین گنا زیادہ پانی ڈال کر تین دن بعد مقطر کر کے جلالیں یہ نمک سجی کی کھار کہلاتی ہے یا اس کی راکھ کو مزید اور جلائیں تو سفید ہو جاتی ہے یہ بھی کھار کہلاتی ہے ۔ (جناب حکیم شوکت اسلام صاحب)

جادو اثر تیل

ایک کلو تلوں کے تیل میں ستر گرام گندھک آملہ سار ڈال کر لوہی کی ترانتی سے آگ پر پکائیں تا کہ گندھک تیل میں اچھی طرح حل ہو جائے ۔پھر دو تولہ لونگ کپڑ چھان کر کے اس میں اس وقت ڈال دیں جب نیم گرم ہو اور ملا کر محفوظ کرلیں ۔کپڑے پر لگا کر زخم پر لگا دیں اور ہلکی ہلکی گرم ٹکور ایک گھنٹہ تک کریں دوسرے دن دوسری پٹی لگائیں ۔پانی کی طرح بہتا ہوا زخم خشک ہو جائے گا ۔

(جناب حکیم ظفر اقبال مدنی صاحب)

فالج ولقوہ

اگر سیاہ مرچوں کو پیس کر روغن میں ملا کر لقوہ کے مقام پر لیپ کیا جائے تو اس سے بہتر اور کوئی دوا نہیں ۔

(مجربات بنوریہ ۔ص:۲۸)

ناخن دوبارہ پیدا ہو جائیں

مہندی رطوبت فاسدہ کو خشک کر دیتی ہے ۔اگر کوئی شخص ۷ مثقال مہندی کا پانی نتھار کر دس روز تک پیا کرے تو جذام کا مرض ختم ہو جائے گا اور ناخن دوبارہ پیدا ہو جاتے ہیں ۔حدت اور ہیجان خون سنگ گردہ و مثانہ لے لیے بھی نہایت مفید ہے ۔

شوگر اور جریان

سم الفار ایک ماشہ۔کشتہ فولاد ڈھائی تولہ۔ہلیلہ بریاں ڈھائی تولہ۔تمام اشیاء کو کھرل کر کے نخودی گولیاں بنالیں۔ایک گولی دن میں چار بار قہوہ سے کھلائیں۔بے حد تیز اثرات کی حامل دوا ہے۔تمام رطوبتی امراض جیسے دمہ۔شوگر۔جریان کو آناً فاناً ختم کرتی ہے۔بے حد مصفی خون ہے۔چیچک اور خسرہ کے لیے بے حد فائدہ رساں ہے۔ (مجربات صابر۔ص:۵۵)

ہر قسم کے گندے زخموں کے لیے

ست پودینہ ۶ ماشہ۔کچلی پارہ ۲ تولہ۔ویزلین دس تولہ۔تینوں ادویہ کو اچھی طرح کھرل کرلیں اور تھوڑی سی مرہم مقام ماؤف پر لگائیں۔یہ ہر قسم کے گندے زخم۔ناسور۔بھگندر۔خارش۔داد۔پھوڑے پھنسیوں کے لیے بے حد مفید ہے۔ (مجربات صابر۔ص:۸۸)

شوگر

ہیرا کسیس ایک تولہ۔ہڑ زرد سوختہ ۳ تولہ۔دونوں کو سفوف بنا کر نخودی گولیاں بنالیں ۲۔۲ گولی تین وقت ہمراہ آب تازہ سے دیں۔

(مجربات صابر۔ص:۱۹۸)

پچکے گال

اصل السوس (مقشر ملٹھی) ۵ تولہ کا سفوف بنالیں مٹکے کے پانی سے صبح نہار منہ لیں۔پچکے گال۔دبلے پتلے جسم کو فربہ کرنے اور وزن کو بڑھانے کے لیے مفید ہے۔ (حلفیہ مجربات۔ص:۲۹۴)

گلقند بنانے کا طریقہ

گل گلاب سفید تازہ ایک کلو،چینی پسی ہوئی تین کلو۔دونوں کو اچھی طرح مل کر ایک ہفتہ دھوپ میں (شیشے کے مرتبان میں) رکھ دیں گلقند تیار ہے۔خشک کھانسی میں مفید ہے۔

روغن سم الفار

حسب ضرورت سنکھیا لیں اور اتنا ہی میٹھا سوڈا ملا کر دو چند پانی میں پکائیں جونہی پانی خشک ہوگا سنکھیا تیل میں تبدیل ہوجائے گا۔

نوٹ:بعض لوگ پانی خشک ہونے پر بھی گرم کرتے رہتے ہیں جس سے سب مواد خشک ہوجاتا ہے اور روغن برآمد نہیں ہوتا۔چاہیے تو یہ جب قوام گاڑھا مٹی کی طرح ہوجائے اتارلیں،سنکھیا تیل ہوجائے گا۔ (بکھرے موتی۔ص:۷۱)

موٹا ہونے کے لیے

دس دانے انجیر کے روزانہ کھائیں۔دبلا پتلا انسان بھی فربہ اور صحت مند ہوجاتا ہے۔ (بکھرے موتی۔ص:۱۵۸)

چہرے کی جھریاں ختم کرنے کے لیے

صبح سویرے سورج نکلنے سے پہلے ایک گلاس ٹھنڈا پانی پی لینے سے چہرے کی جھریاں ختم ہوجاتی ہیں۔ (بکھرے موتی۔ص:۱۵۹)

قبض اور دماغی کمزوری

رات کو گرم دودھ میں دو چائے کے چمچ روغن بادام ڈال کر پینے سے دماغی کمزوری جاتی رہتی ہے اور قبض کی شکایت بھی دور ہو جاتی ہے۔ (بکھرے موتی ص:۱۵۹)

اندرونی چوٹ لگ جائے تو

دودھ میں ہلدی ملا کر پی لیں (ایک گلاس دودھ اور ایک گرام ہلدی)۔ (بکھرے موتی ص:۱۵۹)

موٹاپا دور کرنے کے لیے

صبح نہار منہ ایک گلاس (تازہ) پانی میں (ایک) لیموں کا رس ملا کر پی لیا کریں۔

(بکھرے موتی ص:۱۵۹)

کسی بھی طرح کی گرمی کا اثر

گلوکوز کا بڑا ڈبہ اور ایک تولہ ست پودینہ ملا لیں۔نصف چمچہ تین وقت لیں اکسیر اعظم ہے۔کابوس کے لئے بھی اکسیر ہے۔

داد۔چنبل

نمک کا تیزاب روئی کے ساتھ ایک مرتبہ متاثرہ مقام پر لگا دیں خشک ہونے پر سرسوں کا تیل لگائیں ایک دن چھوڑ کر ایک دن یہ نسخہ استعمال کریں۔

خون کا نکلنا

خون نکلنے کی جگہ پر چائے کی پتی ڈال کر تھوڑی دیر دبا کر رکھیں خون بند ہو جائے گا ہاتھ ہٹا لیں خشک ہونے پر پتی خود بخود اتر جائے گی اور اس جگہ چوٹ کا نشان بھی نہ رہے گا۔

دست بند کرنے کے لیے

منقیٰ بیج سمیت اچھی طرح رگڑ کر چٹنی بنا لیں ایک گرام کی خوراک دیں ایک ایک گھنٹہ بعد کسی بھی قسم کے دست ہوں بند ہو جاتے ہیں۔

قہوہ

سونف۔مکو۔پودینہ ایک ایک تولہ کو ایک گلاس پانی میں ڈال کر اچھی طرح ابالیں نصف رہنے پر اتار کر چھان لیں۔صبح نہار یہ پی لیں ہر مرض کے لیے اکسیر ہے۔ (جناب حکیم نابینا رحمۃ اللہ علیہ)

نوٹ: مکو اور پودینہ سبز لے کر خود خشک کر لیں۔پنساری کے پاس ملنے والی یہ دونوں چیزیں اکثر کسی کام کی نہیں ہوتی۔

سفوف سڈول

ہلیلہ زرد کا چھلکا ایک پاؤ کو ایک پاؤ گھی میں بھون لیں۔اس میں ایک ایک پاؤ دھنیا اور سونف سفوف بنا کر ملالیں اور ہم وزن مصری ملالیں یا دیسی چینی۔ چھ ماشہ صبح و شام کھانا دافع قبض ہے۔مقوی بصر ہے۔خون کو صاف کرتی ہے جسم کو سڈول بناتی ہے۔

(مجربات حیات جلد اول۔ص:۷۷)

سردیوں کا تحفہ

بادام ایک کلو۔کھوپرا ایک پاؤ۔پھیکا ماوا آدھا کلو۔دیسی گھی آدھا کلو۔چینی آدھا کلو۔بادام اور کھوپرے کو موٹا موٹا کوٹ لیں۔ پھر بادام کو گھی میں بھون لیں۔اس کے بعد چینی دوسری سب چیزیں ملا کر حلوہ بنالیں۔نہایت ہی لذیذ اور مقوی دل و دماغ ہے۔

(جناب حافظ محمد حنظلہ مغل صاحب)

جھٹکے لگنا

سارے بدن یا صرف دماغ میں سوتے یا جاگتے ہوئے جھٹکے لگے ہیں۔ پانی کے ایک کپ میں سونے کی کوئی انگوٹھی وغیرہ ۲۱ مرتبہ گمائیں پھر وہ پانی دن میں تین مرتبہ پلائیں اکسیر ہے۔

آنکھوں کے جملہ امراض

سلطان الا شجار(سرس) کے تازہ نئے پتوں کا پانی اور عرق گلاب اعلی درجہ کا ہموزن ملالیں نظر کی کمزوری اور آنکھ کی خرابی کے لئے اکسیر اعظم ہے ایک ایک قطرہ دن میں تین بار ڈالیں۔

ہر مرض کے لیے

امرود یا وہ موسم جو جاری ہو اس کا پھل لے کر اس پر شہد ڈال کر صبح نہار منہ کھالیں تین دن اکسیر ہے۔

آنکھوں سے پانی کا آنا

بعض لوگوں کی آنکھوں سے پانی بہتا رہتا ہے اور وہ مختلف قسم کے سرمے استعمال کرتے ہیں لیکن فائدہ نہیں ہوتا اس کے لئے ۲۱ عدد بادام روزانہ چبالیا کریں۔اکسیر ہے۔بادام میں فاسفورس ہے۔(رات کو پانی میں بھگولیں صبح چھیل کر نہار منہ کھائیں)

قلّت شیر

زیرہ سفید حسب ضرورت باریک کرلیں اور اس کے ہموزن مصری ملالیں صبح و شام ایک ایک تولہ پانی سے دیا کریں دودھ بکثرت پیدا ہوگا۔

ہچکی کا علاج

معدے کی خشکی کی وجہ سے ہوتی ہے اور یہ الٹی کی ایک قسم ہے جسے الٹی روکنے والی کسی بھی دوا سے روکا جاسکتا ہے۔ایک تولہ بڑی الائچی بمعہ چھلکے سمیت کوٹ کر آدھا پاؤ پانی میں جوش دیں آدھا رہنے پر اتار لیں سرد ہونے پر پلائیں بفضلہ تعالیٰ حلق سے اترتے ہی ہچکی بند ہوجائے گی۔

موتی جھرا (خسرہ)

علامتیں (پسینہ کا زیادہ آنا۔کھانسی،بخار،سر درد،سانس کا پھولنا)

خوب کلاں (خاکسی)،عناب،منقیٰ،ہر ایک ۵۰ گرام،انجیر ۷ عدد،مصری ۱۰۰ گرام کی ۷ خوراک بنالیں ایک گلاس پانی ڈال کر مٹی کے برتن میں رات کو بھگو دیں اور صبح کو اُبال کر ایک کپ بنالیں اور مریض کو نہار منہ پلا دیں اُبلے ہوئے سامان میں دوبارہ پانی کا ایک گلاس ڈال دیں اور اسی طرح رات کو اُبال کر پلائیں اب اس سامان کو پھینک دیں اور رات کو دوسرا حصہ بھگو دیں اس طرح سات دن رات پلائیں موتی جھرا گر ہڈیوں میں بھی پھنسا ہوا ہوگا تو نکل جائے گا۔

ملیریا بخار

نمک لاہوری ایک ماشہ اور چینی دو ماشہ اچھی طرح پیس لیں یہ ایک خوراک ہے۔چڑھے ہوئے بخار میں پانی یا دودھ سے دیں تین مرتبہ دن میں دیں بخار اتر جائے گا۔صدہا مرتبہ کا تجربہ شدہ ہے۔

درد گردہ کمزوری سے

۱......دیسی گھی ایک چھٹانک میں آدھا تولہ سرخ مرچ ملا کر جلا لیں جب جل جائیں تب اتار کر چھان لیں اس گھی کا ایک چمچ پلائیں اکسیر ہے۔

۲......پھٹکڑی سفید بریاں کرلیں اور ایک رتی چالیس دن پانی سے کھلائیں،گردے کو اسٹیل کی طرح بنادے گا۔اور اگر گردے فیل ہوجائیں تو دوبارہ کام کرنا شروع کردیں گے،اکسیر ہے۔

ہڈی جوڑنے کے لیے

شنگرف رومی ایک تولہ۔پھٹکڑی سفید ۵۰ گرام دونوں کو کھرل کرلیں اور توے پر ڈال کر بریاں کرلیں،پھر سفوف بنالیں اور دو رتی تین وقت دن گرم دودھ سے دیں۔

دافع احتلام و جریان و لیکوریا

اسپغول کی بھوسی ایک چمچ صبح نہار منہ دودھ سے لیں اکسیر ہے۔

ہر مرض کے لیے

چھوٹی الائچی ،طباشیر،ست گلو ہموزن اوران کے ہم وزن گلوگوز ملالیں ۔نصف چمچ تین وقت دن میں شربت بزوری یا سادہ پانی سے لیں ۔

تریاق بے ہوشی

نمک لاہوری پانی میں حل کر کے مریض کے ناک میں دونوں طرف ایک ایک قطرہ ٹپکائیں فوراً ہوش میں آجائے گا خواہ بے ہوشی کی وجہ کچھ بھی ہو اور کتنا عرصہ کیوں نہ ہوگیا ہو۔

الرجک

سونف، پودینہ، ملٹھی ،اجوائن ہم وزن سفوف بنالیں ،کھانا کھانے سے پہلے نصف چمچ پانی سے لیں تین وقت ،ایک ماہ استعمال کریں اور تمام ترش اور بادی چیزوں سے پرہیز کریں ۔

بچوں کا سوکھتے جانا

روزانہ سرسوں کے تیل کی سارے بدن پر مالش کریں ، جائفل ۵۰ گرام ،چینی سو گرام سوہاگہ ایک ماشہ ان سب کا سفوف بنالیں اور ایک ایک رتی تین وقت دودھ سے دیں اکسیر ہے ۔

ڈیپریشن

ثابت اسپغول ایک چمچ صبح نہار منہ اور ایک چمچ عصر کے وقت پانی یا دودھ سے لیں ۔

ہاتھ اور پاؤں کے مسے

چونا پان والا اور کپڑے دھونے والا سوڈا ایک نمبر ہموزن ایک قطرہ پانی کا ڈال کر ملالیں اور مسے پر لگائیں جلا دے گا۔

کیسٹرول کم کرنے کے لیے

میتھی کے بیج ،بڑی الائچی ،پودینہ خشک ہم وزن سفوف بنالیں کھانا کھانے کے بعد نصف چمچ لیں اکسیر ہے ۔

آنکھ کی کمزوری

۹ عدد بادام رات کو پانی میں بھگودیں صبح چھیل کر ایک بادام کے ساتھ ایک عدد کشمش کا دانہ ملا کر چبالیں اس طرح سارے بادام کھائیں ۔ایک ماہ استعمال کریں اکسیر ہے ۔

پھیپھڑوں سے خون آنا

زہر مہرہ ،طباشیر، چھوٹی الائچی ،مصری ہموزن سفوف بنالیں نصف چمچ صبح و شام تازہ پانی سے لیں ۔

سانپ کاٹے کا علاج

ریوند چینی کا سفوف بنالیں ۲رتی تین بار دن پانی سے دیں زہر ختم ہو جائے گا۔

پتہ کی پتھری

آملہ، بہیڑہ، ہڑزرد ہر ایک دو تولہ کا سفوف بنالیں۔ ۴عدد کالی مرچ اور ۴عدد زرد کوڑی بھی پیس کر ایک بوتل لیموں کے رس میں ڈال دیں تین چمچ تین وقت پانی سے لیں اور اوپر سے خوب پانی پئیں دودھ اور گوشت والی تمام اشیاء بند رہیں گی ایک ماہ، اکسیر ہے۔

ہڈیوں کا درد اور ڈسک پرابلم

گوند ببول ایک پاؤ گوند کتیرا ۵۰۱ گرام دیسی گھی میں بریاں کرلیں اور سفوف بنالیں ایک چمچ دودھ سے لیں ۱۵یوم کے بعد فائدہ نظر آئے گا۔

دماغ اور پیٹ میں پانی کا بھر جانا

سنگجراح ایک پاؤ ایک سیر پھٹکڑی سفید میں رکھ کر گل حکمت کر کے دس کلو اوپلوں کی آگ دیں سرد ہونے پر نکال لیں اور سنگجراح کو پیس لیں ۲، ۲رتی کی خوراک صبح وشام پانی سے سات دن دیں اکسیر ہے۔

سر کی جوئیں

کافور کو سفوف بنا کر سرسوں کے تیل میں ملا کر سر کو لگائیں ۵ گھنٹے بعد سر کو دھولیں تین چار دن لگائیں سب مر جائیں گی۔

کان کا درد۔تلی کا بڑھ جانا اور زخم

ریوند عصارہ پانی میں گھول لیں کان میں دو قطرے ڈالیں درد بند ہو جائے گا۔ایک رتی کھلائیں بڑھی ہوئی تلی ختم ہو جائے گا۔ پانی میں گھول کر زخم پر لگائیں خشک ہو جائے گا۔

کان کی بھنبھناہٹ

ایک تولہ رتن جوت کوٹ کر ۵۰ گرام سرسوں کے تیل میں ملا کر گرم کرلیں جب تیل سرخ ہو جائے تو چھان لیں یہ تیل کان میں ایک ایک قطرہ ڈالیں تین بار دن۔

ذکاوت حس وسوزاک

سبز مہندی کے پتے ایک مشت پانی کی ایک بوتل میں ڈال دیں جب رنگ سرخ ہو جائے تو تین وقت ایک ایک کپ پلائیں اکسیر ہے۔

پیٹ کے کیڑے

اٹ سٹ (بسکھپرا) کو کوٹ کر پانی نکال لیں آدھا گلاس یہ پانی پلا دیں تین روز کسی بھی وقت، سب کیڑے مر جائیں گے۔

مقوی دل و دماغ

تیزابی چاندی، سیماب، شاخ مرجان ہموزن کھرل کر کے گھیگو ار میں گولی بنالیں دو سیپ میں بند کر کے گل کریں اور بیس کلو کی آگ دیں کشتہ ہو جائے گا۔ ایک رتی کی خوراک مکھن سے لیں۔

شربت املی و آلو بخارا

ایک کلو املی، ایک پاؤ آلو بخارا، چھ کلو پانی، تین کلو چینی، اس کا شربت بنالیں۔ اشتہا بے بہا کے لئے چار چمچ پانی کے گلاس میں ڈال کر تین وقت پئیں، اکسیر ہے۔

اکسیر مغلظ منی

تالمکھانہ، اسگندھ ناگوری، موصلی سفید، بہمن سرخ، گوکھرو، ہر ایک سو سو گرام مصری پانچ سو گرام تخم ریحان 250 گرام سب چیزوں کا سفوف بنالیں سوائے تخم ریحان کے اس کو ثابت ملالیں اور ایک چمچ رات کو دودھ سے لیں۔

چند مجربات زندگی

☆......لکڑی کی کسی چیز کو گھن لگ جائے اور اس گھن کی وجہ سے لکڑی میں سے پوڈر گرنے لگے تو مٹی کا تیل لکڑی میں اچھی طرح ڈال دیں کہ تر ہو جائے۔ گھن کے تمام کیڑے مر جائیں گے اور لکڑی محفوظ ہو جائے گی۔

☆......لوہے کی کسی بھی چیز سے زنگ اتارنے کے لیے نمک کا تیزاب لگائیں اور کسی کپڑے سے صاف کریں۔

☆......لوہے کی چیز کو زنگ سے محفوظ کرنے کے لئے اس کو اچھی طرح پانی سے دھو کر زنگ اتارلیں اور کپڑے سے خشک کر کے سرسوں کا تیل لگا دیں اور ہر دو تین ماہ بعد تیل لگا دیا کریں یا جب بھی استعمال کریں تو دھو کر خشک کر کے تیل لگا دیا کریں زنگ نہیں لگے گا۔

☆......شیشے یا چینی کے برتنوں کے داغ دھبے جو کسی چیز سے نہ مٹیں ان کو تیزاب لگا کر رگڑ دیں صاف ہو جائیں گے۔

☆......کیلے کھانے سے اگر بدہضمی ہو جائے تو ایک دو چھوٹی الائچی چبالیں فوراً ہی بدہضمی ختم ہو جائے گی۔

☆......الٹی کیسی ہی کیوں نہ لگ رہی ہو لیموں کا ایک قطرہ زبان پر نچوڑ دیں اور وقفے وقفے سے زبان پر نچوڑتے رہیں بند ہو جائے گی۔ اور اگر الٹی والا دل ہو رہا ہو تو وہ بھی بند ہو جائے گا۔

☆......پانی کی طرح بہتے ہوئے دست بند کرنے کے لئے انار کے چھلکے کا سفوف نصف چمچ تین وقت پانی سے دیں بند ہو جائیں گے۔

☆......بجلی کی استری گرم ہونے کی وجہ سے اس کی تار کو لگ جاتی ہے اور تار جگہ جگہ سے شارٹ ہو جاتی ہے۔ تار کو محفوظ کرنے کے لئے دھاگے کی خالی گٹیاں ساری تار پر چڑھا دیں تو یہ محفوظ ہو جائے گی۔

☆......نزلہ، زکام، گلے کا درد، کھانسی کے لئے آٹے میں سے نکلا ہوا چوکر ایک چمچ دو کپ پانی میں ڈال کر خوب گرم کریں کہ ایک کپ بچ جائے۔ تب اس کو چھان کر چینی ملا کر رات کو سوتے وقت پی لیں، اکسیر ہے۔

☆......ناریل زیادہ کھانے سے اگر معدہ میں جلن یا بھاری پن ہو جائے تو مصری کھائیں ٹھیک ہو جائیں گے۔

☆......مولی کھانے سے اگر جگر پر جلن ہو تو گڑ کھائیں، ٹھیک ہو جائے گی۔

☆......ساگ کھانے سے بدہضمی ہو تو موسمی کھائیں، ٹھیک ہو جائے گی۔

☆......سیب بغیر چھیلے ہوئے کھانے سے معدہ میں بھاری پن پیدا ہوتا ہے اور چھیل کر کھانے سے نہیں۔ اگر سیب معدہ میں بھاری پن پیدا کرے تو دار چینی چبائیں ٹھیک ہو جائے گا۔

☆......آم کی بدہضمی دور کرنے کے لئے دودھ یا لسی پی جائے۔ اور انگور کی بدہضمی دور کرنے کے لئے سونف چبائی جائے۔

☆......بعض لوگوں کے پاؤں میں سے پسینے کی بو آتی ہے ایسے لوگ گول بینگن کو کاٹ کر چار ٹکڑے کریں اور ایک کلو پانی میں ابالیں اس پانی سے پاؤں دھوئیں بدبو ختم ہو جائے گی اور اگر ایک ہفتہ روزانہ یہ عمل کر لیا جائے تو بدبو مکمل طور پر ختم ہو جائے گی۔

☆...... پیشاب کی جلن کو دور کرنے کے لئے مغز خربوزہ ایک تولہ کو رات کو پانی میں بھگو دیں صبح گھوٹ کر چھان لیں اور مصری ملا کر پی لیں، ایک ہفتہ کافی ہے۔

☆......بے خوابی کو دور کرنے کے لئے کدو شیریں کے بیج ایک تولہ کوٹ کر مصری ملا کر رات کو سوتے وقت روزانہ کھائیں۔

☆......موٹاپا دور کرنے کے لئے ایک چمچ شہد خالص نیم گرم پانی کے گلاس میں ملا کر استعمال کریں۔

☆......دبلا پن دور کرنے کے لئے دس عدد انجیر روزانہ کھائیں۔

☆......نظر کی کمزوری دور کرنے کے لئے سونف چھ ماشہ۔ مغز بادام سات عدد۔ مصری ایک تولہ ملا کر رات کو سوتے وقت دودھ سے کھائیں اس کے بعد پانی نہ پئیں۔ نظر تیز ہو جائے گی۔

☆......دمہ دور کرنے کے لئے برگ بانسہ جلا کر معروف طریقے سے نمک نکال لیں روزانہ ایک ماشہ پانی میں گھول کر پلاتے رہیں۔ عجیب دوا ہے۔

☆......مثانے کی کمزوری دور کرنے کے لئے (جس کی علامت یہ ہے کہ معمولی سی کھانسی سے بھی پیشاب کے قطرے نکل جاتے ہیں پچاس گرام سفید تل اور اس کے ہموزن مصری ملا لیں رات کو سوتے وقت ایک چمچ کھا لیں اوپر سے کچھ نہ پئیں۔ پندرہ دن کافی ہے۔

☆...... پرانے سے پرانے یرقان کے لئے پھٹکڑی خام ڈیڑھ تولہ سفوف بنا کر اکیس پڑیہ بنا لیں اور روزانہ ایک پڑیہ مکھن یا دہی میں رکھ کر کھلایا کریں۔ اکسیر ہے۔

☆...... بواسیر کے لئے گھوکھرو یعنی خار خشک جس کو عام لوگ بھکڑا بھی کہتے ہیں سفوف بنا لیں۔ چھ ماشہ خوراک تازہ پانی سے رات کو سوتے وقت لیں۔

تشخیص امراض

☆......اگر مریض ٹانگوں کو سکیڑ کر پڑا رہتا ہے تو یہ معدہ اور امعاء میں تکلیف کی نشانی ہے۔

☆......اگر مریض جلد جلد پہلو بدلے اور کسی پہلو آرام نہ لے اور مقام گردہ کو دبائے تو یہ درد گردہ کی علامت ہے۔

☆......سانس کا مریض بستر پر لیٹ نہیں سکتا بلکہ سانس کی تکلیف سے بچنے کے لئے اٹھ کر بستر پر بیٹھا رہتا ہے کیونکہ اس طرح دباؤ کم ہو جاتا ہے۔

☆......چہرے کا رنگ بہت پھیکا اور زرد ہو تو یہ کمی خون، ضعف جگر اور تلی کے بڑھ جانے کی علامت ہے۔

☆......قلب اور جگر کی بیماریوں میں چہرے سے وحشت اور مایوسی برستی ہے۔

☆......منہ سے زیادہ تھوک اور رطوبت کا بہنا مردوں میں خرابی معدہ، بدہضمی اور عورتوں میں حمل کی علامت ہے۔

☆......ذات الریہ (نمونیا) میں جس طرف کے پھیپھڑے کو ورم ہوتا ہے اس جانب کا رخسارہ سرخ ہوتا ہے۔

☆......بچوں میں رال بہنا دانت نکلنے کی علامت ہے۔

☆......منہ کی دونوں باچھوں میں سفیدی کا ظاہر ہونا مرض آتشک کی علامت ہے۔

☆......آنکھوں کے پپوٹوں کا متورم ہونا ورم گردہ کی علامت ہے۔

☆......شدت مرض میں انتہائی ضعف کی حالت میں ڈھیلے کے اوپر جانے کا ہونا حرارت عزیزی کے ختم ہونے اور قریب المرگ ہونے کی نشانی ہے۔

☆......اگر بچہ ناک کو زیادہ ملے یا نوچے تو اسے پیٹ کے کیڑوں کا مرض ہوتا ہے۔

☆......خرابی ہضم کی صورت میں ناک یا منہ سے بدبو آتی ہے۔

☆......قریب المرگ کی ناک ٹیڑھی ہو جاتی ہے۔

☆......ڈبہ اطفال میں بچہ کھینچ کر سانس لیتا ہے اور نتھنے پھول جاتے ہیں۔

☆......زبان پر سفیدی کی تہ جمی ہوئی ہونا سخت قبض کی علامت ہے۔

☆......بچوں میں گردن کا سوکھ جانا دق الاطفال (سوکڑا) کی علامت ہے۔

☆......رعشہ۔فالج اور سکتہ کے مرض میں مریض کے ہاتھ کانپتے ہیں۔

☆......جریان۔احتلام۔جلق۔کثرت جماع کے مریضوں میں ناخنوں کے پچھلے سفید ہلالی نشان پڑ جاتے ہیں۔

☆......ہچکی جگر کی خرابی یا بدہضمی سے ہوتی ہے۔

☆......عورتوں میں موٹاپا عموماً حیض کے بند ہونے سے ہوتا ہے۔

☆......امراض قلب میں سوجن پاؤں اور پنڈلیوں پر ظاہر ہوتی ہے۔صبح کے وقت زیادہ اور شام کو کم۔

☆......بچہ کا متواتر کھانسی کے ساتھ گریہ وزاری کرنا پسلی کے درد کو ظاہر کرتا ہے۔

☆......بچہ کے سانس میں خرخراہٹ کی آواز اور کھانسی ہونا پسلیوں کے اندر سانس کے ساتھ گڑھا پایا جانا بچہ کے ذات الریہ (نمونیہ) میں مبتلا ہونے کی شہادت ہوتی ہے۔

☆......رونے کے ساتھ بچہ کا مٹھیوں کو بند کر کے آنکھوں پر رکھنا یا منہ میں لینا اور ٹانگوں کو پیٹ کی جانب سکیڑنا بچہ کے درد شکم میں مبتلا ہونے کی طرف اشارہ کرتا ہے۔

☆......اگر قلب اور پھیپھڑے کے امراض کی وجہ ہے تو آماس پاؤں سے شروع ہوتا ہے اور بتدریج اوپر کو ترقی کرتا ہے اور جب یہ مرض گردوں کی خرابی کے سبب ہو تو ورم پہلے پپوٹوں اور چہرہ پر ظاہر ہوتا ہے۔

☆......کسی عورت کے ہاتھوں میں زیادہ پسینہ آنا اور ران کا ٹھنڈا رہنا اس کے سیلان الرحم میں مبتلا ہونے کی طرف اشارہ کرتا ہے۔

☆......چھینکیں آنا۔ آنکھوں سے پانی بہنا۔ ان میں سرخی وتری پایا جانا اور بخار کا تیز ہونا۔ ناک اور گلے کا سرخ ہونا اور کھانسی کا ہونا یہ سب علامات خسرہ کی ہیں اور تین چار روز بعد ابتداً چہرے اور گردن و بازوں پر چھوٹے چھوٹے سرخ دانوں کا نمودار ہونا اور بعد میں تمام جسم پر پھیل جانا مذکورہ مرض کا ثبوت ہوتا ہے۔ (کنزالتشخیص۔ص:۱ تا ۵۰)

مآخذ

۱......تشریح فارما کو پیا بالمفرد اعضاء مرتبہ حکیم محمد عارف دنیا پوری
یٰسین دواخانہ و طبی کتب خانہ۔ ریلوے روڈ۔ دنیا پور۔ ضلع لودھراں۔ 03017501019

۲......گھر کا علاج مرتبہ حکیم محمد عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ
ادارہ مطبوعات سلیمانی۔ رحمان مارکیٹ۔ غزنی اسٹریٹ۔ اردو بازار لاہور۔

۳......پیٹنٹ ادویات و پوشیدہ طبی راز مرتبہ حکیم نور محمد چوھان
مکتبہ رفیق روزگار۔ 10/A پیر مکی شریف، راوی روڈ، لاہور نمبر: ۲

۴......عورتوں کے امرض اوران کے علاج مرتبہ حکیم نور محمد چوہان
مکتبہ رفیق روزگار۔ 10/A پیر مکی شریف، راوی روڈ، لاہور نمبر: ۲

۵......سادھوؤں، سنیاسیوں اور جوگیوں کے مجربات مرتبہ ڈاکٹر ایس پی مہتہ
ادارہ مطبوعات سلیمانی۔ اندور رحمان مارکیٹ۔ غزنی اسٹریٹ۔ اردو بازار لاہور

۶......خزینۃ المجربات مرتبہ پنڈت کرشن کنور دت شرما
ادارہ مطبوعات سلیمانی۔ اندور رحمان مارکیٹ۔ غزنی اسٹریٹ۔ اردو بازار لاہور

۷......راز الا طباء مرتبہ حکیم محمد عبدالرحیم جمیل
ادارہ طبیب حاذق۔ شاہدولہ روڈ۔ گجرات

۸......پچاس صدری مجربات مرتبہ وید جگن ناتھ
ادارہ مطبوعات سلیمانی۔ اندور رحمان مارکیٹ۔ غزنی اسٹریٹ۔ اردو بازار لاہور

۹......طبی صندوقچہ مرتبہ حکیم محمد عبدالرحیم جمیل
ادارہ طبیب حاذق۔ شاہدولہ روڈ۔ گجرات

۱۰......ماہنامہ عبقری (اپریل 2017) ایڈیٹر حکیم محمد طارق محمود چغتائی صاحب
مزنگ چونگی لاہور

۱۱......مجربات حکمائے پاک وہند مرتبہ حکیم محمد اسمٰعیل امرتسری
ادارہ مطبوعات سلیمانی۔ رحمان مارکیٹ۔ غزنی اسٹریٹ۔ اردو بازار۔ لاہور

۱۲......گلدستہ مجربات مرتبہ حکیم الٰہی بخش فیروز پوری

مکتبہ خزینہ حکمت ۔ ۹۳ میکلوڈ روڈ ۔ لاہور

۱۳......رسالہ سونف　　مرتبہ　　کویراج جگن ناتھ وئیدوا چپتی
ادارہ مطبوعات سلیمانی ۔ رحمان مارکیٹ ۔ غزنی اسٹریٹ ۔ اردو بازار ۔ لاہور

۱۴......کنزالتشخیص　　مرتبہ　　حکیم محمد رفیق حجازی
شیخ بشیر احمد اینڈ سنز ۔ اردو بازار ۔ لاہور

۱۵......کمزوری اور نامردی کا شرطیہ علاج　　مرتبہ　　حکیم محمد عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ
ادارہ مطبوعات سلیمانی ۔ رحمان مارکیٹ ۔ غزنی اسٹریٹ ۔ اردو بازار ۔ لاہور

۱۶......کنزالا طبّاء　　مرتبہ　　حکیم محمد عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ
ادارہ مطبوعات سلیمانی ۔ رحمان مارکیٹ ۔ غزنی اسٹریٹ ۔ اردو بازار ۔ لاہور

۱۷......حلفیہ مجربات　　مرتبہ　　حکیم محمد عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ
ادارہ مطبوعات سلیمانی ۔ رحمان مارکیٹ ۔ غزنی اسٹریٹ ۔ اردو بازار ۔ لاہور

۱۸......اَرزاں چٹکلے　　مرتبہ　　حکیم محمد عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ
ادارہ مطبوعات سلیمانی ۔ رحمان مارکیٹ ۔ غزنی اسٹریٹ ۔ اردو بازار ۔ لاہور

۱۹......خزینہ اکسیرات　　مرتبہ　　حکیم محمد عبدالرحیم جمیل
ادارہ طبیب حاذق ۔ شاہدولہ روڈ ۔ گجرات

۲۰......قاطع جریان　　مرتبہ　　حکیم بشیر احمد علوی
مکتبہ خزینہ حکمت ۔ ۲۳ میکلوڈ روڈ ۔ لاہور

۲۱......اسرار باہ　　مرتبہ　　حکیم بشیر احمد علوی
مکتبہ خزینہ حکمت ۔ ۲۳ میکلوڈ روڈ ۔ لاہور

۲۲......رسالہ کچہ　　مرتبہ　　وید جگن ناتھ
ادارہ مطبوعات سلیمانی ۔ رحمان مارکیٹ ۔ غزنی اسٹریٹ ۔ اردو بازار ۔ لاہور

۲۳......کشتہ جات کی پہلی کتاب　　مرتبہ　　حکیم محمد عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ
ادارہ مطبوعات سلیمانی ۔ رحمان مارکیٹ ۔ غزنی اسٹریٹ ۔ اردو بازار ۔ لاہور

۲۴......مجربات بشیر　　مرتبہ　　حکیم نجیب خان
عثمان پبلی کیشنز ۔ جلال دین ہسپتال ۔ اردو بازار ۔ لاہور

۲۵......مقوی باہ اکسیری کشتہ جات مرتبہ پنڈت کرشن کنوردت شرما

ادارہ مطبوعات سلیمانی۔رحمان مارکیٹ۔غزنی اسٹریٹ۔اردو بازار۔لاہور

۲۶......ماہنامہ پیام صحت لاہور مرتبہ حکیم عبدالغفور عرشی

قادریہ شفاخانہ۔موڑ سمن آباد۔ملتان روڈ لاہور۔۲۵

۲۷......مجربات صابر مرتبہ حکیم بشیر احمد علوی

ادارہ مطبوعات سلیمانی۔رحمان مارکیٹ۔غزنی اسٹریٹ۔اردو بازار۔لاہور

۲۸......تیر بہدف مرتبہ حکیم محمد ظفر الدین ناصر

ادارہ مطبوعات سلیمانی۔رحمان مارکیٹ۔غزنی اسٹریٹ۔اردو بازار۔لاہور

۲۹......حلفیہ مجربات مرتبہ نعیم اختر ضیاء ایم اے

ادارہ طبیب حاذق۔شاہدولہ روڈ۔گجرات

۳۰......مجربات بنوریہ مرتبہ مولانا ڈاکٹر حبیب اللہ مختار شہید رحمۃ اللہ علیہ

مکتبہ بنوریہ، علامہ بنوری ٹاؤن کراچی

۳۱۔۔۔حکمت کے راز مرتبہ حکیم دیوان کاہن چند صاحب کپور پشاوریہ

۳۲۔۔۔شنگرف کے کرشمے مرتبہ حکیم بشیر احمد علوی

۳۳۔۔۔نئی جوانی مرتبہ پنڈت کرشن کنوردت شرما

۳۴۔۔۔تحفا طبیبن جا مرتبہ حکیم اعجاز حسین چانڈیو

۳۵۔۔۔ادویات باہ مرتبہ پنڈت ٹھاکردت شرما

۳۶۔۔۔بچوں کے امراض اوران کا علاج مرتبہ حکیم سیف اللہ سیکھیو

۳۷۔۔۔تحفہ لقمان

۳۸۔۔۔مردانہ قوت بڑھائیں

۳۹۔۔۔نئی جوانی

۴۰۔۔۔مجربات بوعلی سینا

۴۱۔۔۔جنسی امراض اوران کا علاج

۴۲۔۔۔عورتوں کے امرض اوران کے علاج

۴۳۔۔۔تحفہ طبیبن جا

۴۴۔۔۔میرا مطب معہ علم العلاج

۴۵۔۔۔گنج مخفی

۴۶۔۔۔مفتاح الخزائن

۴۷۔۔۔مجربات سلطانی

۴۸۔۔۔تیر بہدف

۴۹۔۔۔بکھرے موتی

۵۰۔۔۔مجربات حکمائے پاک وہند

۵۱۔۔۔کمزوری اور نامردی کا شرطیہ علاج

۵۲۔۔۔کشتہ جات مرتبہ جناب حکیم شاہ نور فیصل صاحب

مکتبہ الفصیل ۔رامپور یوپی انڈیا

۵۳۔۔۔خواص گھیگوار مرتبہ جناب حکیم محمد عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ

مکتبہ سلیمانی لاہور

۵۴۔۔۔گردے، ڈائیلسز اور پتھری کا سائنسی اور روحانی علاج مرتبہ جناب حکیم محمد طارق محمود چغتائی صاحب